شدہ سے نہیں ہے۔ لیکن یہ فرض کرکے کہ عدالت سشن کو رہائی بر ضمانت کا
اختیار حاصل تھا میری یہ بحث ہے کہ حکم عدالت سشن صحیح نہیں ہے۔
ملزم ایک چالاک شخص ہے اس نے گواہ کو خراب کر دیا اور اسی وجہ سے
مجسٹریٹ نے ضمانت منسوخ کر دی۔ مقدمہ قتل کا ہے اور ملزم کو ضمانت پر
رہا کرنے سے مقدمہ کے خراب ہوجانیکا قوی اندیشہ ہے حالات
مقدمہ کے لحاظ سے بھی ملزم ضمانت پر رہا نہیں ہوسکتا۔
نواب نظامت جنگ بہادر میر مجلس۔ تنقیح ضمانت کی درخواست بنا راضی حکم

مجازی ہے [illegible] فریق مجاز [illegible] کو فریق حقیقی [illegible] ۱۸۰ [illegible]

[illegible]

سرکار عالی [illegible] کارروائی [illegible]

کیا لزوم [illegible]

سابق کارروائی [illegible]

خان بہادر مولوی مرزا [illegible] صاحب رکن [illegible]

سے اتفاق ہے فقط

نگرانی فوجداری

باجلاس ہائی جناب نواب نظامت جنگ بہادر ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی
بیرسٹرایٹ لا میرمجلس و عالی جناب مولوی مفتی سید نور المصطفیٰ الدین
صاحب رکن۔

سدلنگپا — نگرانی خواہ

بنام

ستشنکرپا — طرفثانی

ضمانت۔ رہائی بر ضمانت۔ اختیار عدالت سشن نسبت رہائی بر ضمانت۔ مقدمات سپرد شدہ میں ملزم کو ضمانت پر رہا کرنے کا اختیار عدالت سشن کو مثل مقدمات مرافعہ مقدمات کمٹ شدہ میں ملزم کو رہائی بر ضمانت کا اختیار ہونا۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی دفعہ ۳۶۹۔

نگرانی بنا بر عدم تجویز مولوی محمد عبد الکریم صاحب ناظم صدر عدالت صوبہ گلبرگہ شریف مورخہ ۲ [illegible] مشعر اینکہ ملزم [illegible] اس کی ضمانت اور مچلکہ داخل کرے تو رہا کیا جائے۔

ایک خاص فریق پیدا کرنا مقصود ہے جیسا کہ ان مقدمات کے جو اپیل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور جو سپردگی سے متعلق ہیں اس بارہ میں دفعہ ۴۹۹ ضابطہ فوجداری صاف ہے جسکے لحاظ سے ایسا امتیاز قائم نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت سشن کا اختیار اس دفعہ سے عام اختیار شمار کیا جاتا ہے۔ بدین لحاظ نگرانی کے لیے کوئی وجہ قانونی باقی نہیں رہتی۔

حکم ہوا کہ

نگرانی نامنظور۔ فقط۔

نگرانی فوجداری

جلسۂ منقسمہ

باجلاس عالیجناب نواب سعد جنگ بہادر بیرسٹر ایٹ لا و عالی جناب مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب ارکان۔

سرکار عالی ذریعہ راؤجی — نگرانی خواہ

بنام

بھگونتا وغیرہ — طرفثانیان

نمبر مقدمہ ۲۵۷ سنہ ۱۳۲۷ ف
منفصلہ ۲۵ —
اسفندارمذ ۱۳۲۷ ف

اختیار۔ اختیار عدالت سشن نسبت تحقیقات مقدمات قابل تجویز سشن۔ سپردگی۔ سپردگی کے بغیر عدالت سشن کو اختیار تحقیقات نہ ہونا۔ فرد جرم۔ تنسیخ فرد جرم۔ حکم ترتیب فرد جرم۔ اختیار عدالت العالیہ نسبت ترتیب یا تنسیخ فرد جرم۔

نگرانی بربنائے تحریک مولوی وزیر الدین صاحب ناظم عدالت ضلع گنجوٹی علاقہ پائیگاہ نواب مرحوم خورشید جاہ مرحوم مورخہ ۲۵ مہر سنہ ۱۳۲۷ ف منشاء اینکہ ملزمین بعلت عدم ادائی ضمانت محبس بلدہ میں تھے مگر ناظر عدالت نے بتاریخ ۲۳ مہر سنہ ۱۳۲۷ ف مہتمم صاحب محبس بلدہ کی خدمت میں لکھدیا ہے کہ صرف ہفتہ بھر کے لیے ملزمین زیر حوالات کو رہائی دی جائے۔

سرکار عالی بنام شنکریا

مصدرہ عدالت سشن اس بیان سے کیجاتی ہے -

(۱) عدالت سشن کو قانونا یہ اختیار حاصل نہین ہے کہ بہ پرورشدہ مقدمہ کے استماع کے قبل ضمانت پر ملزم کو رہا کرے -

(۲) اگر ایسا اختیار ہو بھی تو اوس کو بلا لحاظ حالات مقدمہ ہذا صحیح طور سے عدالت سشن نے استعمال کیا ہے -

عذر اول کی نسبت ہماری رائے یہ ہے کہ دفعہ ۴۹۸ ضابطہ فوجداری نے عدالت سشن کو عام اختیار دیا ہے جو صرف اون صورتون پر محدود نہین ہے جو مرافعہ مین پیش آتی ہیں بلکہ یہ اختیار عدالت سشن نہ صرف بصیغہ مرافعہ یا اون مقدمات مین استعمال کرسکتی ہے جن کا مرافعہ اوس مین کیا گیا ہو بلکہ اون مقدمات مین بھی جو اوس کے سامنے کمٹ ہوکر آئین - یا جو ابھی اوس کے سامنے نہ آئے ہون بلکہ مجسٹریٹ کے اجلاس پر تحقیقات ہون - دفعہ مذکور کی یہ عبارت "مجلس عالیہ عدالت یا عدالت نظامت سشن ہر مقدمہ مین خواہ اوس مین تجویز سزا کا مرافعہ ہوسکتا ہو یا نہین ملزم کو جو کہ بری کرنیکا یا ضمانت کی کمی کا حکم دیسکے گی" اس کی تعبیر عدالتہائے ہند مین وسعت کیساتھ کیگئی ہے (۱۵ الہ آباد لاجرنل صفحہ ۱۰۱) اور دی ہے جو ہمنے اوپر ذکر کیا ہو اس لحاظ سے نگرانخواہ کا عذر اول ناقابل منظوری ہے -

عذر دوم کی نسبت ہم کو کوئی وجہ یہ باور کرنیکی نہین بتائی گئی ہے کہ عدالت سشن نے بے احتیاطی یا بلاکافی غور کے اپنے اختیار کو کام مین لایا ہے اسوجہ سے ہم عدالت سشن کی تجویز کو منسوخ کرنے کی ضرورت خیال نہین کرتے -

حکم ہوا کہ

درخواست نگرانی نامنظور -

مولوی مفتی سید نورالضیاء الدین صاحب رکن ۔ عدالت سشن نے ملزم قتل کو ضمانت پر رہا کیا ہے جس کے برخلاف یہ نگرانی ہے کہا جاتا ہے کہ جب مقدمہ کمٹ ہوکر سشن مین آجائے تو ضمانت پر رہائی کا حکم عدالت سشن نہین دیسکتی ہے اس بیان سے

سرکار عالی
بنام
بگو اپتا

سرکار۔ ... ے یہ التماس ہے کہ ابتداءً از قتل مجلس پائیگاہ مین صیغہ تنقیح
نہیں پہنچی تھی۔ نہ عدالت نے بعد سپردگی مجلس پائیگاہ کیا تھا بلکہ ملزمین
کو شہادت صفائی پیش کرنے کی وجہ سے رہائی دی تھی عدالت ضلع کی یہ
کارروائی تحت دفعہ ۲۲۳ ضابطہ فوجداری نہیں لائی جا سکتی۔ کیونکہ نہ فرد
جرم سنائی گئی نہ شہادت صفائی لی گئی۔ اگر ابتداءً از قتل مجلس پائیگاہ مین
نہ جاتی یا کوئی کارروائی عدالتی مجلس پائیگاہ مین نہ ہوئی ہوتی تو عدالت
ضلع حسب دفعہ ۲۸۱ مجموعہ ضابطہ فوجداری کوئی حکم مقتضائے عدالت و
انصاف صادر کر سکتی۔ لیکن مجلس پائیگاہ سے فرد جرم سنانے کے بعد ملزمین
کو شہادت صفائی پیش کرنے کا موقع دیا جا چکا ہے اسلئے عدالت ضلع
کی وہ حیثیت باقی نہیں ہے کہ وہ مجلس پائیگاہ کی مرتبہ فرد جرم کو منسوخ کر کے
یا حسب دفعہ ۲۸۱ ضابطہ فوجداری کوئی مناسب حکم صادر کر سکے ایسی حالت
مین اصل مقدمہ مجلس عالیہ عدالت مین پیش کر کے استدعا کی جاتی ہے۔
کہ جو ہدایت فرمائی جائے اس کے مطابق عمل کیا جائے گا بجواب استصواب
حکام عالیمقام جلسہ متفقہ نے حسب ذیل تجویز صادر فرمائی۔

مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب رکن۔ صاحب ضلع کو جواب دیا جائے
کہ اس مقدمہ مین بیجا طوالت ہوئی۔ جس کی وجہ سے ایک حد تک قانونی الجھاؤ کا رفع
کرنا لازم خیال کیا جاتا ہے مولوی مخدوم حسینی صاحب کے غیر قانونی طریقہ پر مثل کے
جلسہ متفقہ مجلس پائیگاہ مین بھیجدینے سے اوس جلسہ کے لئے تصور اوس جلسہ متفقہ کا
پیدا نہیں ہو سکتا۔ جسکا ذکر دفعہ ۲۲۳ ضابطہ فوجداری مین ہے اس لیے اوس جلسے نے
جو کچھ کارروائی کی۔ وہ عدالت غیر مجاز کی متصور ہوگی۔ اگر بلحاظ اقتدار اوسکی حیثیت سشن
کی فرض کی جا سکتی تب بھی عدالت سشن کو بدون سپردگی اس تحقیقات کا منصب بروئے
ضابطہ حاصل نہونے کے سبب سے کل کارروائی بے نتیجہ متصور ہوتی مولوی لطف اللہ
صاحب حاکم عدالت سشن کو بروئے دفعہ ۳۶۱ ضابطہ یہ اختیار تھا کہ وہ ملزم کو جواب کا

سرکار عالی
بنام
بھگونتا

تجویز ہوئی کہ (۱) مقدمات قابل تجویز سشن میں عدالت متعلقہ کو بغیر
سپردگی تحقیقات کا منصب حاصل نہیں ہے۔

(۲) فرد جرم کا منسوخ کرنا یا ترتیب فرد جرم کا حکم دینا عدالت العالیہ کے
اختیار میں ہے۔

واقعات مقدمہ یہ ہیں کہ ۲۸ خورداد ۱۳۲۳ف کو حضور نظام کا بیان بابت
قتل عمد زیر دفعہ ۲۱۱ تعزیرات سرکار عالی عدالت فوجداری نظامت کوتوالی علاقہ
پائیگاہ دسمر خورشید جاہ مرحوم میں کیا گیا۔ عدالت ضلع نے شہادت پیش کردہ
پولیس کو ناکافی قرار دے کر ملزمین کو رہا کر دیا۔ اور احتیاطاً فرد کارروائی میں
یہ بھی تجویز کر دی کہ مجلس پائیگاہ میں مثل رجوع کیا جائے ۱۰ اور ۲۵ اسفندار ۱۳۲۳ف کو جلسہ
منعقدہ مجلس پائیگاہ نے بحوالہ دفعہ ۳۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری فیصلہ ضلع کو منسوخ
کر کے مثل عدالت ضلع میں اس ہدایت سے واپس کی کہ ملزمین کا بیان استفساری
اور ورثاء مقتول اور ڈاکٹر کی شہادت قلمبند کی جائے اور فرد جرم مرتب کر کے
شہادت صفائی لینے کے بعد مثل بصیغہ تصحیح مجلس پائیگاہ میں واپس کیا جائے۔
بہ تعمیل حکم بالا عدالت ضلع نے مکرر تحقیقات آغاز کی۔ لیکن بوجہ تعویق مجلس
پائیگاہ نے مثل طلب فرمائی اور روبکار موجودہ عدالت ضلع کی بنا پر ملزمانیا
کو زیر دفعہ ۳۰۲ تعزیرات سرکار عالی (سابقہ) فرد جرم سنائی۔ اور ملزمین کو تنقیح کر کر
اور صفائی کا موقع دیا۔ قبل اس کے کہ کارروائی مکمل ہو آبان ۱۳۲۳ف میں علاقہ
پائیگاہ میں عدالت سشن کا تقرر عمل میں آیا۔ اور کل امثلہ عدالت سشن میں
منتقل ہو گئیں۔ ۲۲ آبان ۱۳۲۴ف کو سشن جج نے مثل عدالت ضلع میں بھیج
اس ہدایت کیساتھ واپس کی کہ عدالت سشن اسوقت تک مقدمہ کی سماعت
نہیں کر سکتی جب تک مقدمہ کسی عدالت سے سشن سپرد نہ کیا جائے
لہذا اس واسطے مراتب ضروری یہ ترتیب شہادت سپرد کیا جائے ورنہ کارروائی ضابطہ
عمل میں لائی جائے بعد واپسی مقدمہ عدالت ضلع نے مجلس عالیہ عدالت

گوپا چندر راؤ		**طرف ثانیہ**

نفقہ۔ نفقہ والدہ علاتی۔ عدم جواز حکم ادائی نفقہ بہ والدہ علاتی۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی دفعہ ۴۸۱۔

تجویز ہوئی کہ لفظ "والدین" موقوعہ دفعہ ۴۸۱ ضابطہ فوجداری سے مراد والدین حقیقی ہیں۔ والدہ علاتی کو اس دفعہ کے تحت میں نفقہ دئے جانے کا حکم نہیں دیا جا سکتا۔

طرف ثانی نے عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ میں اپنے علاتی فرزند نگرانی خواہ کے مقابلہ میں حسب دفعہ ۴۸۱ مجموعہ ضابطہ فوجداری نفقہ پانے کی درخواست پیش کی۔ منجانب نگرانی خواہ عذر یہ کیا گیا کہ والدہ علاتی کو اس دفعہ کے تحت میں نفقہ پانیکا استحقاق نہیں ہے۔ عدالت نے یہ قرار دیا کہ منشاء قانون کا وہ ذمہ داری ہے جو بقائے بنی نوع انسان کے لیے سرپرست کو برداشت کرنی چاہیئے۔ قانون اخلاق کی رو سے گھر کا مالک اپنے زیر پرورش ایسے ارکان خانہ کی نگہداشت کا ذمہ دار ہے جو خود اپنی خود نگہداشت نہیں کر سکتے۔ اور اپنی ذات کو ہلاکت سے نہیں بچا سکتے۔ مقدمہ ہذا میں گھر کا مالک مدعیہ کا شوہر فوت ہو گیا اسکی وفات پر اسکا فرزند قائم مقام قرار پایا۔ اور مکان اور اثاثہ پر قابض ہوا۔ ایسی حالت میں وہ علاتی ماں کے نفقہ سے سبکدوش نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وہ ایک ہندو خاندان کی عورت ہے اور بظاہر نکاح ثانی بھی نہیں کر سکتی۔ اور اس کے لیے ذریعہ پرورش مفقود ہے جبکہ بیٹا مالک مکان کا ہوا تو مقتضائے انصاف اور داعیہ عقل یہ ہے کہ وہ اپنی والدہ کی پرورش بھی کرے۔ لہذا ثبوت اس امر کا پیش ہو کہ آیا مدعی علیہ (نگرانی خواہ) کافی استطاعت پرورش رکھتا ہے یا نہیں اور مدعیہ اپنی پرورش کر سکتی ہے یا نہیں اور اس خاندان میں نکاح ثانی ہوتا ہے یا نہیں۔

موقع دیگر بیروگی کا حکم صادر کرتے مگر معلوم ہوتا ہے کہ نہ اونہوں نے اسطرف التفات کیا جسکی ضرورت دفعہ محولہ مین بتلائی گئی ہے اور نہ اوسکا خیال رکہا کہ موجودہ فرد جرم اور اوسکے متعلق کارروائی جو محکمہ مجلس پائیگاہ کا ذخیرہ عمل ہی کیا اثر رکہتا ہے یعنے اوس کی موجودگی مین دفعہ ۳۶۱ ضابطہ فوجداری پر کاربند ہونا ممکن تہا یا نہین - فرد جرم کا منسوخ کرنا یا ترتیب فرد جرم کا حکم دینا عدالت عالیہ کی اختیار مین رکہا گیا ہے بہتر ہوتا اگر وہ حسب منشاء دفعہ ۴۹۲ اوس کام کو انجام دیتے جس کی جانب انکی طرف سے اشارۃً توجہ دلائی گئی درحقیقت مولوی لطف اللہ صاحب کے حکم کو ضابطہ کی شکل مین باقی رکہنے کیلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ کل کارروائی جسکا آغاز مخدوم حسینی صاحب کے بیروگی شل سے ہوکر مجلس پائیگاہ کے ترتیب فرد جرم پر ختم ہوا معدوم و بے اثر قرار دیجائے - اس تقدیر پر یہ مقدمہ اپنے نوبت اصلی پر آجاتا ہے اور آپ حسب ضابطہ کارروائی کرنے کے بعد اپنے اختیار و انصاف کو کام مین لا سکتے ہین - نواب سعد جنگ بہادر رکن مجہے اس تجویز سے اتفاق ہے -

نگرانی فوجداری

جلسہ متفقہ

باجلاس عالیجناب نواب نظامت جنگ بہادر ایم - اے - ایل - ایل بی بیرسٹرایٹ لا میر مجلس و عالیجناب نواب سعد جنگ بہادر بیرسٹرایٹ لا رکن

گوپا وینکٹا راییا . نگرانیخواہ

بنام

نمبر مقدمہ ۲۰۸ سنہ ۱۳۲۷ ف
منفصلہ ۱۲ امر فرودی سنہ ۱۳۲۷ ف

نگرانی بنا راضی تجویز مولوی غلام محمد صاحب ناظم عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ مورخہ ۱۲ اربہمن سنہ ۱۳۲۶ ف مشعر اینکہ فریقین ثبوت پیش کریں کہ مدعا علیہ کافی استطاعت پرورش رکہتا ہے یا نہین اور اس خاندان مین نکاح ثانی ہوتا ہے یا نہین اور مدعیہ اپنی آپ پرورش کر سکتی ہے یا نہین -

[illegible] عورت کے [illegible] احکام متعلق کئے گئے ہیں جو اصلی والدہ کی صورت [illegible] [illegible] ہے تو یہاں بحث کی [illegible] ضرورت نہیں جو کچھ [illegible] ہے مگر یہ [illegible] والی صورت ہے [illegible] [illegible] [illegible] پرورش کو والدہ [illegible] کی [illegible] [illegible] کیا ہے [illegible] والدہ کے دیکھو [illegible] میں (عـلـه) تھوڑی دیر کیلئے اگر ایسا [illegible] دیتے ہے اس بنا پر معقول باور کیا جائے کہ وہ اوس عورت کے بطن نہیں ہے تب تبنیٰ کے بعد تو ہر حالت [illegible] انکار [illegible] رہا ہوگا۔ اس موقع پر اگر یہ کہا جائے کہ وہ مثل حقیقی فرزند کے ہو جاتا ہے اسلئے انکار نہیں کرسکتا۔ تب وہی شئے درپیش ہو جائے گی جسے مذہب نے کوئی فارق فرزند حقیقی و متبنّٰی فرزند اور فرزند علاتی کے درمیان اون احکام میں نہیں رکھا ہے جو خصوصیات فرزندی سے وابستہ ہیں جسکے بعد کوئی شئے اس مقدمہ میں منافی تسلیم استحقاق پرورش باقی نہیں رہتی۔ اس تقدیر میں عدالت تحت کی بحث کو قابل اعتراض قرار دیکر قبل از وقت بصیغہ نگرانی چارہ کار اختیار کرنا صحیح متصور نہیں ہوسکتا

حکم ہوا کہ

نگرانی نامنظور۔

نواب سعد جنگ بہادر رکن۔ مجھے جناب مفتی سید نور الضیاء اللہ صاحب کی رائے سے اختلاف ہے بعرف عام [illegible] حرمت کے مسئلہ کو مقدمہ زیر بحث سے متعلق کرنا صحیح نہیں ہے لفظ والدین کے معمولی اور سیدھے سادہ معنے یہ ہیں کہ والدین حقیقی۔ علاتی کو اس میں شریک کرکے والدین کے لفظ میں غیر معمولی وسعت پیدا کرنا درست نہیں ہے وکیل صاحب نگرانی علیہ نے

عـلـه اصل [illegible] ہے۔

گوہر بیگم بنام گوبند چند

منجانب مدعی علیہ - تجویز بالا کی ناراضی سے درخواست نگرانی
مجلس عالیہ عدالت [illegible] پیش کی گئی - اور ہر دو عالیجناب [illegible] نے بہ اختلاف آراء
حسب ذیل تجویز صادر فرمائی -

مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب رکن - اس نگرانی کا تعلق
دفعہ ۴۱۱ ضابطہ فوجداری سے ہے عدالت نے کوئی حکم نسبت تعین
نفقہ صادر نہیں فرمایا ہے [illegible] نگرانی خواہ یہ کہتے ہیں کہ جو بہ حیثیت فریق
کی ذیل عدالت سے [illegible] عدالت نے تسلیم کرلی تو ایک ایسی بناء کا تجویز میں آنا ظاہر
ہے کہ [illegible] اختیار کیا جاسکتا ہے ہماری رائے
یہ ہے کہ یہ امر اصول نگرانی کے تحت نہیں آسکتا - یہ کہنا دشوار ہے کہ
عدالت نے اختیار [illegible] قانونی طریقہ سے تجاوز کیا ہے - نفقہ طلب
کرنے والی عورت نگرانی خواہ کی والدہ علاتی ہے نگرانی خواہ کا مدعا یہ ہے
کہ اوسکی پرورش سے بری الذمہ قرار دیا جائے اسلئے کہ دفعہ ۴۱۱ میں والدین
کا ذکر ہے جس کے تحت میں علاتی والدہ داخل نہیں ہوسکتی - ہمکو اس مسئلہ کی
نسبت عدالت تحت کی رائے کا رجحان معقول معلوم ہوتا ہے اسلیئے کہ
ایسے عورتوں میں ہمیشہ عرف کا اطلاق مستعمل ہوا کرتا ہے اور ایسی عورت
جو باپ کی منکوحہ ہو والدہ ہی کے لقب سے پکاری جاتی ہے جیسے یہ
کہنا کہ جہاں دفعہ ۴۱۱ میں والدین کا ذکر ہے وہاں محض والدہ حقیقی
مراد ہے - ایسی عورت متعارف والدہ متذکرہ دفعہ محولہ داخل نہیں ہے
قابل تسلیم نہیں ہے دفعہ ۴۱۱ کا موضوع ہم جہاں تک غور کرتے ہیں فریضہ
اخلاقی نہیں ہے بلکہ خاصہ اخلاق ہے - جسکا درجہ فریضہ سے بلند ہے ممکن
ہے کہ ایک شخص کہہ سکے کہ یہ شئے اوسپر اخلاق نے فرض نہیں کی ہے
مگر خاصہ اخلاق اوسکو ایسے انکار سے باز رکھنے پر ضرور مجبور کریگا -
قانون مذہبی چونکہ اخلاقی دستور العمل تصور کیا جاتا ہے اسلئے ایسے عورتوں

نگرانی فوجداری

اجلاس کامل

باجلاس عالی جناب نواب نظامت جنگ بہادر ایم اے ۔ ایل ایل بی بیرسٹرایٹ لا
میر مجلس و عالیجناب مولوی سید سراج الحسن صاحب ایم ۔ اے ۔
ایل ایل ۔ ڈی ۔ بیرسٹرایٹ لاو عالیجناب مولوی
مفتی سید نور اللہ صاحب ارکان ۔

نمبر مقدمہ ۲۴۲ نگرانی فوجداری ۱۳۵۴ف ، ۱۰ ماہ خورداد ۱۳۵۵ف

رام پرشاد — نگرانی خواہ

بنام

سرتھ بانی وغیرہ — طرفثانیان

لاوارث ۔ جائداد لاوارث ۔ کارروائی متعلقہ جائداد لاوارث ۔ فرائض پولیس نسبت جائداد لاوارث ۔ جائداد لاوارث کی فہرست مرتب کر کے ناظم فوجداری کے پاس پیش کرنے کا لزوم ۔ عدم جواز عمل پولیس بلاحکم ناظم فوجداری ۔ غدرداری ۔ غدرداری متعلق بہ جائداد لاوارث ۔ عدم جواز تحقیقات غدرداری متعلق بہ جائداد لاوارث قبل سپردگی جائداد مذکور بہ عدالت ۔ قانون جائداد لاوارث دفعہ ۵ ۔

تجویز ہوئی کہ (۱) بروئے دفعہ ۵ قانون جائداد لاوارث پولیس کو لازم ہے کہ وہ جس جائداد کو لاوارث سمجھکر اپنے قبضہ میں لے اسکی فہرست مرتب کر کے فوراً ناظم فوجداری کے پاس پیش کردے ۔ اور بلاحکم ناظم فوجداری پولیس اس جائداد کے متعلق کوئی عمل کی مجاز نہیں ہے ۔

نگرانی بنا راضی تجویز مولوی عبدالصمد صاحب ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ مورخہ ۱۲ اسفندار ۱۳۴۶ف جس میں قرار دیا گیا کہ اگر کوئی شخص حقیت کی بناء پر اس جائداد کا دعویدار ہے تو اس کو عدالت دیوانی میں رجوع ہونا چاہیئے ۔ لہذا درخواست مخبر دینے غدرداری رام پرشاد خارج ۔

[illegible] بنام [illegible]

ایک نظیر پیش کی ہے۔ لیکن اوس کے حالات صورت زیر بحث سے مختلف ہیں۔ وہان صورت یہ تھی کہ جس پر ذمہ نفقہ کا بار عاید کیا گیا تھا وہ نفقہ دینے پر رضامند تھا۔ اور یہان ایسا نہیں ہے دیکھو نظیر مندرجہ دکن لا رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۲۹۹ پس میری رائے میں نگرانی لایق منظوری ہے

منجانب نگرانی خواہ مولوی محمد غلام اکبر خان صاحب وکیل۔
منجانب طرفثانیہ پنڈت کیشو راو صاحب وکیل۔

بوجہ اختلاف آرا، حکام مابینقام جلسہ منعقدہ اجلاس ثانی جناب نواب نظامت جنگ بہادر میر مجلس پیش ہوا۔ اور حسب ذیل تجویز باتفاق رائے عالیجناب نواب سعد جنگ بہادر صادر فرمائی گئی جو نافذ ہوئی۔

نواب نظامت جنگ بہادر میر مجلس۔ حکام جلسہ منعقدہ اس امر کی نسبت مختلف الرائے ہیں کہ دفعہ ۴۸۸ ضابطہ فوجداری کے منشا میں صرف حقیقی والدین داخل ہیں یا علاتی بھی اس سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

مجھے نواب سعد جنگ بہادر کی رائے سے اتفاق ہے کہ اوسکو حقیقی والدین پر محدود کرنا منشا ہے۔ مجسٹریٹ کو ایک خاص اختیار سماعت اس دفعہ کی رو سے فوری امداد کی غرض سے عطا کیا گیا ہے۔ اور جو ذمہ داری پرورش کی اس دفعہ کی رو سے عاید کی جاتی ہے اوسکی بنا محبت فطری اور وہ فرض ہے جو اوس سے پیدا ہوتا ہے جب اس دائرہ سے باہر جاکر حقوق اور ذمہ داریوں کے تصفیہ کی ضرورت ہو تو یہ سمجھنا چاہیے کہ مجسٹریٹ کا اختیار ختم ہو گیا۔ اور عدالت دیوانی کا اختیار سماعت شروع ہوا۔ ان وجوہ سے مین بھی اس نگرانی کو قابل منظوری قرار دیتا ہون۔

حکم ہوا کہ

نگرانی منظور۔ جو کارروائی مجسٹریٹ کے اجلاس پر پیش ہے ختم کردی جائے فقط۔

احمد اللہ صاحب وکلا۔

مثل مقدمہ اجلاس کامل مین پیش ہوا اور حسب ذیل تجویز صادر فرمائی۔

نواب نظامت جنگ بہادر میر مجلس۔ جلسہ متفقہ نے اس مقدمہ کو اجلاس کامل کے سپرد کیا ہے۔ گو بادی النظر مین غور طلب یہ مسئلہ ہے کہ اگر پولیس ... جائداد کو لاوارث سمجھکر اپنے قبضہ مین لیا ہو اور اوس کے بعد اوسکو معلوم ہوا کہ وہ جائداد لاوارث نہین ہے تو ایسی حالت مین وہ بلا اجازت عدالت اوس کو واگذاشت کر سکتی ہے یا نہین لیکن نگرانی دراصل اس امر پر مبنی ہے کہ ناظم فوجداری نے عذرداری کی سماعت سے انکار کیا ہے۔ مقدمہ ہذا کے واقعات یہ ہین کہ پولیس نے کارروائی شروع کی اور عدالت کو لکھا کہ فہرست جائداد مرتب کی جارہی ہے۔ نیز اطلاع عدالت فوجداری کو اوس وقت دیگئی جب عدالت نے بربنا درخواست مخبر پولیس کو لکھ بھیجا کہ اگر جائداد فی الواقع لاوارث ہے تو حسب ضابطہ کارروائی کیجائے۔

جن امور پر خاص توجہ کی ضرورت ہے وہ یہ ہین۔ عدالت کے لکھنے سے پہلے پولیس نے کارروائی شروع کردی تھی۔ عدالت کے لکھنے کے بعد یہ جواب دیا کہ فہرست مرتب کیجارہی ہے اور اس کے کچھ عرصہ کے بعد یہ اطلاع دی کہ چونکہ جائداد لاوارث نہین تھی چھوڑدی گئی۔ پولیس کی اس کارروائی کے جواز یا عدم جواز کا مسئلہ اس قدر زیر بحث ہے کہ جو عذرداری نگرانی خواہ نے عدالت فوجداری مین کی تھی وہ خارج کردی گئی ہے اور نگرانی خواہ یہان اس عذر کے ساتھ آیا ہے کہ عدالت فوجداری مجاز نہین ہے کہ پولیس کی ناجائز واگذاشت کی بناء پر عذرداری کو خارج کرے۔ جہان تک ہمنے واقعات پر غور کیا ہماری رائے مین جائداد ما بہ النزاع عدالت کے قبضہ مین آئی ہی نہیں ایسی حالت مین یہ نہین کہا جاسکتا کہ اوس کی نسبت کسی عذرداری کی تحقیقات عدالت کرسکتی تھی۔ اگر پولیس کو اسبات کا اطمینان ہوتا کہ جس جائداد کے متعلق اوسنے کارروائی شروع کی ہے۔ اور فہرست مرتب کیجارہی ہے۔ وہ حقیقت مین لاوارث ہے تو وہ فہرست کو عدالت مین بھیجکر جائداد مذکورہ کے لاوارث ہونے کی اطلاع دیتی۔

دم بہنشاد
نام
مرزا پالی

(۲) جبکہ جائداد لاوارث پولس سے عدالت مین آئی ہو تو اسکے متعلق
عدالت کو کوئی تحقیقات کرنے یا عذرداری کی سماعت کرنیکی مجاز نہین ہے

ایک شخص کندن لال نامی فوت ہوا اسکی جائداد کے متعلق پولس نے لاوارثی
کی کارروائی شروع کی اس کی بنا پر عدالت فوجداری مین مجبری کی گئی
کہ جائداد متوفی لاوارث ہے اور عدالت نے بھی پولس کو حکم دیا کہ جائداد
حسب تنقیح لاوارث ہے تو حسب ضابطہ کارروائی کی جائے پولس نے
اسکا جواب دیا کہ فہرست مرتب کی جارہی ہے عدالت مین بھی نگرانی خواہ
متہدنہ نندا کی جانب سے درخواست عذرداری خلاف مجبری اس عذر کیساتھ
پیش ہوئی کہ وہ کندن لال کا بیٹا اور وارث ہے پولس نے جائداد کو
لاوارث قرار دیکر جائداد کو واگذاشت کر دیا۔ اور عدالت نے بھی نگرانی خواہ
متہدنہ نندا کی درخواست عذرداری خارج کر دی۔ جسکی ناراضی سے عذردار نے
درخواست نگرانی طلب منعقد مجلس عالیہ عدالت مین پیش کی اور اجلاس
موصوف سے بر تجویز ذیل مقدمہ سپرد اجلاس کامل فرمایا گیا۔

مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب و ڈاکٹر سید سراج الحسن صاحب
ارکان متفق الراے۔ اس مقدمہ مین معلوم ہوتا ہے کہ قانون لاوارث
کے بعض دفعات زیر بحث ہین اور یہ مسئلہ بھی ہے کہ پولس سے جب مال
واگذاشت ہو جائے تو عدالت کو تصفیہ عذرداری تحقیقات کر کے کرنا چاہیئے
یا نہین اس سبب مناسب ہوگا کہ بصیغہ اجلاس کامل تجویز کی جائے حکم ہوا کہ
تاریخ ۸ خرداد ۱۳۲۶ف اول وقت یہ مقدمہ اجلاس کامل ارکان
ثلثہ مین پیش ہو فریقین مطلع کئے جائین۔

منجانب نگرانی خواہ مولوی محمد اصغر صاحب کونسل و مولوی محمد
غلام اکبر خان صاحب و مرزا محمد عمر صاحب وکلاء
منجانب طرفثانیان مولوی محمد ابراہیم صاحب فاروقی و مولوی

نگرانی خواہ بہ بحث پیدا کرتی ہے کہ استرداد مال کا اختیار اس مقدمہ میں کیا [illegible]
کا آغاز بحکم عدالت نہ ہوا ہو حاصل ہے یا نہیں ہے عدالت سے جو کارروائی ہو اور جس
صورت بنا پیشی [illegible] ہے اس سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ بغیر حکم عدالت کے پولس بطور خود
مال مسترد کر سکتی ہے کارروائی کے ملاحظہ سے اس امر کا اطمینان نہیں ہو سکتا کہ پولس
سے جو کچھ کارروائی ہوئی وہ بنا بر حکم عدالت ہوئی۔ اسی طرح عدم دارگی بابت جو
تعلق دفعات ۵۲۳ کا ظاہر کیا جاتا ہے وہ اتفاقی لحاظ سے ذیل تسلیم نہیں پایا جاتا۔
اس بنا پر یہ کہنا دشوار ہے کہ پولس نے منشاء حکم عدالت سے عدول کیا یا بہ تعلق دفعات
متذکرہ خارج الاقتدار کوئی کارروائی کی۔ پس نوبت موجودہ میں جو مال بر بنا تجنیت
عدالت میں آیا ہے اور اس کو دیگر ورثا کے وجود سے انکار نہیں ہے اس امر کا حق
ہے کہ عدالت دیوانی سے ڈگری حاصل کرے۔ نیز فوجداری کا یہ فریضہ نہیں ہے کہ
نزاع بین الورثہ کی صورت میں اپنی دست اندازی کو تحقیقاتی صورت میں برقرار
رکھے بدین لحاظ عدالت تحت نے جو تجویز کیا ہے وہ قابل اعتراض نہیں ہے ایک
نقل اسکی مثل نمبری ۲۴۲ سنہ ۲۶ ف میں شامل کی جائے۔

نگرانی فوجداری

مستغاثہ

باجلاس عالی جناب مولوی سید سراج الحسن صاحب ایم۔اے۔ایل۔ایل۔ڈی
بیرسٹرایٹ لاء معہ جناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب ارکان۔

نرسہوان راؤ — نگرانی خواہ

بنام

نمبر مقدمہ ۳ سنہ ۱۳۲۶ ف
فیصلہ ۲۶ سنہ ۱۳۲۶ ف
۲۵ خرداد

نگرانی بنا راضی تجویز مولوی غلام محمد صاحب ناظم عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ مورخہ ۱۲ آذر سنہ ۱۳۲۶ ف متضمن اینکہ مقدمہ متعلقہ از محکمہ تحصیل درج رجسٹر نمبر (۱) ہو کر تحقیقات کیا جائے۔

پیام پیشاد
بنام
سرکار

اور اوس کے بعد عدالت اشتہار جاری کر کے حسب ضابطہ کارروائی کرتی۔ لیکن ایسی نوبت ہی نہیں آئی۔ اس وجہ سے عدالت کا عذر داری نگرانی خواہ کی سماعت سے انکار بیجا نہیں ہے اور اوس مین بصیغہ نگرانی دست اندازی کی ضرورت نہیں ہے۔

دفعہ ۵ قانون جائداد لاوارث مین یہ حکم ہے کہ پولس کسی جائداد کو لاوارث سمجھکر اپنے قبضہ مین لے تو اوسکی فہرست مرتب کر کے فوراً ناظم فوجداری کے پاس روانہ کرے گی اور اس سے یہ نتیجہ نکالا جاتا ہے کہ تا حکم عدالت فوجداری وہ کسی مزید عمل کی مجاز نہیں ہے۔

دفعہ ۵ مین فہرست پیش کرنے کا لزوم ہے۔ مگر فہرست مرتب کرنے یا اوسکو مکمل کرنے سے پہلے اگر یہ معلوم ہوجائے کہ جائداد لاوارث نہیں ہے۔ تب بھی فہرست کی تکمیل لازم ہے یا نہیں اس کے متعلق قانون مین کوئی ہدایت نہیں ہے اور نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر فہرست مکمل نہ کی جائے تب بھی بلا حکم عدالت جائداد کو چھوڑ دینا ممنوع ہے۔ ایسی حالت مین اگر پولس کا عمل مقدمہ ہذا مین غیر صحیح ہو تب بھی چونکہ عدالت مین کوئی کارروائی شروع نہین ہوئی۔ اور جائداد عدالت کے قبضہ مین نہین آئی۔ ہم کو نگرانی منظور کرنے مین تامل ہے نگرانی خواہ کے لایق کونسل مسٹر محمد اصغر نے یہ بحث کی کہ عدالت کا معنوی قبضہ ہو چکا تہا۔ لیکن افسوس ہے کہ ہم واقعات کے لحاظ سے اس کو تسلیم نہین کر سکتے اور ہماری رائے مین ناظم فوجداری کی تجویز مین دست اندازی کی کوئی وجہ نہین ہے لہذا

حکم ہوا کہ

نگرانی نامنظور ہے

مولوی سید سراج الحسن صاحب رکن مجھے اتفاق ہے۔ اس کی ایک نقل دوسری مثل مین شریک کیجائے۔

مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب رکن۔ مجھکو اپنے شریک فاضل کی رائے سے اتفاق ہے اس مقدمہ مین بہ تعین دفعات (۵ و ۱۸) قانون لاوارث منجانب

اگر تحت دفعہ ضابطہ مذکور کوئی تجویز اس مقدمہ مین صادر کرنا چاہتے ہین تو اونکو لازم ہے کہ فریقین کو اطلاع دین۔ اون کے عذرات سماعت کرین۔ اور بعد تحریر وجوہ انتقال کوئی تجویز صادر کرین۔

مولوی سید محمد غلام جیلانی صاحب رکن۔ معلوم یہ ہوتا ہے کہ عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ مین ایک درخواست پیش ہوئی جسکا عنوان یہ تھا کہ مدعیان۔ رعایا موضع بیاتول بنام سیتارام چندر راؤ مقطعہ دار بیاتول علت ظلم و زیادتی مقطعہ دار بیاتول اور اوسپر بکثرت لوگون کے دستخطین تھین۔ اور مقطعہ دار کی شکایت تھی اور یہ لکھا تھا کہ متعدد مقدمہ رعایا اور ملازم مقطعہ دار مین دائر ہین جن مین سے کچھ عدالت فوجداری تحصیل مین چل رہے ہین۔ اور کچھ عدالت فوجداری ڈویژن نلگنڈہ مین دہ کل مثلین طلب کرکے اون مین مناسب تجویز کردی جائے۔

یہ ۲۴ اردیبہشت ۱۳۲۵ف کی درخواست تھی اسپر ۸ اردیبہشت ۱۳۲۵ف کو (غالباً اسی تاریخ درخواست مذکور پیش ہوئی تھی) عدالت فوجداری ضلع نلگنڈہ سے حکم ہوا کہ ۹ آبان ۱۳۲۵ف تاریخ پیشی مقرر کرکے فریقین طلب ہون۔ اور کل مثلین جنکا ذکر درخواست مین ذکر ہے عدالت ڈویژن اور تحصیل سے طلب کرلیے جاوین اس حکم سے تو نہین مگر اس حکم پر جو مراسلہ ۲۷ مہر ۱۳۲۵ف کو طلبی مثلہ کا جاری ہوا تھا اوسکو پیش کرکے ایک شخص بلاکنڈہ رام چندر راؤ نے ۸ بہمن ۱۳۲۶ف کو مجلس عالیہ مین نگرانی کی تھی جسکو جناب رائے بالمکند صاحب نے ۹ بہمن ۱۳۲۶ف کو نمبر پر لیا تھا مگر جلسہ منعقدہ مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی سے ۲۵ فروردی ۱۳۲۶ف کو یہ تجویز ہوئی کہ عدالت فوجداری ضلع کو کسی مثل کو عدالت ماتحت سے حسب دفعہ ۴۳۶ ضابطہ فوجداری طلب کرکے ملاحظہ کرنیکا بصیغہ نگرانی اختیار ہے۔ اور عدالت ضلع نے ابھی صرف مثل طلب کی ہے اور کوئی حکم انتقال مقدمہ وغیرہ کا نہین دیا ہے۔ کوئی وجہ بصیغہ نگرانی دست اندازی کی نہین ہے وہ ضلع کی اعلیٰ حاکم ہین۔ ممکن ہے کہ ایک درخواست پیش ہوئی گو وہ باضابطہ نہو لیکن انہون نے مناسب خیال کیا ہو کہ مثلین طلب کرکے دیکھین کہ عدالت ہائے ماتحت کی کارروائی۔

مقدمہ سوالی رام چندر بنام جلا ... (margin note)

حلیہ ناگائی — طرفثانی

انتقال مقدمہ۔ حکم انتقال مقدمہ۔ کارروائی بلا حکم انتقال مقدمہ۔ عدم جواز تحقیقات بلا صدور حکم انتقال مقدمہ۔ لزوم قلمبندی وجوہ انتقال مقدمہ۔ انتقال مقدمہ بلا اخذ جواب فریق ثانی۔ فریق ثانی کو انتقال مقدمہ کی بابتہ عذر کا موقع دئے جانیکا لزوم۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی۔ دفعہ ۴۹۶۔

ناظم ضلع نے ایک فریق کی درخواست پر چند مقدمات امرہ عدالت ڈویژن و تحصیل کی مثلین طلب کرکے حسب دفعہ ۴۹۶ ضابطہ فوجداری کوئی حکم انتقال مقدمہ صادر کرنیکے بغیر اپنے اجلاس پر کارروائی شروع کردی۔ بہ تحقیق نگرانی تجویز ہوئی کہ عدالت ضلع کی کارروائی غلط اور قابل تنسیخ ہے۔ بروئے دفعہ ۴۹۶ ضابطہ فوجداری اس کو لازم تہا کہ انتقال مقدمہ کی درخواست پیش ہونے پر فریق ثانی کو جواب کا موقع دیتے اور حسب ضابطہ بہ تحریر وجوہ حکم انتقال مقدمہ صادر کرنیکے بعد کارروائی کرتی۔

بجناب نگرانی خواہ راے بشیشور ناتھ صاحب وکیل۔

واقعات مقدمہ تجویز سے ظاہر ہین۔

مولوی سید سراج الحسن صاحب رکن۔ وکیل نگرانی خواہ حاضر۔ بحث سماعت ہوئی ہم نے مثل کو بغور ملاحظہ کیا۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ منجانب ملزمین ایک درخواست ناظم صاحب عدالت ضلع کے پاس بابت اسکے پیش ہوئی کہ جو مقدمات عدالت تحصیل و ڈویژن سرپاچیند مین دائر ہے ہین۔ وہ عدالت ضلع مین منتقل کر لیے جائین ناظم صاحب ضلع نے مثلہ طلب کرنے کا حکم دیا۔ بعد وصول مثلہ جو کارروائی عمل مین آئی اوس سے کہین ظاہر نہین ہوتا ہے کہ حسب دفعہ ۴۹۶ ضابطہ فوجداری حکم انتقال مقدمہ دیا گیا۔ اور نہ کوئی وجہ انتقال یا طلبی مثلہ تحریر کیگئی۔ اور نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ فریقین مقدمہ کو کوئی اطلاع دی گئی۔ ہم کو سوائے اسکے دوسری شکل نظر نہین آتی کہ جو کچھ کارروائی بیضابطہ عدالت ضلع سے ابتک ہوئی ہے اوسے کالعدم قرار دین۔ ناظم صاحب ضلع

فریق انتقال مقدمہ کا ارادہ ظاہر کرے تو وہ عدالت کیا کرے گی دفعہ ۴۹۹ مین انتقال
مقدمات کے متعلق سرکار کے اختیارات تفصیلاً بیان ہوئے ہین دفعہ ۴۹۹ مین یہ بتلایا ہے کہ
کن حالات مین اور کن مقدمات کو عدالت نظامت فوجداری ضلع منتقل کر سکے گی
اور عدالت موصوفہ پر بموجب ضمن (۳) دفعہ مذکور لازم کیا ہے کہ وہ حکم انتقال مقدمہ کے
وجوہ قلمبند کرے گی۔ یہ صاف صاف امور مین مجلس عالیہ عدالت کو کوئی موقع نہ تھا
کہ اون کے متعلق وہ یہ خیال کرتی۔ بہرحال عدالت نظامت فوجداری ضلع کا کوئی عمل کچھ
بھی اسکے خلاف ہوگا تاہم اوسنے نگرانی کو قبل از وقت خیال کر کے نامنظور تو کیا مگر احتیاطاً
یہ بھی لکھدیا کہ نگرانی خواہ کو اگر کوئی عذر ہو تو وہ پہلے عدالت موصوفہ مین حاضر ہوکر
عذر کرے اور پھر بھی اگر ضرورت ہو تو نگرانی کر سکیگا۔

اوس کے بعد اب یہ نگرانی پیش ہوئی ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عدالت
نظامت فوجداری ضلع نے مجلس عالیہ کے امیدون کے خلاف سراسر بیضابطہ عمل
کیا ہے اور مجبوراً یہ رائے قایم ہوتی ہے کہ احکام قانون پر نہین نظر کی گئی ہے۔
اور نہ اون کے بموجب عمل کرنے کی کوشش کی گئی۔ ورنہ بجز اس کے کہ کسی مجسٹریٹ ضلع
مین قانون فہمی کی قابلیت ہی نہ ہو (جسکی توقع کسی مجسٹریٹ سے ہرگز نہین ہو سکتی) ایسے
غلطیان نہین ہو سکتی ہین۔ ملاحظہ مثل سے معلوم ہوتا ہے کہ حکم مورخہ ۲۵ رجب ۱۳۲۵ف
صرف طلبی مثل کا بغرض ملاحظہ نہ تھا بلکہ وہ حکم انتقال مقدمہ کا تھا۔ اور اوس کے بعد جو تاریخ
پیشی مقرر ہوئی ہین اون سے معلوم ہوتا ہے کہ گو مختلف وجوہ سے ابھی تک کوئی تحقیقات
وغیرہ شروع نہ کی گئی ہو مگر وہ پیشیان ثبوت وغیرہ کے لینے کے لیے مقرر ہوئی ہین اور
وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیا گیا ہے اور انتقال مقدمات کے متعلق نہ کوئی تجویز
ہوئی ہے نہ کسی فریق کو اوس کے متعلق عذر و اعتراض کا موقع دیا گیا نہ ہر مقدمہ کی کارروائی
انتقال کے متعلق علیحدہ علیحدہ مثلین بنائی گئین ہین بلکہ ایک بیضابطہ مجموعی درخواست
(جو متعدد اشخاص کی تھی متعدد مقدمات کی نسبت جو تحصیل سرپاٹیہ اور عدالت فوجداری
ڈویژن ملگندہ مین دائر تھی) درخواست انتقال مقدمہ سمجھی گئی اور اوس پر جو حکم ۲۵

اور عمل کی کیا کیفیت ہے اور ایسی صورت مین جبکہ نوعاً اوس کا کسی عدالت کو اختیار رہو
اور کسی کے مضر کوئی کارروائی اور خلاف قانون نہ ہو عموماً مجلس عالیہ عدالت یا
کوئی ہائیکورٹ مناسب نہین خیال کرتی ہے کہ کوئی دست اندازی کرے اور اوس
وقت کے موجودہ روئداد بھی ایسے ہی تھی کہ متعدد اشخاص کی ایک درخواست متعدد
مقدمون مین تھی اوس کے متعلق جو مثل عدالت فوجداری ضلع نے مرتب کی تھی اوسکا
نمبر ۴۴ سنہ ۱۳۲۸ ف بصیغہ انتظامی تہا۔ ایک عدالت فوجداری ضلع کے ناظم کی نسبت
جوکہ مال کے اعلی عہدہ دار ہین اور اونکے فرایض کے لحاظ سے نہایت اہم ذمہ داریان
اون سے متعلق ہین عدالت فوجداری کی نظر سے تمام ضلع بھر اون کی حکومت
ہے سرکار عالی کے کثیر التعداد اور رعایا کے جان و مال و عزت کے محافظ ہین متعدد
مجسٹریٹ درجہ اول و دوم و سوم اون کے ماتحت و زیر نگرانی ہین ہرگز ایسے ناظم کے
متعلق یہ گمان نہین ہو سکتا تہا کہ وہ خود کسی بے ضابطگی کے مرتکب ہون گے یا قانون
اور ضابطہ سے اس درجہ تک نابلد و ناواقف ہون گے جس کی ایک ایسے شخص سے
بھی امید نہین ہو سکتی کہ جس نے کبھی ایک دفعہ بھی ضابطہ فوجداری پر سرسری نظر کی
ہو۔ ضابطہ فوجداری سرکار عالی مین باب ۳۸ انتقال مقدمات سے متعلق ہے۔
اوسمین کوئی ایسی پیچیدگی اور دقت بھی نہین ہے کہ جس کے سمجھنے اور اوسکے عمل
کرنے مین کسی کو اور خصوصاً ایک ناظم ضلع کو دشواری ہو باب مذکور مین دفعہ ۴۹۶ مین
صاف تبلا دیا ہے کہ انتقال مقدمہ کا اختیار عموماً مجلس عالیہ عدالت کو ہے اور
وہ اسباب اور وجوہ بہ تصریح تبلا دیے ہین کہ انتقال کسی مقدمہ کا جنہین ہو سکے گا۔
اور یہ بھی تبلا دیا ہے کہ ہر درخواست انتقال مقدمہ کی تائید مین دیجا سکے کہ وہ سرکار عالی
کے طرف سے پیش ہو ضرور ہوگا کہ بیان حلفی یا اقرار صالح ہو۔ ملزم کی طرف سے درخواست
ہونے کی صورت مین اگر ضرورت سمجھی جائے گی تو اوس سے مچلکہ یا ضمانت بغرض ادائی
مصارف پیروکار سرکار لی جائے گی۔ اور درخواست مذکور کی نقل پیروکار سرکار کو دی
جائے گی ضمن ۸ مین اوس عدالت تحقیقات کنندہ کی نسبت حکم ہے کہ جب کوئی

نمبر ۴ ۔ ۲۸
جلد ۱
جلسہ نگرانی

سرکار عالی ذریعہ بہادر دل خان وغیرہ　　مرافعہ علیہ

اقبال - قلمبندی اقبال - لزوم اطمینان نسبت اقبال بلا ترتیب یا تحریص یا خوف - قلمبندی اقبال بہ فارم مطبوعہ - عبارت مطبوعہ نسبت پابندی دفعات ۴۶۸ و ۴۶۹ ضابطہ فوجداری - عبارت مطبوعہ کے ذیل مین محض دستخط کا کافی نہ ہونا - مجموعہ ضابطہ فوجداری دفعہ ۴۶۸ و ۴۶۹ -

تجویز ہوئی کہ بروقت قلم بندی اقبال مجسٹریٹ کو لازم ہے کہ دفعات ۶۸ و ۶۹، ضابطہ فوجداری کی پابندی کا لحاظ رکھے اور اس امر کا اطمینان کرے کہ ملزم کسی ترغیب یا تحریص یا خوف کیوجہ سے تو اقبال نہین کر رہا ہے ایسے مطبوعہ فارم پر جنپر یہ چھپا ہوا ہو کہ دفعات متذکرہ صدر کی پابندی کی گئی اقبال قلم بند کرنا اور اس عبارت کے نیچے ناظم کا دستخط کر دینا کافی نہین ہے

مرافعہ اصالتاً حاضر -

منجانب مرافعہ علیہ مولوی میر محمد علی صاحب وکیل سرکار -

ضروری واقعات تجویز سے ظاہر ہین -

مولوی سید محمد غلام جبار صاحب رکن ۔ اس مقدمہ مین ملزم مرافعہ نے اظہار مستغیثان و بیبر و کار پولس کے بعد بیان استفساری مین اقبال جرم کیا ہے اور فرد جرم کے سننے کے بعد ہی اقبال کیا ہے اور اس وقت بھی ہمارے سامنے اقبال کر رہا ہے اس وجہ سے تجویز سزا مین تو کوئی وجہ دست اندازی کی نہین ہے - لیکن اقبال قبل عدالت اس مقدمہ مین نہایت ہی بیضابطہ طریقہ سے لکہا گیا ہے - سوال یہ لکہا ہے کہ کہا جاتا ہے کہ شیخ حسین کے کارخانہ سے بسولا وگین وغیرہ چورا کے مکان مین رکہا تھا - تمہارا کیا بیان ہے ؟ جواب "جی ہو رکہا تھا" اول تو اس اقبال مین اس کا مطلق ذکر نہین ہے کہ اہلکار پولس اس اقبال کے قلم بند کرنیکے وقت موجود تہا یا نہین اور اگر تہا تو وہ ہٹا دیا گیا تھا یا نہین - اور تصدیق بھی پوری طور سے حسب دفعہ

مہر ۱۳۲۵ف کو طلبی مثل کا دیا گیا تھا وہ تجویز انتقال مقدمہ کی ہے ہمنے اس تجویز مین جستہ جستہ اور جو کچھ واقعات کی صراحت کر دی ہے اوسکے بعد ہم نہین سمجھتے ہین کہ ہمکو کچھ اور عدالت ماتحت کے عمل اور کارروائی کی بیضابطگی اور حکم زیر نگرانی کے غلط اور خلاف قانون ہونے کی نسبت لکھنے کی ضرورت ہے بجز اسکے ہم کو ایک عدالت فوجداری ضلع کی ایسی کارروائی کے دیکھنے سے سخت افسوس ہوا اور اوس سے کچھ کم ہم کو افسوس اُس حسن ظن پر نہین ہوا کہ جسپر جلسہ متفقہ کا فیصلہ مورخہ ۲۲ فروردی ۱۳۲۵ف مبنی ہے اور جس کے ایک مجوز ہم بھی ہین گو ایک عدالت فوجداری ضلع کے متعلق اوس وقت اور جسکی بناء پر فیصلہ مذکور ہے مجلس عالیہ عدالت کا وہ حسن ظن کچھ بے موقع و محل نہ تھا اور یہ مجلس موصوفہ کا خیال کہ جو بیضابطگی اور غلطی کے بعد ظاہر ہوئی اوسکی عدالت موصوفہ سے امید نہ تھی کہ ہوسکے کچھ بیجا نہ تھا۔

پس منظوری نگرانی حکم زیر نگرانی منسوخ کیا جاتا ہے۔ اگر کسی فریق کو واقعی اور صحیح ضرورت انتقال مقدمہ کی ہو تو وہ اس کے لیے حسب ضابطہ درخواست عدالت مجاز مین کر سکیگا۔

نرسہوان پراد بنام سرکار عالی (حاشیہ)

مرافعہ فوجداری

جلسہ متفقہ

باجلاس عالی جناب مولوی سید محمد غلام جیلانی صاحب و عالیجناب خان بہادر مولوی مرزا حیدر جیون بیگ صاحب ارکان

پاپڈو — ملزم — مرافع

بنام

سرکار

نمبر مقدمہ ۱۱۸۷ سنہ ۱۳۲۵ف
منفصلہ ۲۱ بہمن ۱۳۲۶ف (حاشیہ)

مرافعہ بنا راضی تجویز مولوی محمد اسد اللہ صاحب صدیقی ناظم دوم عدالت فوجداری بلدہ مورخہ ۸ مہر ۱۳۲۶ف مشعر اینکہ بمقدمہ تحقیقات زیر دفعہ ۳۱۶ تعزیرات آصفیہ ورمقدمہ سرہیا دردل خان مستغیث زیر دفعہ ۳۱۷ تعزیرات آصفیہ ملزم چھ ماہ اور سال علی الترتیب ڈیڑھ سال قید با مشقت میں رکھا جائے۔

پیروی بنام سرکار عالی

شیخ حسین اور بہادر دل خان مدعیان کے ہان سے جو اشیاء ملزم نے سرقہ کئے تھے وہ دوران تفتیش مین مرافعہ گذار کی نشاندہی سے برآمد اور شناخت ہو چکے ہین روداد موجودہ مثل سے مرافعہ گذار سرقہ کا مجرم ہے۔

پس کوئی وجہ کافی عدالت ماتحت کی رائے سے اختلاف کی نظر ہے البتہ بیان ملزم قبل چالان باقاعدہ طور پر قلمبند نہین ہوا ہے اور نہ سوال کے ساتھ ملزم کا جواب صاف و صراحت سے قلم بند ہوا ہے ہمین امید ہے کہ آئندہ مجسٹریٹ ماتحت دفعہ ۱۶۸ و دفعہ ۱۶۹ کے منشا کے موافق اقبال ملزمان قلمبند کیا کینگے۔ معلوم ہوتا ہے کہ عدالت فوجداری بلدہ مین طبع شدہ فارم ملزمون کے بیانات قلم بند لینے کے لئے موجود نہین جن کے عنوان مین یہ نوٹ بھی طبع ہے کہ دفعات مذکورہ کی پابندی کی گئی۔ اور اسکے تحت مین مجسٹریٹ موصوف کی دستخط ثبت ہے یہ طریقہ کار باقاعدہ نہین معلوم ہوتا۔ اور قانون کا منشا رفوت ہونے کا اندیشہ ہے مجسٹریٹ کو چاہئے کہ ملزم کی ظاہری حالت کے لحاظ سے غور کرے کہ آیا ملزم اپنا بیان کسی ترغیب یا تحریص یا خوف کی وجہ سے تو نہیں لکھاتا ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ ملزم سے استفسار معقول طور پر کرلیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

مرافعہ نامنظور۔ مثل باقیات سے خارج اور داخل دفتر کردیجائے فقط

نگرانی فوجداری

باستقصیر

باجلاس عالی جناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب و مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب ارکان۔

نارائین راؤ — نگرانی خواہ

سنہ ۱۳۲۶ ف
مقدمہ ...

بنام

۱۶۹ ضابطہ فوجداری سرکار عالی نہین کی گئی ہے اور اس کے علاوہ سوال کی عبارت بالکل مبہم ہے کون کہتا ہے کس نے بسولا وغیرہ چورایا۔ اور کس سے رکھا اور کس کے مکان مین رکھا کچھ تعین نہین۔ جواب کی حالت اس سے بھی بدتر ہے چوری وغیرہ کا اقبال نہین ہے صرف یہ کہا ہے کہ رکھا تھا لیکن کس نے رکھا تھا کچھ منفقین نہین۔ چونکہ سوال ناقص ہے اس لیے اسکو ملاکے پڑھنے سے بھی یہ نقصانات رفع نہین ہوتے سوال مین اشیا کے ساتھ لفظ وغیرہ کا بھی استعمال غلط ہے مال مسروقہ یا جن اشیا کی نسبت اقبال جرم ہو ان کی صراحت اور تعین لازم ہے یہ بیان اقبالی ایک کاغذ پر لکھا ہوا ہے اور اوسکی پیشانی پر یہ نقرہ طبع ہے۔ نوٹ۔ دفعہ ۱۶۸ وضمن ۳۔ اور دفعہ ۱۶۹ ضابطہ فوجداری کی پابندی کی گئی۔ اور اسکے نیچے مجسٹریٹ نے دستخط کردی ہی ہم نہین جانتے یہ طریقہ کارروائی اور یون چھپوا کے فارم رکھنے کا اختیار کسی مجسٹریٹ کو کیونکر ہو سکتا ہے قانون مین حسب ذوات مذکور عمل اور تحریر کرنا ضرور ہے۔ اور یہی طریقہ اور عمل درآمد ہو رہا ہے اب یہ نئی ایجاد کی گئی ہے جس کی نسبت شبہ ہو سکتا ہے کہ فی الواقع پابندی کی بھی گئی یا نہین اور بالکل ممکن ہے کہ سہوا پابندی فرد گذاشت ہو جائے۔ پس یہ عمل ہرگز جائز نہین ہے اور آئندہ ایسا نہ ہونا چاہیئے۔ جن مجسٹریٹ صاحب کا یہ فعل ہے اون کو اس سوء عمل کے لیے متنبہ کرنا چاہیئے۔ پس اقبال مذکور تو ہماری رائے مین بیکار اور ناقابل لحاظ ہے۔ لیکن دوسرے مواقع مذکورہ بالا پر ملزم مرافع کا اقبال بلاکسی نقص کے موجود ہے اور شہادت بھی کافی ہے پس مرافع نامنظور ہو۔

خان بہادر مولوی مرزا حیدر جیون بیگ صاحب رکن۔ مرافع گذار حاضر۔ وکیل سرکار بھی حاضر ہین۔ عدالت فوجداری بلدہ نے دو مقدمات کی یکجائی تحقیقات کرکے علی الترتیب چھ ماہ اور ایک سال کی سزا قید بامشقت حسب صراحت صدر صادر کی ہے موجبات اپیل لایق التفات نہین ہے مرافعہ گذار نے قبل جالان و نیز بوقت تنقیح فرد قرارداد جرم اقبال کیا ہے۔ اور اس وقت بھی ہمارے روبرو جرم منسوبہ کا معترف ہے

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

مجلس عالیہ عدالت پیش کی اور حکام عالیمقام نے حسب ذیل تجاویز باختلاف آراء صادر فرمائیں۔

منجانب نگرانی خواہ مولوی لطف حسن صاحب و مولوی شریف حسن صاحب و مولوی معظم علی صاحب وکلاء
منجانب طرف ثانی مولوی قاضی محمد صدیق احمد صاحب وکیل سرکار
ڈاکٹر سید سراج الحسن صاحب رکن۔ واقعات مقدمہ یہ ہیں کہ نگرانی خواہ
نارائن راؤ بوجہ شیوع مرض طاعون اپنا مکان چھوڑ کر دوسری جگہ چلا گیا۔
جب مکان خالی پڑا ہوا تھا اس وقت ہری بھاؤ آیا اور نگرانی خواہ کے
غیاب میں پولیس میں جا کر یہ رپورٹ کی کہ نارائن راؤ کے مکان میں سرقہ
ہو گیا ہے پولیس نے حسب ضابطہ تحقیقات آغاز کی ہری بھاؤ مال مسروقہ
کی فہرست داخل نہ کر سکا اس لیے نگرانی خواہ طلب کیا گیا اور اوس سے
پولیس نے مال مسروقہ کی فہرست مرتب کرائی۔ مابعد یہ واقعات پیش ہوئے
کہ جس سے پولیس کو خیال پیدا ہوا کہ واقعہ سرقہ وقوع میں نہیں آیا۔ اور
چونکہ مال خاندان مشترکہ کی ملک تھا نگرانی خواہ نے اپنے بھائی ہری بھاؤ
کو دھوکہ دینے کی غرض سے مال مذکور کے سرقہ ہو جانے کی خبر کی اشاعت
کی اس وجہ سے پولیس نے خلاف نگرانی خواہ الزام تحت دفعہ ۱۸۰ تعزیرات
کارروائی شروع کی امر غور طلب صرف یہ ہے کہ آیا اس موقع پر جبکہ
عدالت ماتحت میں اوس کے خلاف فرد قرارداد جرم مرتب کیگئی ہے ہم کوئی
دست اندازی حکم عدالت ماتحت میں کر سکتے ہیں یا نہیں۔ لائق وکیل نگرانی خواہ
نے نظیر مندرجہ ۲۲ کلکتہ صفحہ ۱۳۱ سے استدلال کیا۔ اس مقدمہ چاند ئی
پرشاد بنام عبد الرحمٰن میں فاضل حکام جلسہ منعقدہ ہائی کورٹ کلکتہ نے
یہ طے فرمایا ہے کہ

ہائی کورٹ کو ہر نوبت مقدمہ پر دست اندازی کا حق حاصل ہے
اور یہ قابل تسلیم ہے مگر جن وجوہ پر کارروائی مقدمہ کو کالعدم قرار دیا

سرکار عالی — طرفِ ثانی

نگرانی۔ دست اندازی بصیغہ نگرانی۔ جواز دست اندازی بصیغہ نگرانی بنا راضی ترتیب فرد جرم۔ فرد جرم۔ تنسیخ فرد جرم۔ جواز تنسیخ فرد جرم بصیغہ نگرانی۔ روئداد و شہادت سے الزام منسوبہ عاید نہ ہونے کی صورت میں جواز تنسیخ فرد جرم۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی دفعات ۲۰۶ و ۳۶۲ و ۳۶۴۔ دستور العمل مجلس عالیہ عدالت دفعات ۹ تا ۱۲۔

تجویز ہوئی کہ ہائیکورٹ کے اختیارات نگرانی بروئے دفعات ۴۳۹ و ۳۶۱ و ۳۶۴ ضابطہ فوجداری و دفعات ۹ تا ۱۲ دستور العمل مجلس عالیہ عدالت نہایت وسیع ہیں۔ لہذا حکم ترتیب فرد جرم میں بصیغہ نگرانی دست اندازی کیجا سکتی ہے اور جبکہ روئداد مثل اور شہادت تنقیح شدہ سے الزام منسوبہ عاید نہ ہوتا ہو تو فرد جرم منسوخ ہونی چاہیئے۔

انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۲ صفحہ ۱۳۱ و آئین دکن جلد ۱۱ صفحہ ۱۹۴ و آئین جلد ۸ صفحہ ۱۰ و آئین جلد ۹ صفحہ ۲۶ و انڈین لا رپورٹ کلکتہ ۲۵ صفحہ ۲۳۳ و جلد ۳۸ صفحہ ۶۰ و بمبئی جلد ۲ صفحہ ۳۰۵ کا حوالہ دیا گیا۔

نگرانی خواہ کے مقابلہ میں پولیس نے بروئے دفعہ ۱۵۸ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی اس بنا پر کارروائی شروع کی کہ اس نے اپنے مکان میں سرقہ ہونیکی غلط اطلاع پولیس کو دی۔ اور عدالت فوجداری ضلع پربھنی نے بعد قلمبندی شہادت مستغاثہ ملزم کی نسبت زیر دفعہ ۱۵۸ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی فرد جرم مرتب فرمائی۔ بنا راضی ترتیب فرد جرم نگرانی خواہ نے درخواست نگرانی باجلاس متفقہ

نگرانی بنا راضی ترتیب فرد جرم مولوی محمد وحید الدین صاحب ناظم عدالت فوجداری ضلع پربھنی مورخہ [illegible] مشعر بیہ کہ تم اس جرم کے مرتکب ہوئے جسکی سزا مجموعہ تعزیرات سرکار عالی کے دفعہ ۱۵۸ میں مقرر ہے۔ لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ تمہارے لیے تجویز بر بناء الزام مذکور عدالت ہذا عمل میں آئے۔

ادعا کی تائید مین چند پنچنامہ جو مرتب کرائے تھے پیش کیئے - اور اوسکے متعلق اشخاص کے بیانات عدالت مین لکھوائے عدالت نے حالات مبینہ مفتش و شہادت مذکرہ کے وثوق پر دفعہ ۱۵۸ تعزیرات کو ملزم کے خلاف استعمال کرنے کی قابل تصور فرما کر فرد جرم
حاصل بحث وکیل سائل یہ ہے کہ روئداد موجودہ سے جرم دفعہ ۱۸۲ تعزیرات کا تصور پیدا کرنا درحقیقت طلب ماہیت قانونی ہے اس تقدیر مین فرد جرم کا باقی رکھنا خلاف انصاف ہوگا - یہ امکان کہ حاکم تحقیقات کنندہ موجودہ روئداد پر بری کر سکے گا - یا یہہ احتمال کہ محض فرد جرم کی ترتیب تجویز سزا کو واجب نہین کرتی - مجلس عالیہ عدالت کے اختیارات نگرانی پر بطور سدراہ کے موثر ہونیوالی چیزین نہین ہے -
تقریر وکیل سرکار کا ماحصل یہ ہے کہ نارائن راو نے سائل کا پولیس مین حاضر ہو کر بیان کا زب لکھوانا اور فہرست کا مکمل کرنا اور ایک شخص پر اپنا گمان ظاہر کرنا جھوٹی خبر دینے سے زیادہ تر شدید صورت ہے پولس کو اگر انکشاف واقعات صحیحہ کا دوسرے طور پر نہ ہوجاتا تو یہ امور کافی تھے کہ پولس کو اونکی بنا پر اپنا اختیار نافذ کرنے مین مغالطہ ہوجاتا - اور جس شخص کی نسبت سرقہ کا گمان ظاہر کیا گیا تھا - اوسکی آزادگی خطرہ مین پڑجاتی نارائن راو کے حرکات جو مال کے اخفا و برآمدی کے متعلق شہادت مین آچکے ہین -
اس امر کا قرینہ ہے کہ وہ دروغ بیانی پر پردہ ڈالنے کی کوشش کر رہا تھا جو بدقسمتی سے پوری نہ ہونے پائی اور پولس پر اصلی راز افشا ہوگیا - ان حالات کے نظر کرتے جب عدالت نے فرد جرم ملزم کو سنادی ہے تو اوسپر لازم ہے کہ صفائی کے ذریعہ سے اپنی آزادی کی حفاظت کرے جس توجیہ پر مدعی الحاکی نے بصیغہ نگرانی دست اندازی سے انکار الوہیت نہیں نظائر مین سے فرمائی ہو اوس توجیہ پر استدعا کے خلاف تنسیخ فرد جرم کی خواہش کسی طرح لائق پذیرائی متصور نہین ہوسکتی -
ہماری رائے مین مقدمہ کی واقعاتی تصویر کو جو قانونی رنگ آمیزی کی گئی ہے - نہایت غور سے دیکھنے کے قابل ہے -
سب سے پہلے اس امر کا معلوم کرنا ضرور ہے کہ درحقیقت غلط بیانی اور دروغ بیانی مین

بن راؤ
ام
یار عالی

وہ ہم مقدمہ زیر نگرانی میں نہیں پاتے ہیں اور با مقدمہ میں بہت ہی پہلے
جو واقعہ قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ مستغیث میونسپلٹی کو حق استغاثہ نہ تھا
مقدمہ زیر نگرانی میں ایسی صورت نظر نہیں آتی ہے اور نہ لائق وکیل نگرانخواہ
نے اپنی بحث میں دفعہ ۹۹ ضابطہ کے خلاف ورزی کا ذکر کیا ہے داخل
حکام ہائی کورٹ کلکتہ نے اوس الزام کو جو چاندلی پرشاد کے خلاف عاید کیا
گیا تھا۔ غلط قرار دیا ہے۔ ہمارے پاس ایسا مواد موجود نہیں ہے کہ اس
نوبت مقدمہ پر اس امر سے بحث کریں کہ آیا وہ الزام جو نگرانخواہ کے خلاف
عاید کیا گیا ہے صحیح ہے یا غلط اس تقدیر میں ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ عدالت
ماتحت کی کارروائی میں اس نوبت مقدمہ پر دخل نہ دیں اور مجلس عالیہ عدالت
نے علی العموم یہی طے فرمایا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نگرانی نامنظور۔

مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب رکن۔ یہ ایک ایسی نگرانی ہے
جسکے ذریعہ سے فرد جرم کی تنسیخ چاہی جاتی ہے سائل جبیر پولس میں جھوٹی
اطلاع دینے کا الزام عاید کیا گیا ہے دکالت پیشہ شخص ہے کہا جاتا ہے کہ
قانون کے خوف سے کچھ عرصہ تک اپنے بھائی ہری بھاؤ کو گھر سپرد کرکے
چلا گیا تھا اس کے غیاب میں ہری بھاؤ نے پولس میں یہ خبر دی کہ یہ سائل کی
گھر چوری ہوئی ہے اسپر پولس نے کارروائی آغاز کی۔ اس طرح کی خبر خود
جب سائل کو پہنچی تو گھر واپس آیا۔ حین مراجعت پولس نے بغرض دریافت
حال حسب مقتضائے دفعہ ۱۶۴ ضابطہ فوجداری اسکو طلب کرکے نہ صرف
بیان لکھا بلکہ فہرست بھی مرتب کرائی اور یہ بھی ظاہر کرالیا کہ اس کا گمان
کس پر ہے اس مواد کے فراہم ہونے کے بعد احساس کی صورت میں تبدیلی
واقع ہوئی پولس نے سائل کو جھوٹا خیال کرکے چالان کردیا۔ اور اپنے

تارا بین راؤ
بنام
سرکار عالی

دیکھنا یہ ہے کہ پولیس نے کارروائی کا آغاز کس بنا پر کیا - اور عدالت مین کیا ادر کرانیکی کوشش کی - یہ امر مسلمہ ہے کہ خبر دہندہ سائل کا بہائی مسمی ہری بہاؤ تہا - اسی کی اطلاع پر پولس نے کارروائی شروع کی اور نتیجہ مین یہی اطلاع تہی جو جہوٹی ٹہرائی گئی - اگر یہ جہوٹی تہی تو وہ بیان جو سائل نے اپنی حالت غیاب کا پولس مین تصدیقی طور پر اس اطلاع کی تائید مین لکہوایا ضرور سچا ماننے کے قابل ہوگا - اور اگر کہا جائے کہ اوسکے ساتھ یہ بیان بہی جہوٹا تہا تو یہ کہنا لازم آئے گا کہ ایک جہوٹی اطلاع کی جہوٹی شہادت سائل نے ادا کی یا جہوٹی تصدیق کی - ان مین سے کوئی صورت ایسی نہین ہے جس کو دفعہ ۵۸ کے تحت مین لیا جاسکے - چونکہ واقعہ سرقہ مین اطلاع جسکی بنا پر پولس نے کارروائی شروع کی - ہری بہاؤ کا فعل تہا جو ختم ہوگیا اس لیے بیان سائل پر دوبارہ زندگی پیدا نہین کرسکتا - اسی طرح بالاشتراک جہوٹی اطلاع دینے کا تصور نہین پیدا ہوسکتا کیونکہ بیان واقعہ اطلاع ہری بہاؤ کی ذات تک محدود ہے اس امر سے انکار نہین کیا جاسکتا کہ دونون بہائیون نے ملکر خبر نہین دی بلکہ خبر پولیس کو اوسوقت تنہا ہری بہاؤ نے دی - جبکہ سائل وہان موجود نہ تہا ایک زمانہ کے بعد چوری کی خبر سن کر آیا اور پولس کے ساتھ اوسکو وہ واقعات درپیش آئے جسکی صراحت بیان منفقش مین ہے اور یہ مسلم ہے کہ وہ خود پیش نہین ہوا بلکہ بغرض دریافت و انکشاف حال حسب منشاء ہری بہاؤ طلبی پولس پر حاضر ہوا - اور حکماً فرد مال کی مرتب کی اور بیان لکہوایا یہ چیزین شہادت مین استعمال نہین کیجا سکتی ہے عدالت نے اوسپر غلط اعتماد کیا ہے اسکے ماورا جسپر شہادت کا اطلاق ہوسکتا ہے اوس کی عجیب صورت ہے ہم نے اوس حصہ کو بالاستعاب دیکہا ایک حرف بہی اس مادہ مین کہ سائل نے جہوٹی اطلاع دی - اور پولیس کی کارروائی کا آغاز اوس ہی بنا پر موجود نہین ہے -

اس امر کے طے کرنے کے لیئے کہ جہوٹی خبر دینے والا پولس کو درحقیقت سائل تہا مثل مین کوئی شہادت نہین ہے کسی گواہ نے یہ نہین کہا ہے - گو شہادت مختلف واقعات کی ہے مگر یہ مختصر مضمون جسپر دفعہ ۵۸ کا مدار ہے یعنے جہوٹی خبر دینے کسی

رایمن راؤ
بنام
سرکار عالی

اصطلاحی کیا فرق ہے اور کونسا بیان ان ہر دو اقسام سے نشار دفعہ ۱۵۰ کو پورا کرنیوالا ہوگا۔
مخفی نہ رہے کہ ان ہر دو اشکال کا مقسم ایک ہی ہے خبر دو حال سے خالی نہیں مطابق واقعہ کے ہوگی یا نہ ہوگی۔ اگر مطابق واقعہ کی ہے تو وہ صدق ہے بصورت ثانی یعنے اگر خبر مطابق واقعہ کے نہ ہو تو اوس کے دو صورتیں رکھی گئی ہیں۔

(۱) خبر کا حقیقتاً مطابق واقعہ کے نہ ہونا مگر مخبر کی دانست و علم و اعتقاد میں اوس کا مطابق واقعہ کے ہونا۔

(۲) خبر کا مطابق واقعہ کے نہ ہونا اور مخبر کے علم و دولت و اعتقاد میں اوس کا مطابق واقعہ کے نہونا۔

صورت اوّل کو غلط بیانی کہینگے اور صورت ثانی پر دروغ بیانی کا اطلاق ہوگا۔ جس سے ظاہر ہوگا کہ ہر دو اشکال میں عام خاص کا فرق ہے یعنے ہر دروغ بیانی غلط بیانی کہی جا سکینگی۔ مگر ہر غلط بیانی پر دروغ بیانی کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔ اس موقع پر دفعہ ۱۵۰ تعزیرات کا نقل کرنا سہولت تفہیم کے لیے مناسب ہوگا۔ وہو ہذا۔

کوئی شخص جو کسی سرکاری ملازم کو کوئی خبر جسکو وہ جھوٹی جانتا ہو یا باور کرتا ہو اس نیت سے یا یہ جانکر کہ اس امر کا احتمال ہے کہ وہ اوس کے ذریعے سے کسی سرکاری ملازم کی

الف۔ کوئی ایسا فعل کرائے یا ترک کرائے جسکو وہ سرکاری ملازم نہ کرتا یا ترک نہ کرتا اگر اون واقعات کا سچا حال جن کے نسبت وہ خبر دی گئی اوسکو معلوم ہوتا۔ یا

ب۔ اوسکی سرکاری ملازمت کا اختیار جایز کسی شخص کو مضرت یا رنج پہونچانے کے لیے استعمال کرائے اوسکو قید کی سزا دیجائیگی۔ الی آخرہ۔

یہ دفعہ اپنے موضوع کے لحاظ سے ایک خاص دفعہ ہے جسکا منشا محض دروغ بیانی یعنے جھوٹی خبر کی حد تک محدود ہے بیان حال جو غلط بیانی کی معنی میں ہو اس دفعہ کے اغراض اوس سے وابستہ قرار نہیں دی گئے ہیں بنا و قاعت کسی سچے واقعہ کو جو ثابت نہ ہوسکے بمنزلہ غلط شمار کیا گیا ہے۔ مگر اوس شخص کو جسکی طرف بیان واقعہ کا منسوب ہو جھوٹا نہیں کیا گیا غرض مقصود بالذات یہاں جھوٹی خبر ہے جس سے جرم بنتا ہے اب

نارائن راؤ بنام سرکار عالی

تفتیش شروع کی ہری جهاؤ مال مسروقہ کی فہرست نہ پیش کرسکا اسلیے یہ ملزم طلب کیا گیا اور پولس نے اوس سے مال مسروقہ کی فہرست مرتب کرائی۔ عدالت ماتحت نے بالزام جرم مندرجہ دفعہ ۵۰۸ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی ملزم کو فرد جرم سنائی ہے اس لیے جن حالات مین نگرانی ہو سکتی ہے وہ اس مقدمہ مین نہین پائی جاتی۔

جناب مفتی صاحب بھی واقعات متذکرہ کو تسلیم فرماتے ہین مگر جناب ممدوح کی رائے ہے کہ جبکہ روئداد مثل سے یہ نہین پایا جاتا کہ ملزم مرتکب جرم متذکرہ دفعہ ۵۰۸ تعزیرات مذکور کا ہوا ہے تو یہی محل ہے کہ ہائیکورٹ اس کے متعلق نگرانی سماعت کرے اور فرد جرم منسوخ کرے جناب مفتی صاحب نے اس امر کے متعلق کہ روئداد موجودہ سے اس ملزم پر بنظر اوس کے اعمال کے یہ جرم متذکرہ دفعہ ۵۰۸ تعزیرات مذکور عائد نہین آتا صراحت سے بحث کی ہے اور ہمکو پہلے یہی دیکھنا چاہیے کہ حقیقت مین نگرانی کا یہ محل ہے یا نہین۔ نگرانی خواہ کی طرف سے انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۲ صفحہ ۱۳۱ اور آئین دکن جلد ۴ صفحہ ۱۹۷ پر استدلال کیا گیا ہے سرکار عالی کی طرف سے کوئی نظیر یا ممانعت قانونی اوس کے خلاف پیش نہین کی گئی۔ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۲ صفحہ ۱۳۱ مین طے کیا گیا ہے کہ ہائی کورٹ کو ہر نوبت مقدمہ مین اختیار تصفیہ اندازی کا ہے اور جب اوسکو معلوم ہو کہ کوئی شخص دو مہینے سے زیادہ خلاف قانونی تحقیقات مین مبتلا اور زحمت اوٹھا رہا ہے تو ہائیکورٹ کا فرض ہے کہ دست اندازی کرے چنانچہ اس مقدمہ مین ہائیکورٹ نے ایسا ہی کیا ہے۔ آئین دکن جلد ۴ صفحہ ۱۹۴ مین ترتیب فرد جرم کی نگرانی تھی اور مجلس عالیہ عدالت نے اس تجویز کے ساتھ کے مواد موجودہ مثل سے کوئی الزام ملزم کے خلاف ثابت نہین ہوتا۔ فرد جرم منسوخ اور ملزم کو بری کر دیا تھا۔ نظیر بلحاظ اوسکی معنی اور مقصود کے مماثل حال ہونی چاہیئے۔ یہ ضرور نہین ہے کہ بالکل وہی واقعات اور حالات بھی مقدمہ زیر تجویز مین ہون۔ جو مقدمہ نظیر مین تھے اسلیے ہم یہ نہین سمجھ سکتے کہ یہ نظیرین کیون اس مقدمہ مین قابل تقلید نہین ہین۔

ماسوا اس کے مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی کیلیے اختیارات نگرانی کے متعلق ضابطہ فوجداری

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

گواہ ناحفظہ میں نہیں آسکا۔

پس ایسی حالت میں کہ شہادت نہو فرد جرم کا ملزم کے خلاف مرتب کرنا درحقیقت آزادی کو خطرہ میں ڈالنا ہے انصاف کس طرح جائز رکھ سکتا ہے کہ زید نطعہ کرے اور اس کے بجائے عمر مجرم قرار دیا جائے ہم نہیں باور کرسکتے کہ جہان انصاف کے دوش پر صدر یکم صیغہ نگرانی واجب ہو ان نفاذ اختیار سے مجلس عدالت العالیہ نے انکار فرمایا ہو چونکہ اس مقدمہ میں غیر قانونی طریقہ پر فرد جرم کی ترتیب سے انصاف پر اس کی تنسیخ کو لازم کردیا ہے۔ لہذا حکم ذیل صادر کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

نگرانی منظور فرد جرم منسوخ ملزم رہا کیا جائے۔

بوجہ اختلاف آرائے حکام عالیمقام جلسہ منفقہ مقدمہ باجلاس عالیجناب مولوی سید محمد غلام جیلانی صاحب پیش ہوا اور حسب ذیل تجویز بہ اتفاق عالیجناب مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب صادر فرمائی گئی جو نافذ ہوئی۔

مولوی سید محمد غلام جیلانی صاحب رکن۔ جناب نواب سعد جنگ بہادر نے اس نگرانی کو نمبر پر لیا اور حکم التوار کارروائی مزید دیا اور جناب ممدوح اور جناب رائے بال مکند صاحب نے طلبی مثل کا حکم فرمایا۔ اور جناب ڈاکٹر سید سراج الحسن صاحب اور مفتی صاحب نے اجلاس منفقہ اس نگرانی کی سماعت فرمائی اور اختلاف ہوا۔ جناب ڈاکٹر صاحب کی تجویز ہے کہ نگرانی نامنظور ہو اور جناب مفتی صاحب کا فیصلہ ہے کہ نگرانی منظور فرد جرم منسوخ ملزم رہا کیا جائے۔

اس وجہ سے بحکم جناب منعزم میر مجلس صاحب مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی پیشل میرے سامنے پیش ہوئی اور میں نے فریقین کے وکلا کی بحث سنی۔ جناب ڈاکٹر صاحب نے یہ تسلیم فرمایا ہے کہ نارائن راؤ ملزم نگرانی خواہ بوجہ شیوع مرض طاعون اپنا مکان چھوڑ کر کہیں چلا گیا تہا۔ مکان خالی پڑا ہوا تہا اور اسکا بہائی ہری بہاؤ آیا اور اس نے پولس میں جاکر اطلاع دی کہ نارائن راؤ کے مکان میں چوری ہوگئی ہے پولس نے

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

مال مسروقہ کی اوس نے داخل کی مگر پولس کو تفتیش مین یہ معلوم ہوا کہ ملزم نے اپنے بھائی
ہری بہاؤ کو جائداد موروثی سے جو دونون کی مشترکہ تھی محروم کرنے کے لیئے سرقہ کی
جھوٹی اطلاع دی۔ اور ایسی حالت پیدا کی کہ جس سے سرقہ کا وقوع قرین قیاس ہو
جو کچھ مال مسروقہ بیان کیا گیا تہا۔ اوس مین سے تو کچھ حصہ ملزم کے عارضی مکان واقع
پلیگ کیمپ سے برآمد ہوا۔ اور زیادہ حصہ اوس کا خود ملزم کے مسکونہ مکان سے ایسی
حالت مین برآمد ہوا کہ وہ دفن تہا اور ملزم اوس کو اوس جگہ سے منتقل کرنے کے لیے
نکالکہ رکھا تہا۔ اور ملزم مذکور نے یہ بھی چالاکی کی کہ کچھ حصہ اوس مال کا اپنے پڑوسی
بھیکا گواہ نمبر ۱ کے مکان کے چہت پر جو ملزم کے مکان سے متصل ہے پہینکدیا۔
مفتش رام کشن ریڈی کے اظہارات کے قابل لحاظ اجزا یہ ہین ہنگولی مین
طاعون تہا اس لیے بستی خالی تھی اور لوگ جنگل مین مقیم تھے نارائن راؤ اور اوسکا بہائی ہری بہاؤ
بھی بستی کے باہر رہتے تھے۔
۲۵ شہریور ۱۳۲۵ف کو ہری بہاؤ نے اس مظہر سے آکر بیان کیا کہ اوس کے
بھائی نارائن راؤ کے یہان چوری ہوگئی ہے نارائن راؤ پاتھری گیا ہوا ہے جاتے وقت
کہہ گیا تہا کہ مکان سے چیٹھیون کے کاغذات وغیرہ کو بھی دیکھتے رہین
۲۴ شہریور ۱۳۲۵ف کو اس غرض سے ہری بہاؤ نارائن راؤ کے مکان مین گیا یہ پہیا
ساتھ تھا باہر کے دو دروازون کے قفل بہا بر تھے نارائن راؤ کنجیان ہری بہاؤ کو
دے گیا تھا۔ اندرونی حجرہ جسمین مال تھا اوسمین صرف زنجیر لگی ہوئی تھی جس سے چوری
کا شبہہ ہوتا ہے مال وہین نارائن راؤ رکہتا تھا اور اوس کی حفاظت کیلئے کہہ گیا تھا۔
یہ واقعہ ۲۴ کا ہے اوس دن ہری بہاؤ نے کوئی اطلاع نہین دی بلکہ دوسرے
دن صبح کو آکر مفتش کو یہ اطلاع دی۔ ۲۵ شہریور ۱۳۲۵ف یہہ مفتش مقام واقعہ کو گیا
پنچنامہ کیا پنچون نے بھی یہی رائے دی کہ چوری ہوئی ہے اس لیے مفتش نے ملزم
پاتھری کو لکھا کہ نارائن راؤ کو بہیجدین اور ہری بہاؤ نے بھی خط لکھا۔
نارائن راؤ نے ۲۷ شہریور ۱۳۲۵ف کو ۱۲ ½ بجے دن کو آتے ہی بیان کیا کہ

ارایین راؤ بنام سرکار عالی

سرکار عالی مین دفعات ۳۰۶-۳۰۲ و ۴۲۳-۴۳۳ اور دستور العمل مجلس عالیہ عدالت مین دفعات ۱۹-۲۰ ہین۔ ان دفعات کے لحاظ سے صرف یہ ہی نہین معلوم ہوتا ہے ہم مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی کو اپنے تحت عدالتون اور حکام کے تمام اعمال اور افعال پر ہر نوبت اور ہر مجلس پر اختیار نگرانی کا ہے اور اس کا فرض ہے کہ جہان کہین اور جب کبھی کوئی تجویز یا کارروائی غلط یا خلاف قانون و انصاف پائے اوس کو منسوخ اور اصلاح کر دے۔ اوسکو کچھ اس کی ضرورت بھی نہین ہے کہ کوئی درخواست پیش ہو یا کوئی تحریک کرے اور اصولاً بھی اسکی ضرورت تھی۔ ورنہ یہہ لازم آئے گا کہ غلطی ہو اور اوسکی اصلاح دیدہ و دانستہ نہ کیجائے۔

علاوہ نظایر متذکرہ کے آئین دکن جلد ۸ صفحہ ۱۰۱۔ اور جلد ۹ صفحہ ۷۵ اور انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۵ صفحہ ۳۴۳ و جلد ۳۸ صفحہ ۶۸۔ اور بمبئی جلد ۲۰ صفحہ ۳۴۵ بھی ہمارے یاد مین ہین جن مین سے بعض مین قرار داد جرم جب غلط اور بے محل پائی گئی منسوخ کر دی گئی ہے اور بعض مین تو ایسے ہی حالات مین دست اندازی کی گئی ہے اسلئے ہمارے رائے مین مجلس عالیہ عدالت کو اس محل اور نوبت مین اختیار ہے کہ بصیغہ نگرانی دست اندازی فرمائے جس سے جناب ڈاکٹر صاحب کو بھی انکار نہین ہے۔ جناب ممدوح کی تجویز یہ ہے کہ اس مقدمہ کے حالات ایسے نہین ہین کہ اس نوبت پر بصیغہ نگرانی دست اندازی کی ضرورت ہو اس لیے ہم کو اس مقدمہ کے حالات پر نظر کرنی چاہیئے اور دیکھنا چاہیئے کہ اس ملزم کے افعال ثابتہ پر جرم متذکرہ دفعہ ۸۵ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی صادق آتا ہے یا نہین اور ترتیب فرد جرم صحیح ہے یا نہین اس مقدمہ مین سرکار عالی کی عرضی استغاثہ ملاحظہ ہو و ۵-۲۴۰ دے ۱۳۲۶ ف کی مورخہ اور درمحلہ ہے اس میں نارایین راؤ ملزم جرم دفعہ ۱۵۸ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی کا بیان کیا گیا اور تاریخ وقوع جرم ۲۷ شہریور ۱۳۲۵ ف کی تبلائی گئی ہے اور یہ لکھا گیا ہے کہ ملزم مذکور نے ۲۷ شہریور ۱۳۲۵ ف کو پولس مین حاضر ہوکر یہ بیان کیا کہ اوس کی غیبت میں اوس کے مکان مین چوری ہوئی اور زیورات اور نقد روپیہ چوری گیا اور ایک فہرست بھی

نارائن راؤ بنام سرکار عالی

بعد نارائن راؤ کی خواہش پر پہلا مکان دیکھا گیا تو چھپر پر سے ایک پوٹلی ملی جس میں متعدد زیورات مندرجہ فہرست مذکور تھے۔ ان زیورات کو مٹی لگی ہوئی تھی۔ پوٹلی بھیگی ہوئی تھی۔ جرح میں اوس نے کہا ہے کہ جب بیلدار کھودتا تھا تو زور سے بارش ہونے لگی۔ اس سے کھودنا بند کر دیا۔ اوس کے بعد کھودا تو لوٹا نکلا۔

نارائن راؤ نے بیان استفساری میں بیان کیا ہے کہ اظہارات مورخہ ۲۹ شہریور ۱۳۳۲ ف پر میری دستخط ہے۔ فہرست مال مسروقہ میری قلمی اور دستخطی ہے سبل پیتل کا سوتا اور قفل (جو پولس نے پیش کیا ہے) میرا ہے۔ سبل کوٹھری میں اور لوٹا میرے مکان کے صحن سے پولس نے کھود کے نکالا۔ اس لوٹے میں زیورات تھے کس نے اونکو لوٹے میں رکھکر دفن کیا مجھے نہیں معلوم۔ میری کوپلی کے پاس گھانس میں سے ایک پوٹلی زیورات کی نکلی یہ سب زیور میرا ہے اور درج فہرست مال مسروقہ ہے مجھے کیمپ میں سے سب انسپکٹر لے گئے اوس وقت ہیج نہ تھے مجھے اندر مکان میں بٹھا کے صبح کو ۳۔ آبان ۱۳۳۵ ف کو بچوں کو بلا کے پنچنامہ کیا۔ میں نے سب انسپکٹر سے دہری جاؤ کے کہنے سے اور میرے بھتیجے (پاراو نے مجھے کارڈ بھیجا تھا کہ تمہارے یہاں چوری ہوگئی ہے) اور اپنے گھر کا حال دیکھکر چوری کا اظہار کیا تھا۔ میرے یہاں مزید چوری ہوئی۔ اور بہت سا مال برآمد ہونا باقی ہے۔

شہود استغاثہ میں پہلا گواہ سید نور ہے یہ کہتا ہے کہ شام کو ۶ ½ بجے پولس کے امین نے مجھے بلا کے ساتھ چلنے کو کہا یہ ساتھ گیا۔ شیخ احمد اور محمد حسین پنچ بھی ساتھ تھے اس کے بعد اس نے وہ واقعات بیان کئے ہیں کہ نارائن راؤ کے مکان پر گئے۔ اور وہاں دیکھا تو پاخانہ کے قریب ایک گڑھا تازہ کھودا ہوا تھا۔ اور اوس سے چار یا پانچ ہاتھ کے فاصلہ پر پاخانہ کے باہر ایک اور گڑھا تھا۔ اور وہاں ایک سبل اور شیروانی پڑی تھی۔ بیلدار سے اوس کو کھدوایا تو ایک پیتل کا لوٹا نکلا اور اوس میں زیورات تھے بارش بھی ہوئی تھی (۱۱) رات کے بج گئے تھے وزن کرنے کے لیے کوئی کانٹا نہ ملا۔ اس لئے رات بھر وہیں بیٹھے رہے ۲ ½ بجے صبح کو پنچنامہ ہوا۔ ہم سامنے بیٹھے ہوئے تھے

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

گھر مین چوری ہوگئی ہے زیورات اور نقد جو محراب مین دفن تھا وہان گڑھا پڑا ہے ۔ فہرست مال مسروقہ ۲۸ شہریور ۱۳۲۵ فصلی کو داخل کی کچھ لوگ کے نسبت اوسنے شبہ ظاہر کیا ڈیڑھ مہینے تک تفتیش پولس کرتی رہی مگر کسی کو گرفتار نہین کیا ۔ ۲ آبان ۱۳۲۵ فصلی کو ۳ بجے رات کو ان کو اطلاع ملی کہ نارائن راؤ اپنے مکان سے ایک پوٹلی اپنے کوپلی کو لے گیا ہے یہ مفتش صبح کو نارائن راؤ کی جائے مقام کو گیا اور تلاشی لی تو نارائن راؤ کے صندوق سے طلائی گجرے کے اسکے تین منکے ملے اور گجرے کے ایکادہ جانا فہرست مین درج تھا ۔ ہم اس یہ بتلائے دیتے ہین خود پولس کے مرتبہ پنچنامہ مورخہ ۲ آبان ۱۳۲۵ فصلی سے (جسمین یہ لکھا ہے کہ آپاراؤ کے صندوق سے ۳ گجرے نکلے اور نارائن راؤ کے صندوق سے کپڑے وغیرہ اور نقدی رقم نکلی تھی) یہ بیان صراحۃً جھوٹ معلوم ہوتا ہے ۔ پھر یہ کہتا ہے کہ ادر ہری بہاؤ کے کوپلی سے انہی منکون کے بارہ منکے اور تیلیان طلائی ملین مخبر نے کہا تھا کہ اوس شب کو یہ دونون بھائی مکان سے پوٹلی لیکر آنے تھے اور اس کوپلی سے ۵۰ قدم کے فاصلہ پر ہری بہاؤ کی عورت کی نشاندہی سے گھانس مین پوشیدہ ایک پوٹلی نکلی ۔ جس مین متعدد زیورات تھے جو فہرست مین درج تھے ۔ شام کو مجھے اطلاع ملی کہ نارائن راؤ اپنی کوپلی سے مکان کو گیا اور مین پنچون کو لیکر ۵½ بجے شام کو نارائن کے مکان پر گیا ۔ دروازہ اندر سے تھا ۔ اور کھودنے کی آواز آتی تھی ۔ ۱۵ منٹ کے بعد نارائن راؤ نے دروازہ کھو مین اور پنچ اندر گئے تو وہان سوائے نارائن راؤ کے کوئی اور نہ تھا نارائن راؤ کے آستین چڑھی ہوئی تھی ۔ ہاتھون کو مٹی لگی ہوئی تھی ۔ پسینہ سے کرتا تر تھا ۔ قندیل منگا دیکھا تو پاخانہ مین ایک نیا گڑھا کھدا پایا ۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اس گڑھے سے کوئی چیز نکالی ہے پاخانہ کے باہر ایک اور ناتمام کھدا ہوا گڑھا تھا ۔ بیلدار کو بلوا اوس کو کھدوایا تو ایک پیتل کا لوٹا نکلا جسمین سونے کے زیور تھے ۔ جو فہرست مال مسروقہ مین درج تھے یہ بارہ بجے رات کا واقعہ تھا ۔ مگر مال تولنے کے لئے ترازو نہ ملنے کی وجہ سے صبح تک پنچ اور یہ سب بیٹھے رہے اور صبح کو پنچنامہ کیا گیا ۔ اوس کے

نارایں راؤ بنام سرکار عالی

تیسرا گواہ لکشمن ہے جو ۲۵ تہر یور ۱۳۲۳ف سے پنچنامہ کا تنخیح تہا مگر اوس وقت تک نارایں راؤ ہنگولی سے آیا تہا اور نہ اوس نے پولس کو کوئی اطلاع دی تھی۔ اسلیئے وہ اس مقدمہ کے لیئے کچھ اہم نہیں ہے۔

چوتھا گواہ گنگا رام اور پانچواں گواہ ترمبک رہے اور اونکی شہادت اس امر کے متعلق ہے کہ نارایں راؤ اور ہری بہاؤ کا خاندان مشترکہ ہے۔

اب ہم کو یہ دیکھنا ہے کہ۔

(۱) جرم متذکرہ دفعہ ۱۸۵ تعزیرات ممالک محروسہ کے عاید ہونے کے لئے کیا امور ضرور ہین۔

(۲) اس ملزم کے وہ کیا افعال ہین جس سے وہ امور ثابت ہوتے ہین۔؟

(۳) ملزم کو اس جہوٹے بیان کی کیا وجہ تھی۔

(۴) پولس کے افعال اسمقدمہ مین اس نقل کے رودداد سے کیا ظاہر ہوتے ہین۔

(۵) نتیجہ کیا ہونا چاہیئے۔

دفعہ ۱۸۵ تعزیرات مذکور کی نقل جناب مفتی صاحب نے اپنی تجویز مین فرمائی ہے اوس کو پڑہنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ضرور ہے کہ ملزم کسی سرکاری ملازم کو کوئی جہوٹی خبر دے جسکو وہ جہوٹی جانتا یا باور کرتا ہو۔ اور اوسکی یہ نیت ہو یا وہ یہ جانتا ہو یا اوسکو احتمال ہو کہ اوس کے ذریعہ سے وہ اسکا موجب ہوگا کہ ملازم سرکار امور مندرجہ ضمن الف ب دفعہ مذکور کرے۔

یہ بالکل ممکن ہے کہ کوئی خبر خلاف واقع ہو اور اس لیے اوسپر جہوٹے ہونیکا نحو اطلاق ہو سکے مگر اوس کی عدم واقفیت پر اوسکا مخبر مطلع نہ ہو اور اس لیے یہ نہ کہا جا سکے کہ اوس سے مخبر نے اوسکو جہوٹی جانکر یا جہوٹی باور کرکے اوسکو دیا یہی وجہ ہے کہ واضعان قانون نے دفعہ ۱۸۵ مذکورہ مین یہ نہین لکہا کہ جو جہوٹی خبر دے۔ بلکہ یہ شرط قرار دی ہے کہ جو اوس کو جہوٹی جانکر یا جہوٹی باور کرکے دے اور اس طرح اوس شخص کا تحفظ کیا ہے جو امر خلاف واقع کا اظہار ایسے حال مین کردے جبکہ وہ اوسکی عدم واقفیت پر نہ مطلع ہو۔

نارائن راؤ بنام سرکار عالی

جب کہ لوٹا نکلا۔ لوٹا کس کے ہاتھ لگا اس کا خیال نہین بیلدار نے ۸ ۱/۲ یا ۹ بجے کہودنا شروع کیا تہا۔ دو بیلدار تھے درمیان مین بارش کی وجہ سے بیٹھ گئے تھے۔

دوسرا گواہ پیر پہلوان یہ وہ شخص ہے کہ جسکے چہپر پر سے پوٹلی برآمد ہوئی تھی۔ اوسکو ہری بہاؤ نارائن راؤ کے مکان مین یہ کہکر ساتھ لے گیا تہا کہ تجہے ڈر لگتا ہے اور وہان جاکر دیکہا تو مجہرا مین گڑہا دیکہا۔ ہری بہاؤ نے کہا کہ گہر ڈو با۔ بہائی نے کہا تہا کہ زیور ہین۔ نگرانی کرنا اور یہان گڑہا پڑا ہے بعدہٗ قفل لگا کر ہم چلے آئے۔ امین پولس نے اس مظہر سے کہا کہ تیاس کرتا یہ کہتا ہے کہ مجہے پولس دو روز بلاتی رہی نارائن راؤ جب آیا تو پہلے دونون بہائی لڑتے رہے پہر خاموش ہوگئے دونون بہائی علیحدہ جاتے اور صلاح کرتے تھے ہم ان کو دیکہا کرتے تھے۔ ایک دن ۱۰ بجے رات کو ہری بہاؤ اور نارائن راؤ دونون کیمپ سے گاؤں مین گئے ہم اون کے پیچہے پیچہے گئے وہ دونون اپنے مکان مین گئے۔ ایک گہنٹہ کے بعد دونون نکلے نارائن راؤ کی بغل مین پوٹلی نظر آئی۔ العرض دونون کیمپ کو آئے اوسی شب کو ۳ بجے کے قریب مین نے اور اسمٰعیل جوان پولس نے امین کو یہ اطلاع دی۔ مگر امین صبح کو آئے۔ اور تلاشی سے نارائن راؤ کے صندوق سے تین سکے اور ایک ٹہلوئی روپیہ کی بہری نکلی (اس کے بیان مین بھی پہنچا۔ مورخہ ۲ مرآبان ۱۳۲۵ف کے بموجب یہ جہوٹ ہے کہ نارائن راؤ کے صندوق سے تین سکے نکلے) اور ہری بہاؤ کی کوپی سے چودہ تہلیان اور بارہ سکے نکلے۔ امین پوچہ رہے تہے کہ اور کچہ ہے تو ہری بہاؤ کی زوجہ لکشمی بائی نے کہا کے اس کچرے مین پیر بہیا (یعنی مظہر نے) صبح کو جب بہینس کا دودہ دوہنے آیا تہا کچہ رکہا ہے وہان دیکہا گیا تو ایک پوٹلی زیورات کی نکلی امین نے ہم کو ان دونون کے افعال پر نگرانی رکہنے کے لیے کہا تہا۔ شام کو معلوم ہوا کہ نارائن راؤ کوپی مین نہین ہے۔ مین نے امین کو اطلاع دی صبح کو امین نے مجہے بلوایا اور اوس کے بعد اپنے چہپر سے پوٹلی کی برآمدگی کہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجہے نہین معلوم کہ نارائن نے مجہہ پہ شبہ ظاہر کیا تہا۔

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

اگر جدا گانہ سرقہ کی خبر کو جھوٹی جانکر یا جھوٹی باور کر کے دی تھی تو وہ قابل مواخذہ نہیں ہے خبر کے دیئے وقت نیت یا عمل کی کوئی شرط نہیں ہے بلکہ صرف وہ علم اور باور کرنے کی قید ہے اور اوسی کو دیکھنا چاہیئے ۔

اس مقدمہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ ملزم ایک وکیل درجہ سوم ہے اور پیشہ کی فطرت وہ ایک حد تک وقعت اور اعتبار کا مستحق ہے وہ کوئی جرائم پیشہ شخص نہ تھا کہ اوس کی نسبت پولس کو بدگمانی ہونی چاہیئے تھی اور پولس کو ضرورت تھی کہ اوس کی نگرانی رکھے اور نگرانی پر مقرر کرے تو کس شخص کو جبکہ خود پولس کو اس مقدمہ میں شبہ ہوا تھا جیسا کہ پولس کے گواہ خود پربھا نے بیان کیا ہے کہ جب ہری بھاؤ نے پولس کو چوری کی اطلاع دی تو پولس دوروز تک اسکو بلاتی رہی تھی جسکی کوئی وجہ بجز اسکے نہیں ہو سکتی کہ پولس کو اسکے نسبت یہ شبہ ہوا تھا کہ اس نے تو چوری نہیں کی۔

یہ گواہ کہتا ہے کہ امین نے اس کو حکم دیا تھا کہ دونوں بھائیوں (یعنے نارائن راؤ اور ہری بھاؤ) کی نگرانی کرے اور یہ ان کا نگران مقرر تھا۔ ہماری رائے میں پولس کا یہ عمل ضرور غیر معمولی تھا۔ اور پولس ہی کو بتلانا چاہیئے تھا کہ وہ کیا وجوہ اور اسباب تھے کہ اوس نے ان پر نگرانی مقرر کرنیکی ضرورت سمجھی اور وہ بھی ایسے شخص کی کہ جس پر خود پولس کو کم سے کم چند دن تک تو شبہ رہا تھا ورنہ عدالت پولس کے اس غیر معمولی عمل کو مدنظر رکھکر اوسکی برآمدگی مال کی کارروائی کو جانچے گی ۔

مال برآمد شدہ میں سے کچھ مال کہا جاتا ہے کہ خود نارائن راؤ کی کوپی سے اور کچھ ہری بھاؤ کے پاس سے اور کچھ گھانس کے نیچے سے اور کچھ نارائن راؤ کے مکان سے اور کچھ پربھا کے چھپر پر سے برآمد ہوا ہے اور پولس عدالت کو یہ باور کرانا چاہتی ہے کہ خود نارائن راؤ نے اپنا مال یوں چھپایا۔ اور اوس کو منتقل کرنا چاہتا تھا ۔ اور کوئی سرقہ نہیں ہوا تھا۔ محض جھوٹی خبر سرقہ کی اوس نے دی۔ اور مال مسروقہ کی فہرست پیش کی اور اوس سے غرض اس کی یہ تھی کہ ہری بھاؤ کو اوس کے حصہ سے جو خاندان شرکہ میں اوس کا تھا۔ محروم کردے ۔

اور نہ اوسکی ایسی حالت یاد رکرتا ہو۔

نارائن راؤ
نام
رہائی

پس اس مقدمہ مین صرف یہ کافی نہین ہے کہ سرقہ کی خبر جھوٹی تھی بلکہ یہ ثابت ہونا چاہیئے کہ نارائن راؤ نے یہ جانکر کہ اوسکے یہان سرقہ نہین ہوا یا یہ یاد رکر کے کہ خبر سرقہ کی جھوٹی ہے پولس کو اوس نے سرقہ کی خبر دی۔ اس خبر کا جھوٹا ہونا اور نیز یہ امر کہ وہ اوس کے متعلق خبر کو جھوٹی جانتا اور جھوٹی یاد رکرتا تھا۔ اس طرح بھی ثابت ہو سکتا ہے کہ جس مال کا اوس نے سرقہ جانا بیان کیا ہے وہ دکھا دیا جائے کہ اوس کے قبضہ و اختیارات مین موجود ہے یا اوس نے اوسکو منتقل کر دیا ہے اور اسی امر کی پولس نے اس مقدمہ مین کوشش کی ہے۔

اور چونکہ یہ ایک فوجداری مقدمہ ہے اس مین مستغیث پر تمام ذمہ داری ہے کہ ملزم پر جرم مندرجہ دفعہ ۱۵۸ ضابطہ فوجداری عائد ہونے کے لیے جن جن امور کا ثابت ہونا لازم ہے اون سب کو وہ اس طرح ثابت کرے کہ امکان شک و شبہ کا نہ رہے پس دیکھنا چاہیئے کہ پولس اس کوشش مین اس مقدمہ مین کہان تک کامیاب ہوئی ہے ہم اس امر سے بیشک متفق نہین ہین کہ چونکہ ابتداءً ہری بہاؤ نے پولس مین خبر دی تھی۔ یا یہ کہ نارائن راؤ کو پولس نے بلایا تھا اور پولس کی فرمایش پر اوس نے مال مسروقہ کی فہرست مرتب کر کے دی تھی۔ اور پولس کے اس استفسار پر اوس نے کہا تھا کہ میرے یہان چوری ہو گئی۔ یہ کچھ بھی مفید ملزم کے ہے اور پھر کچھ لازم نہ تھا کہ پولس کے ایسے کسی فرمایش پر وہ کوئی ایسی خبر بیان کرتا یا کوئی فہرست مرتب کر کے دیتا جسکو وہ جھوٹی جانتا یا یاد رکرتا تھا۔ اور نہ ہمکو اس بحث سے اتفاق ہے کہ دفعہ ۱۵۸ مذکور مین خبر سے مراد وہ خبر ہے جو اول مرتبہ دی جائے اور اوس کا ملزم جو کچھ بھی وہ ہری بہاؤ ہے بلکہ ہماری رائے مین جو خبر باوجود اس علم کے کہ وہ جھوٹی ہے یا اوسکی جھوٹی یاد رکر کے دی جائے وہ مقدمہ یا تفتیش کے چاہے کسی نوبت پر ہو اوپر خبر متذکرہ دفعہ (۱۵۸) ضابطہ مذکورہ کا اطلاق ہوگا۔ ممکن ہے کہ ہری بہاؤ بھی جس نے ابتداءً خبر دی تھی۔ اگر شرایط پوری ہو جائین مجرم ہو لیکن یہ اسکا موجب نہین ہے کہ نارائن راؤ نے

نارائین راؤ بنام سرکار

پرپھیا ولد کونڈ با ملازم سے بمبابرد پی کے بھائی نامی ہری بھاؤ کے گھر میں آکر ہری بھاؤ کو چھڑی بتا کر اس کے گھر کی خانہ تلاشی کرنے میں آہنی پیپ توڑ کے تھے اوس کے بازو پتھر کے نیچے سامنے میں کاغذ کی پوٹری میں طلائی پتلیاں ۴ عدد تحریرے ۱۲ بارہ عدد نکلے۔

. . . . . . ہری بھاؤ کی عورت نامی لکشمی بائی ہے اوس نے کہی کہ آج صبح پرپھیا نے بھینس چھوڑنے کے لیے حسب معمول آکر بھینس کے کوٹھے کے پاس گھانس کے نیچے جو ہری بھاؤ کی کھولی سے مشرق کی طرف (۸) قدم کا فاصلہ ہے کھولی قریب گھانس کی نیچے چند دنوں میں کچھ چیزیں باندھ کر رکھا ہے وہ دیکھنا اس کہنے پر ہم تریخ دیہ پرپھیاء لکشمی بائی نے نکال کر دئے۔

اس مضمون پنچنامہ سے ظاہر ہے کہ برآمدگی مال کی بڑے باعث وہی پرپھیا تھے جنہیں خود سرقہ کا گمان ہوا تھا۔ اور ملزم اور ہری بھاؤ پر نگرانی مقرر کئے گئے تھے اور یہ جو کچھ برآمدگی ہوئی ہے وہ اون ہی کے حسن کارگذاری کا نتیجہ ہے مگر فی الحقیقت اس پولس اور پرپھیا کی کوشش کا حال یہ ہے کہ نارائین راؤ کے صندوق سے صرف روپیہ اور اوس کے کپڑے وغیرہ نکلے لفظ "وغیرہ" کی کوئی گو صراحت نہیں ہے مگر یہ ضرور ہے کہ اگر نارائین راؤ کے پاس کوئی ایسا مال نکلتا جو فہرست مال مسروقہ میں درج تھا۔ تو پولس اوس کے لیے یہ لفظ وغیرہ نہ استعمال کرتی - ایا راؤ اس مقدمہ میں کوئی فریق نہیں ہیں اس لیے جو کچھ مال اوس کے صندوق سے پرپھیا نے نشاندہی کر کے برآمد کرا دیا۔ وہ ایک ایسے مقدمہ میں جس میں صرف نارائین راؤ ملزم ماخوذ ہے کچھ ہمارے لیے اہم نہیں ہے اسی طرح ہری بھاؤ کے پاس بھی جو کچھ نکلا وہ کچھ اس مقدمہ میں قابل بحث نہیں ہے گو ہم اوس کی برآمدگی بھی مشتبہ پاتے ہیں۔ اس لیے کہ ہری بھاؤ کا یہ طلائی پتلیاں وغیرہ اس طرح کاغذ کی پوٹریا میں ایسی جگہ رکھنا ہرگز قرین قیاس نہیں ہے کیونکہ یہ نہیں کہا گیا ہے کہ اس سے بہتر جگہ اوس کے لیے اس مال کے چھپانے کے واسطے ممکن نہ تھی اب رہ گئیں وہ چیزیں جو گھانس کے نیچے سے نکلیں۔ اوس کی نسبت پہلے تو بہت مشتبہ ہے کہ جبکہ لکشمی بائی نے

نارائن راؤ بنام سرکار عالی

جو کچھ مال نارائن راؤ کے صندوق سے اور رہری بہاؤ کے پاس سے برآمد ہونا کہا گیا ہے اوسکی نسبت عدالت ماتحت نے نارائن راؤ ملزم سے بیان استفساری مین کچھ پوچھا - اور نہ پولس نے عدالت موصوف کو متوجہ کیا عدالت ماتحت کا تمام چیزون اور امور کی نسبت پوچھنا - اور اوس مال کی نسبت ترک کرنا ایک نامناسب فروگذاشت تھی - اور گو اس کی ذمہ داری عدالت ماتحت پر ہو لیکن پولس اپنے اوس فریضہ پیروکاری سے سبکدوش نہین تسلیم ہوسکتی کہ جس سے اوسپر لازم تھا کہ وہ عدالت ماتحت کو متوجہ کرتی کہ اسکی نسبت بھی ملزم سے پوچھ لیا جائے اس منقش نے کہا ہے کہ ۲ر آبان ۲۵ف شب مین ۳ بجے رات کو اوس کو اطلاع ملی کہ نارائن راؤ اپنے مکان سے ایک پوٹلی اپنی کوٹھی مین لے گیا ہے اسکا اقتضاء یہہ تھا کہ پولس فوراً اوسی وقت ملزم کی کوٹھی کو پہونچتی اور اس خطرہ کو گوارہ نہ کرتی کہ ملزم (جو مال یون مکان سے چھپاکے لایا ہے) اوس کو منتقل کردے اور پولس کے عام عمل سے کہ وہ ایسی خبر کو پاکر کبھی دیر نہین کرتی ہے اور جس قدر جلد ممکن ہوتا ہے مقام پر پہونچکر کارروائی کرتی ہے - معلوم ہوتا ہے کہ ان منقش کو کچھ ضرور ایسا اطمینان ہوگا کہ عجلت و مستعدی کی ضرورت نہین وہ جب جائینگے مال مل جائیگا اس سبب اوںہون نے اپنی راحت مین خلل آنے دینا بے ضرورت سمجھا - اور یہ صبح کو گئے اور کہتے ہین کہ نارائن کے صندوق سے کچھ مال نکلا اور رہری بہاؤ کی کوٹھی سے بھی کچھ مال نکلا اس کے متعلق پنچنامہ مورخہ ۲ر آبان ۲۵ف ہے اوسمین اس جگہ عجیب عبارت ہے جس کو ہم یہان نقل کردیتے ہین کہ "مسمی بہاؤ بہیا کی نشاندہی پر جملہ سامان نکال کردیکھے - خانہ تلاشی مین ایک صندوق آپا راؤ صاحب صندوقی جس مین دو ڈبے تھے - لوہے کے صندوق مین (۳) گجرے وزنی تین ماشہ سونے کا چھلہ ایک وزنی اندازاً بارہ ماشہ دو گوپنج اور دوسرے صندوق مین کچھ نہین نکلا - نارائن راؤ کے صندوق مین کپڑے وغیرہ کے سوائے نقدی کلدار صاحب اور حالی (۸۴) نکلے روپیہ مذکور چھلہ طلائی وزنی ۱ تولہ ۴ ماشہ دو گوپنج چوری ہوئے مال مین نہ تھے - وغیرہ کہنے سے ضبط نہین کیا گیا - آپا راؤ کے و نارائن راؤ کے گھر کی خانہ تلاشی ہونے کے بعد ہم پہنچ اور

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

ہوگا کہ اوس کے گھر سے مال بھی نکلا ہے پولس کو اوسکی نسبت چوری کا گمان بھی تھا۔
اوس کو پولس نے نارائن راؤ اور رہری بہاؤ پر نگران بھی مقرر کیا تھا پس اس سے اگر
راستہ مین نہین (جو بہترین محل تھا بوجہ اپنے مفروضہ تنہائی کے) تو جب نارائن راؤ
کیمپ مین پہونچا تھا کیون نہ غل مچا دیا۔ ۱۱ بجے کا وقت تھا۔ اوس وقت تو سب سو نہ گئے
ہون گے اور سو بھی گئے ہون گے تو شور و غل سُن کے اوٹھ جاتے۔ وہ ممکن تھا مین اگر
یہ غل مچا دیتا تو لوگ دیکھ لیتے کہ نارائن راؤ کی بغل مین پوٹلی ہے یہ ہیا کی یہہ حالت
ہے اور پولس کی وہ بے پروائی یا اطمینان کہ وہ نین بجے مطلع ہوئی۔ اور صبح کو آئی اور
پنچنامہ اس مال کا کیا۔

اس کے بعد اوس مال کی برآمدگی سے بحث رہ جاتی ہے جو نارائن راؤ کے مکان
اور نیز پر بہیا کے چھپر پر سے برآمد ہوا۔ صبح کے واقعہ کا تو ابھی ذکر ہو چکا۔ پس اب یہ
نہین سمجھا جا سکتا کہ نارائن راؤ اس امر سے بے خبر تھا کہ پولس کا اوس کے خلاف کیا
منشا ہے اور پر بہیا کی کیسی اور کیون نگرانی اوس پر ہے۔ پس نارائن راؤ سے جو مستند اور
وکیل ہے یہ توقع نہین ہو سکتی تھی کہ وہ کوئی اور ایسا فعل کرتا جس سے اوسکی ملزمیت
اور زیادہ شدید ہو جاتی۔ مگر پولس یا اوسکی طرف سے جو کچھ ظاہر کیا گیا ہے اوسکا حاصل
یہ ہے کہ نارائن راؤ اتنا بے فہم اور ناعاقبت اندیش ہے کہ چند گھنٹون مین صبح کا واقعہ
بھول گیا اور زیادہ رات جانیکا بھی انتظار نہ تھا سر شام ہی اپنے مکان پہنچ کر [illegible]
مال کھودنے لگا۔ چنانچہ مفتش کہتے ہین کہ شام کو اون کو اطلاع ملی کہ نارائن راؤ اپنے
مکان گیا ہے اور اوہون نے کل کی رات کی طرح اس وقت کوئی غفلت نہین کی بلکہ یہ
بھی ۷ بجے موقع پر پہونچ گئے اور مال برآمد کیا۔ ہمکو حیرت ہے کہ اسواقعہ کے
متعلق بھی صرف ان ایک مفتش اور ایک شخص سید نور کا اظہار ہوا ہے۔ حالانکہ یہان
کہا گیا ہے کہ متعدد پنچ تھے اور دو بیلدار تھے جنہون نے مال کھودکے نکالا تھا مگر کوئی
اور پنچ یا بیلدار پیش نہ کیا گیا۔ اس واقعہ کی نسبت اور واقعات ما سبق کے متعلق باوجود
موجود ہونے گواہون کے پولس کا اُن کو پیش کرنیکی جرءت نہ کرنا قانوناً اس قیاس کا

نارائن راؤ
بنام
سرکار عالی

کہہ دیا تھا کہ یہ چیزیں پربھیا نے رکھ دی تھیں جس سے پربھیا کے نہ صرف کرتوت
کا افشا ہوتا تھا بلکہ اوس پر مجرمانہ حیثیت سے ایک طرح ملزم کے مقابلہ میں جھوٹی شہادت
مہیا کرنے کا الزام عاید ہوتا تھا پولیس نے کیوں نہیں اس سے پوچھا اور یہ کیا
کہہ رہی ہے اور اس نہ پوچھنے کی کوئی علت بجز اس کے نہیں ہوسکتی کہ اس طرح
مال کی برآمدگی پر مزید روشنی نہ پڑے۔ اور پربھیا کا ناجایز عمل نہ کھلے اور اس سے
بڑھکر یہ ہے کہ اگر پولیس نے نہیں پوچھا تھا تو پربھیا نے کم سے کم یہ کیوں نہیں
فوراً کہہ دیا کہ یہ جھوٹی ہے کیونکہ یہ اوس کے بیچ محل کلام تھا نہ جانے سکوت موجب
شبہ ہے۔ وہ کسی ایک حد تک تسلیم بھی جاسکتی ہے اور اس طرح جو مال برآمد ہوا اوسکا
اگر کچھ اثر ہو تو ہری بھاؤ اور لکشمی بھاؤ پر ہوگا نہ نارائن راؤ پر۔ اس کے علاوہ یہ بتایا
ہے کہ وہاں اور پنچ بھی موجود تھے لیکن وہ کیوں نہیں پیش کیے گئے صرف ایک
منقش کا بیان ہے جو معروض شبہ ہے۔ اور دوسرا پربھیا کا اظہار ہے جو اپنے
طرز عمل سے خود ملزم معلوم ہوتا ہے جہاں سے مال برآمد کیا گیا ہے وہ کوئی ایسی
محفوظ جگہ نہیں ہے کہ جہاں کوئی اور کوئی شخص مال کوئی مال نہ رکھ سکتا تھا۔

نارائن راؤ ایک سن شخص اور وکیل کہا گیا ہے اوسکی فہم اور احتیاط کا یہ اقتضا
کبھی نہیں ہوسکتا کہ اگر وہ اس مال کو یوں چھپانا یا منتقل کرنا چاہتا تو یہ جگہ اوس کے
لئے منتخب کرتا اگر کہا جائے کہ احتمال اس کا موجب ہوا تو یہ بھی نہیں معلوم ہوتا ہے
نارائن راؤ کو پولیس کے آنے کی کوئی اطلاع ہوگئی تھی اور ایسی حالت میں یہ اطلاع ہوئی کہ
اسی حالت انتشار میں یوں یہ مال رکھدیا۔

پربھیا کہتا ہے کہ دس بجے رات کو ہری بھاؤ اور نارائن راؤ کیمپ سے گاؤں
گئے تھے اور ہم پیچھے پیچھے تھے (لفظ ہم کا اقتضاء ہے کہ یہ تنہا متعاقب نہ تھا) وہ
دونوں ایک گھنٹہ بھر کے بعد مکان سے نکلے تو نارائن راؤ کی بغل میں پوٹلی نظر
آئی تو ایسے کا واقعہ تھا یہ تو ہم اوپر کسی قدر صراحت سے دکھلا آئے ہیں کہ
اس مقدمہ میں پربھیا کا کیسا گہرا تعلق ہے وہ نارائن راؤ کا پڑوسی ہے آگے چلکر معلوم

نارائن راؤ بنام سرکار عالی

جاتا ہم اس کو صاف و صریح حیلہ سمجھتے ہیں مال کا تول دینا اگر ممکن ہو ضروری لیکن یہ لازم نہیں ہے کہ اگر تولا نہ جاسکے تو شمار وغیرہ کچھ کر فوراً پنچنامہ نہ کیا جائے سید نور نے یہ بھی نہیں دیکھا کہ لوٹا کس نے نکالا۔ اس مال کا اور نیز دوسرے مال کا جو پیپا کی چھپر سے ملا ثابت ہے اور اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ نارائن راؤ نے اسکو وہاں پھینکدیا تھا) پنچنامہ صبح کو ہوا۔ پولیس کہتی ہے کہ اوس نے اس مقدمہ میں ڈیڑھ مہینے تفتیش کی۔ بہتر ہوتا کہ عدالت ماتحت کیس ڈائری وغیرہ منگا کے دیکھتی تو کھلتا کہ اس عرصہ میں پولیس نے کیا کیا اور کہاں تک اوس کی سعی مشکور ہے۔

بہرحال اس طویل عرصہ میں پولیس نے نارائن راؤ کو ممنوع نہیں کیا تھا کہ وہ اپنے گھر میں جانے اور رہنے اور وہ وہاں رات دن رہ سکتا تھا اور اپنی وکالت کے مقدمات کے بہانے کہیں اور آجا سکتا تھا۔ اور پورا موقع تھا کہ اگر وہ چاہتا تو مال کو جہاں چاہتا اس طرح منتقل کر دیتا۔ پولیس کو پتہ نہ لگ سکتا مگر کبھی اوس نے ایسا نہ کیا اور کیا تو اوس رات کو جس کے قبل صبح کو پولیس اور مال برآمد کر چکی تھی اس کے مقابلہ میں یہ دیکھنا چاہیئے کہ نارائن راؤ نے کہا ہے کہ "مجھے کیمپ سے سب انسپکٹر صاحب و جوان پولیس لے گئے اوس وقت پنچ ساتھ نہیں تھے مجھے اندر بٹھلا کر صبح میں بتاریخ ۳ آبان پنچ کو بلائے اور پنچنامہ زیورات کا کئے"

(یہ نامربوط عبارت ہم نے بعینہ نقل کر دی ہے) اور اس کے قبل اپنے بیان میں یہ کہہ چکا ہے کہ پیٹے میں زیورات کو ان رکھکر اس جگہ دفن کئے۔ مجھے نہیں معلوم" تمام روئداد مثل کو ملاحظہ کرنے سے ہم کو سمجھ نہیں آتا کہ کوئی مال جیسا کہ پولیس کا بیان ہے نارائن راؤ نے چھپایا یا منتقل کیا۔ اور عجیب نہیں کہ جس طرح گیا نس کے نیچے مال رکھکر برآمد کرا دیا معلوم ہوتا ہے یہاں مکان اور چھپر سے بھی یہی ایسا ہی ہوا ہے پولیس سے ثابت نہیں ہوتا کہ ملزم نے جھوٹی خبر اوسکو جھوٹی جانکر یا باور کر کے دی۔ اور نہ بنظر حالات مثل یہ معلوم ہوتا ہے کہ نارائن راؤ کی اس سے یہ غرض تھی کہ پولیس کے ذریعہ سے کسی شخص کو مضرت پہنچائے۔ کیونکہ پولیس نے کہا ہے کہ ملزم کی اس سے یہ غرض

راین راؤ بنام سرکار عالی

موجب ہے کہ اگر وہ پیش ہوتے تو پولس کو بجائے نفع کے ضرر پہونچتا - لیکن ہم دیکھتے ہین
کہ یہ خطرہ پولس گوارا کرتی ہے اور اکثر مقدمون مین باوجود امکان ایک ایک گواہ
ایک ایک واقعہ کا پیش کرتی ہے اور اپنی سمجھہ مین اس طرح وہ اندیشہ اختلاف کا انسداد
کرتی ہے مگر ہماری رائے مین اگر پولس صحیح عمل کرنا چاہتی ہے تو اوس کو یہ اندیشہ
نہ کرنا چاہیئے - اوس کو بر جا بیزار اور مناسب کوشش تا امکان ہر صحیح واقعہ کے اثبات مین
کرنا چاہیئے بعدہٗ اگر وہ ثابت نہ ہو تو اوس پر کچھہ الزام نہین ہے - اوسکا کبھی یہ فرض
نہین کہ خواہ مخواہ کسی کو سزا دلائے اور اختلاف کی نسبت تو یہ تجربہ ہے کہ سچے گواہون
مین ہو جاتا ہے اور بعض مواقع پر اتفاق دلیل تعلیم و تفہیم پایا گیا ہے حقیقت مین
اختلاف یا اتفاق کی بنا پر یہ نہین کہا جاسکتا کہ وہ قطعی ثبوت اس کا ہے کہ گواہ سچے
ہین یا جھوٹے تجربہ کار جج ہر گواہ کے تمام بیان پر اوسکی حیثیت اور وقعت اور
حالت اور تعلق پر نظر کرکے اپنی میزان ذہن مین موازنہ کرتا ہے اور نتیجہ نکالتا ہے
قانوناً ایک گواہ کی شہادت ہم مانتے ہین کہ اگر سچی ثابت ہو تو کافی ہوگی لیکن اس سے
یہ کلیہ کہ ایک گواہ سے دو اور اسی طرح جس قدر زیادہ شخص شہادت دینگے اوسی قدر
(بشرطیکہ بیان قابل اعتبار و وثوق ہو) زیادہ مشہود بہ پر اعتقاد ہوگا - اس واقعہ زیر بحث
کے متعلق مفتش اور سید نور کا بیان بالکل قابل اعتبار نہین ہے - وہ دلیل دار تھے
اور کہا گیا ہے کہ اونہون نے ۸ - ۹ بجے سے کھودنا شروع کیا - زمین
بھی سخت نہ تھی ایک ہاتھ عمیق پہلے ہی سے کھودا ہوا تھا - سید نور کہتا ہے
۱۱ بجے اور مفتش کہتا ہے کہ ۱۲ بجے لوٹا نکلا - ممکن ہے کہ کہا جائے کہ درمیان مین
بارش ہوگئی تھی - لیکن یہ نہین کہا گیا کہ بارش کتنی دیر ہوئی تاکہ اوسکے عرصہ کی منہائی
کرکے اندازہ کیا جاسکتا تاہم سید نور نے اپنے اظہار مین کہدیا ہے کہ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ
کھودا تھا جو ایک معمولی گڑھے کے لیے بہت زیادہ معلوم ہوتا ہے پھر اوس وقت
بلکہ اوس رات کو پولس نے اس مال کی نسبت جو اوس سے پہلے اس جان کاہی
اور کد و کاوش سے برآمد کیا تھا کوئی پنچنامہ نہین کیا اور کہا گیا ہی کہ کانٹا نہ ملا تھا کہ مال تولا

اندرا بیگم بنام موہن لال

فرق مابین چالان وپیروی پولس و استغاثہ شخص خانگی بمقدمات قابل دست اندازی پولس قتی نشان ۹/۱۹ باتہ سنہ ۱۳۱۳ف فقرہ (۲)، گشتی نشان ۱۰/۴ باتہ سنہ ۱۳۲۲ف (مطبوعہ الترتیب شرح القوانین جلد ۴ صفحہ ۸۰ حصہ احکام و آئین جلد ۱۹ صفحہ ۱۰ حصہ ۲ احکام) فرض ادائی خرچات لاحقہ بذمہ مستغیث۔ جواز اخراج مقدمہ قابل اجرائی وارنٹ و قابل دست اندازی پولیس بصورت بعدم ادخال خرچہ لازمی منجانب مستغیث۔ اخراجات کی ادائی کے لیئے کافی مہلت عطا نہ ہونا۔ ناجوازی اخراج۔

ایک مقدمہ قابل دست اندازی پولس جو بربنا استغاثہ دائر ہوا تھا اس بنا پر خارج کیا گیا کہ مستغیث نے اخراجات اجرائی وارنٹ طلبی گواہ داخل نہیں کئے۔ بر طبق نگرانی تجویز ہوئی کہ۔

مقدمات قابل اجرائی وارنٹ و قابل دست اندازی پولس میں اگر کارروائی فوجداری بربنا استغاثہ شخص خانگی جاری ہو تو اخراجات لاحقہ کا ادا کرنا مستغیث پر فرض ہے اور اگر وہ اوس میں قصور کرے تو مقدمہ خارج کیا جا سکتا ہے مقدمات دکن لا رپورٹ جلد ۱ صفحہ ۵۰ و جلد ۲ صفحہ ۱۹ حصہ فوجداری سے اختلاف کیا گیا۔

نیز یہ بھی تجویز ہوئی کہ گشتی نشان ۹/۱۹ باتہ سنہ ۱۳۱۳ف فقرہ (۲) و گشتی نشان ۱۰/۴ باتہ سنہ ۱۳۲۲ف کا منشا یہ ہے کہ اگر مقدمات قابل دست اندازی پولس میں منجانب پولس کارروائی عمل میں آئے تو اخراجات لاحقہ کا وصول کرنا ضروری نہیں ہے اس سے اشخاص ثالث کو فائدہ نہیں ہو سکتے۔

نیز یہ بھی تجویز ہوئی کہ چونکہ اس مقدمہ میں کافی مہلت نہیں دی گئی اور مستغیث کے عذرات لغو ہے اس لیے نگرانی لائق منظوری ہے۔

منجانب نگرانی خواہ مولوی محمد رفیع الدین صاحب و مولوی محمود محی الدین صاحب و مولوی جہانگیر علی صاحب وکلا۔

منجانب طرف ثانی مولوی حبیب اللہ صاحب وکیل۔

نارائن راؤ بنام سرکار عالی

تھی کہ وہ اپنے ہری بہاؤ کو اوس کے حصہ سے جو جائداد مشترکہ مین اوسکا تھا محروم کرے اگر ایسا ہوتا تو سب سے پہلے نارائن راؤ کا مخالف اور پولس کا گواہ خود ہری بہاؤ ہوتا اور پولس ممکن نہ تھا کہ اوسکی شہادت دلانے مین دریغ کرتی برعکس اسکے ظاہر ہوا ہے ہری بہاؤ خود ملزم کے ساتھ مال کے منتقل کرنے اور چھپانے مین کونسا ان اور شریک تھا الحاصل روئداد موجودہ سے نہ وہ امور ثابت ہین کہ جن کے ثبوت پر جرم متذکرہ دفعہ ۸۵ تعزیرات جاکف محروسہ سرکار عالی کا عاید ہونا منحصر ہے اور نہ دوسرے کوئی ملزم کی حرکت ثابت ہوتی ہے۔ بلکہ پولس کے عمل پر نظر کرکے شہادت دورنگی سے کا بہت کچھ موقع ملتا ہے جسکا فائدہ بھی اصولاً ملزم کو ملنا چاہیئے۔ اور ظاہر ہوتا ہے کہ نارائن راؤ نہایت بُری طور پر ستایا اور زحمت مین مبتلا کیا گیا اور اوسکو سزا دلانے کی کوشش کی گئی۔ پس مین جناب مفتی صاحب سے متفق ہون۔ فقط۔

نگرانی فوجداری

جلسۂ

باجلاس عالی جناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس و عالیجناب مولوی محمد غلام اکبر خان صاحب رکن۔

مثل نمبر ... فیصلہ ۹ امر داد ...

اولیا بیگم زوجہ حسن یار خان۔ نگرانیخواہ

بنام

موہن لال طرفثانی

اخراج استغاثہ۔ اخراج استغاثہ بوجہ عدم ادخال اخراجات وارنٹ حاضری گواہ۔

مقدمہ قابل دست اندازی پولس و قابل اجرائی وارنٹ۔ لزوم ادخال اخراجات لاحقہ۔

نگرانی بنا راضی تجویز مولوی محمد امجد علی خان صاحب ناظم سوم عدالت فوجداری بلدہ مورخہ ۲۸ اسفندار ۱۳۲۰ فصلی صادر کردہ زیر دفعہ ۲۰۹ ضابطہ فوجداری بعدم ادخال خرچہ مقدمہ خارج اور ملزم رہا۔

اندیا بیگم
بنام
سوہن لال

ںل مجوزین کا یہ منشا ہے کہ ایک مقدمہ متعلق جرم قابل دست اندازی پولیس کے دائر
نے کے بعد مستغیث تمام ذمہ داری طلبی شہود اور اوس کے اثبات اور حاضری سے
ی الذمہ ہو جاتا ہے۔ اور ان سب امور کی تعمیل و تکمیل کی ذمہ داری مجسٹریٹ کے
ہ عاید ہو جاتی ہے اگر ایسا ہو تو عدالتوں کو سخت دشواری کا سامنا ہی نہ
ہ ہوگا بلکہ ایک مجوزی کی اون کی حیثیت باقی نہ رہے گی اور اونکو ضرور ہوگا کہ وہ شہادت کو
ت کریں یا اور بہم پہونچائیں۔ اور اوسکو قلمبند کریں اور پھر تجویز جو نہ ہرگز اصول عدالت کے
لق ہی اور نہ بہترین مصلحت۔ بیشک ایسی صورتیں ہوسکتی ہین کہ جن مین کوئی مجسٹریٹ غیر
ضری مستغیث مین سے۔ اور باوجود خرچہ طلبی شہود وغیرہ کے داخل نکرنے
کے بھی اغراض انصاف کے لیے یہ مناسب سمجھے کہ استغاثہ خارج نکرے اور سرکاری
طرف سے اون گواہون کی طلبی کا حکم دے کہ جن کے اسماء اور پتہ مثل سے معلوم
ہو سکتا ہے۔ یا مستغیث بتا سکتا ہے۔ مثلاً جبکہ مستغیث مفلس ہے یا اور کوئی معقول وجہ ہو
ن عام طور سے مقدمات قابل دست اندازی پولس مین مستغیث کو حاضری اور ذمہ داری
ادائی خرچہ طلبی شہود وغیرہ سے بری الذمہ قرار دینا ہماری رائے مین نہ منشاء قانون ہے
نہ ضرورت و مصلحت عامہ۔ پس اس عذر کو تو ہم نامنظور کرتے۔ لیکن بلحاظ عذر ثانی
بل قبول ہے۔ کیونکہ پیشیان رضامندی یا بخواہش ملزم تبدیل ہوئین مستغیثہ مخدرہ ہے
مہلت بھی کافی نہین دی گئی۔ پس ایسی حالت مین اس بنا پر اخراج مقدمہ کا مناسب
تھا۔ اور بمنظوری نگرانی ہم حکم اخراج مقدمہ کو منسوخ اور مقدمہ کو تکمیل تحقیقات کیلئے
پس کرتے ہین۔

مولوی محمد غلام اکبرخان صاحب رکن۔ نگرانی خواہ کی جانب سے باوجودیکہ تین
وکلاء ہین۔ لیکن کوئی حاضر نہین ہے نگرانی خواہ پردہ نشین ہے نگرانی کے وجوہ قابل
پذیرائی نہین ہین۔ ہمکو اس رائے سے اختلاف ہے کہ مقدمہ قابل اجراء وارنٹ کبھی
اور کسی حال مین قابل اخراج بلا نہین ہے۔ چونکہ ہماری رائے اس مسئلہ مین سادون
علاوہ سے مختلف ہے۔ جو اس بارے مین صادر ہوئے ہین اسلئے ہم وکلاء نگرانی خواہ کی

مولوی سید محمد غلام جیلانی صاحب منصرم مبر مجلس - نگرانی خواہ ایک عورت ہے اوسکی طرف سے تین وکیلون کے وکالت نامہ شامل مثل ہین - اور تینون وکیل غیر حاضر ہین -
جزئیہ تنقیح طلب یہہ ہے کہ عدالت ماتحت کا اخراج مقدمہ بوجہ عدم ادخال خرچہ اجرائی وارنٹ نسبت شہود غیر صحیح ہے یا صحیح -

(نوٹ - یہانتک ہم لکھ چکے تھے کہ مولوی رفیع الدین صاحب وکیل نگرانیخواہ حاضر ہو گئے) اونکی بحث یہہ ہے - اس مقدمہ مین چونکہ جرم قابل دست اندازی پولس ہے اسلئے کسی خرچہ متذکرہ بالا کے داخل کرنیکی مستغیثہ کو ضرورت نہ تھی - اور موقع کافی بھی اوس خرچہ کے داخل کرنے کیلئے نہین دیا گیا - عذرِ اول کی صحت مین ہم کو بہت تامل ہے کہ اوسکا یہہ منشا ہے کہ جن جرائم کو قابل دست اندازی پولس قانون نے قرار دیا ہے اونمین خرچہ طلبی شہود وغیرہ کسی فریق سے نہ عدالت کو لینا چاہیئے - اور نہ کسی فریق پر اوسکا داخل کرنا لازم ہے -

جن مقدمات قابل دست اندازی پولس کو پولس چلاتی ہو اور اونمین پیروکار ہو - اونمین خرچہ طلبی شہود و اجرائی وارنٹ نہ لینے کی وجہ تو یہ ہو سکتی ہے کہ اوس کا بار سرکار کی ذمہ عاید ہوتا ہے یعنی سرکار کی طرف سے خزانہ سرکار سے لیکے پولس کا خرچہ داخل کرنا اور عدالت کا اوس کو لیکے پھر خزانہ سرکار مین داخل کرنا ایک عمل لا حاصل ہوگا - لیکن مقدمہ متعلق جرم قابل دست اندازی پولس مین جب کہ پولس دست اندازی نہ کرے یا استغاثہ پولس مین درج نہ ہو گیا ہو تو اوسمین بھی یہی وجہ اوسکے لیئے ہو سکتی ہے کہ اخراجات طلبی شہود یا اجرائی وارنٹ بغرض حاضری شہود کے ادائی کی ذمہ داری خواہان طلبی یا گرفتاری شہود پر نہ ہو - لایق وکیل نگرانی خواہ اس کی تائید مین کوئی وجہ نہین بیان کرتے ہین اور نہ ہم پاتے ہین البتہ وکیل موصوف چند نظائر پر استدلال کرتے ہین کہ جنمین طے ہوا ہے کہ مقدمات قابل اجرائی وارنٹ کو غیر حاضری مستغیث یا قصور عدم پیشی شہادت مین خارج کرنا نہ چاہیئے - اس کی تائید مین دکن لا رپورٹ جلد ۵ صفحہ ۱۹ (حصہ فوجداری) و جلد ۱ صفحہ ۵ ۹ ہمکو سنائے گئے اور ہم نے اون پر غور کیا ہم نہین سمجھتے کہ ان کے نظائر کے

دولیا بیگم بنام سوہن لال

بجز اس کے کوئی نتیجہ نہ تھا کہ خود گورنمنٹ اس بار کو برداشت کرتی جسکے معنے یہ ہیں کہ گورنمنٹ کے ایک صیغہ سے خرچ ہوتا اور دوسرے صیغہ کی آمدنی میں جمع کیا جاتا اور یہ محض تحصیل لاحاصل اور غیر مفید طریق عمل تھا اس لیے وہ مقدمات جو پولیس سے چالان کیے ہوں اخراجات لازمی کی ادائی سے مستثنیٰ رکھے گئے ہیں اس فقرہ کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ جو مقدمہ تعریف لفظ "قابل دست اندازی پولیس" میں آئے وہ ہر حال میں ادائی اخراجات لازمی سے مستثنیٰ رہے خواہ مقدمہ پولیس چالان کرے یا مستغیث بلا تعلق پولیس خود رجوع کرے بہر حال ہماری صاف طور پر یہ رائے ہے کہ اخراجات اجرائے وارنٹ مستغیث کو ادا کرنا ضروری تھے اور اوس کے عدم ادخال کی صورت میں مقدمہ کا اخراج خلاف منشاء قانون نہیں ہے ان عذرات کے بعد وکیل نگرانی خواہ ایک عذر یہ بھی کرتے ہیں کہ شہادت پیش کرنے کے لیے اون کو موقعہ ملنا چاہیئے۔ اخراج مقدمہ گو صحیح لیکن خالی از سختی نہیں ہے اس عذر کو ہم نے قابل التفات خیال کر کے فرد کارروائی عدالت ابتدائی کو لاحظہ کیا جس سے عذر کی تائید ہوتی ہے اور بلحاظ اس کے کہ مدعیہ پردہ نشین ہے اور غفلت جو عدم ادخال خرچہ میں ہوئی ایسی شدید نہیں معلوم ہوتی ہے جو استغاثہ کے اخراج کی وجہ قرار دیجا سکے اس لیے بلحاظ اون خاص حالات کے جو مستغیثہ کی پیروی اور مستعدی کی نسبت فرد کارروائی سے معلوم ہوتے ہیں۔ مستغیثہ کو ایک مزید موقعہ تقدیم شہادت کا دینا قرین انصاف ہے پس

حکم ہوا کہ

نگرانی منظور۔ حکم اخراج مقدمہ منسوخ۔ مدعیہ کو تقدیم شہادت کا موقع دیا جائے فقط۔

نگرانی فوجداری

بنچ منعقدہ

باجلاس عالیجناب خان بہادر مولوی مرزا حیدر جیون بیگ صاحب و عالیجناب مولوی محمد غلام اکبر خان صاحب ارکان

۱۰ / ۱ / بیگم
بنام
موہن لال

بحث سننا ضروری سمجھتے تھے اس نوبت پر وکیل نگرانی خواہ مولوی رفیع اللہ صاحب حاضر نہ تھے اور اپنی دیر حاضری کی معقول وجہ ظاہر کی) بحث سماعت کیگئی -

وکیل نگرانی خواہ کا عذر یہ ہے کہ مقدمہ وارنٹ کیس تھا اسلیے بوجہ عدم ادخال خرچہ طلبی شہود وہ خارج نہین ہونا چاہیئے تھا اور اسکی تائید مین نظائر مندرجہ دکن لا رپورٹ جلد اول صفحہ ۵۹ و دکن لا رپورٹ جلد ۵ صفحہ ۱۹ پر استدلال کرتے ہین - ان فیصلون مین جو کچھ تجویز کیا گیا ہے اسکے وجوہ درج نہین ہین تاکہ ہم اون سے بصراحت اتفاق یا اختلاف کر سکتے۔ ہمارے علم مین کوئی قانون ایسا موجود نہین ہے - جو مجسٹریٹ پر یہہ فرض عاید کرتا ہو کہ وہ خود مستغیث کی جانب سے شہادت طلب کراسے اور مستغیث کی غیر حاضری کی صورت مین بھی خود ہی اون پر سوالات ابتدائی بھی کرے اور ہمارے خیال مین عام طور پر بطور اصول اس پر عمل بھی نہین ہوسکتا اس لیے ہم باوجود اس عظمت کے جو اون ذی علم حکام کی ہمارے دل مین ہے - جنہون نے فیصلہ جات مذکور صادر کئے ہم اون فیصلہ جات سے اتفاق کرنے پر آمادہ نہین ہین اسلئے یہ عذر بطور وجہ نگرانی منظور نہین کیا جاسکتا -

دوسرا عذر یہ ہے کہ خرچہ اجرائی وارنٹ داخل کرنیکے لیے کوئی قانونی لزوم نہین ہے اور اس لیے مقدمہ بوجہ عدم ادخال خرچہ اجراء وارنٹ خارج نہین ہونا چاہیئے تھا وکیل نگرانی خواہ اس عذر کا بنیاد گشتی نشان ۱۹/۱ بابتہ سنہ ۱۳۱۲ ف کے فقرہ (د) کو قرار دیتے ہین اور اسکی تائید مزید کے لیے گشتی نشان ۱۰/۲ بابتہ سنہ ۱۳۲۱ ف پیش کرتے ہین (مطبوعہ علی الترتیب تشریح القوانین جلد ۴ صفحہ ۵۸ حصہ احکام وگشتیات - آئین جلد ۱۹ صفحہ ۱۰ حصہ ۲) ہماری رائے مین یہ عذر بھی قابل پذیرائی نہین ہے فقرہ (د) گشتی مذکور مین مقدمات قابل دست اندازی پولس کے لیے جو استثنا رکھا گیا ہے اوس سے مقصود صرف یہ ہے کہ وہ مقدمات جن مین پولس نے فی الواقع دست اندازی مطابق منشا قانون کی ہو یعنے وہ مقدمات جو پولس سے چالان کئے گئے ہون اون مین حکمنامہ واطلاعنامہ کے لیے کوئی فیس نہین لیجائے گی - اور اس کی وجہ صاف ہے کہ پولس پر ادخال اخراجات کا لزوم عاید کرنیسے

پر بعض اس وجہ سے کہ اوس نے ایک بیل گائے کا شکار کیا کوئی جرم ثابت نہیں ہو سکتا
پس عدالت ضلع کی تحریک لایق التفات ہے اور اسپیشل مجسٹریٹ کا فیصلہ بعینہٖ نگرانی لایق
اصلاح ہے لہذا

حکم ہوا کہ

تحریک عدالت ضلع منظور۔ تجویز عدالت اسپشل مجسٹریٹ منسوخ ہو۔
ایک ایک نقل اسکی دوسرے نگرانیون مین بطور فیصلہ شریک کرد ی جائے۔

مولوی محمد غلام اکبر خان صاحب رکن۔ وکیل سرکار حاضر ہین۔ تحریک صاحب جائنٹ
مجسٹریٹ ضلع ورنگل ملاحظہ کی گئی۔ ہمکو صاحب جائنٹ مجسٹریٹ کی راے سے بہ اتفاق
ہے کہ از روے قواعد شکار نافذہ تا وقتیکہ شکار گاہ کی حد بندی نہ کی جاے
اور اس حد بندی کا اعلان جریدہ اعلامیہ مین نہ کیا جاے شکار کوئی جرم نہین ہے یہ
تسلیم کیا گیا ہے کہ ضلع ورنگل مین کوئی حد بندی حسب احکام دفعہ ۴ قواعد شکار مندرجہ
نہین کی گئی اور اگر کوئی حد بندی کی گئی ہو تو وہ جریدہ مین شایع نہین کی گئی ہے اسلیے
قواعد شکار کی روسے اس مقدمہ مین کوئی سزا نہین دیجا سکتی ہے نظر بر آن بمنظوری
تحریک صاحب جائنٹ مجسٹریٹ ضلع ورنگل حکم دیا جاتا ہے کہ تجویز صاحب اسپشل
مجسٹریٹ بلدہ منسوخ۔ اور جرمانہ اگر وصول کر لیا گیا ہو تو واپس کیا جاے۔
اس تجویز کی ایک نقل بطور فیصلہ مسلہ نمبری ۴۳۹ ـ ۴۶۰ و ۴۶۱ سنہ ۱۳۱۹ ف
مین شریک کی جاے فقط۔

نگرانی فوجداری

جلسہ منعقدہ

باجلاس عالیجناب نواب سعد جنگ بہادر بیرسٹر ایٹ لا و عالیجناب خان بہادر
مولوی مرزا احمد رضوان بیگ صاحب ارکان

ماروتی　　　نگرانی خواہ

[illegible]

سرکار عالی ذریعہ انسپکٹر پولس ضلع - نگرانخواہ

بنام

شالی ثرسیا - طرف ثانی

قانون شکار - دفعہ ۴ قانون شکار - جرم خلاف ورزی قانون شکار - شکارگاہ کا غیر محفوظ اور غیر اعلان شدہ جریدہ اعلامیہ ہونا - شکار نیل گائے غیر محفوظ جنگل مین - عدم جواز تجویز ثبوت جرم -

تجویز ہوئی کہ تاوقتیکہ حسب دفعہ ۴ قواعد شکار یہ ثابت ہو کہ جس حصہ ملک مین ملزم نے شکار کھیلا وہ فی الواقع محفوظ کرلیا گیا تھا اور اوسکی اشاعت جریدہ اعلامیہ مین کردی گئی تھی - اور جس مین شکار کی ممانعت تھی ملزم پر محض اسوجہ سے کہ اوس نے ایک نیل گائے کا شکار کیا کوئی جرم عاید نہین ہوسکتا -

منجانب نگرانی خواہ مولوی قاضی محمد صدیق احمد صاحب وکیل سرکار

خان بہادر مولوی مرزا حیدر حیون بیگ صاحب رکن - وکیل سرکار حاضر واقعہ یہ ہے کہ اسپشل مجسٹریٹ بلدہ نے بپاداش جرم خلاف ورزی قانون شکار - ملزم کو ایکروپیہ جرمانہ کی سزا دی - اسکے برخلاف بغرض ازدیاد سزا پولس نے عدالت ضلع مین نگرانی کی جس کا نتیجہ یہ ہے کہ عدالت ضلع نے ازروئے قانون شکار ملزم کے فعل کو جرم تصور کرنیسے انکار کیا ہے اور مثل کو اپنی رائے کے ساتھ مجلس عالیہ عدالت مین بہیجدی ہے - وکیل سرکار خود ہی تسلیم کرتے ہین کہ عدالت ضلع کی تحریک واجبی ہے تاوقتیکہ بموجب دفعہ ۴ قواعد شکار یہ ثابت نہ ہو کہ جس حصہ ملک مین ملزم نے شکار کھیلا وہ فی الواقع محفوظ کرلیا گیا تھا اور اسکی اشاعت جریدہ اعلامیہ مین کی گئی تھی اور جس مین شکار کی ممانعت تھی - ملزم

نگرانی برنباء تحریک مولوی سید حیات الحسن صاحب شریک ناظم عدالت فوجداری ضلع ورنگل ذریعہ مراسلہ نشان (۲۰ ۲ ۲) مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۲۱ف نسبت تجویز اسپشل مجسٹریٹ صاحب بلدہ مورخہ ۲۰ امرداد ۱۳۲۶ف مشعر اینکہ بپاداش جرم خلاف ورزی قانون شکار ملزم پر ایک روپیہ جرمانہ ہو -

ماروتی
بنام
سرکارعالی

یا نہیں سماعت بحث کے لیے عدالت ۔۔ نے تاریخ بھی مقرر کردی - اس نوبت پر انتقال نامناسب ہے -

حکم ہوا کہ

درخواست نامنظور -

خان بہادر مولوی مرزا احمد بیگ صاحب رکن - مولوی سجاد علی صاحب ڈویژنل مجسٹریٹ دیگلور کے اجلاس سے مقدمہ ہذا کو منتقل کرنے کی یہ درخواست ہے بحث وکلا ، فریقین سماعت ہوئی - اور نیز مثل کا معائنہ کیا گیا - بظاہر کوئی وجہ کافی انتقال مقدمہ کی اس وجہ سے معلوم نہیں ہوتی کہ مثل سے درخواست گذار کے عذرات کی تصدیق نہیں ہوتی - یہ امر غیر ظاہر ہے کہ مجسٹریٹ نے نفسانیت سے کام لیا اور درخواست گذار کی گرفتاری کے لیے وارنٹ جاری کیا تھا - مقدمہ میں شہادت استغاثہ ختم ہوچکی ہے - اس نوبت پر مقدمہ کو منتقل کرنے میں گواہوں کو دوبارہ زحمت اور فریقین کو زیر بار میں مبتلا کرنا ہے -

درخواست گذار کا یہ عذر بھی مجرد ہے کہ مجسٹریٹ ماتحت نے قبل از وقت اپنی رائے کا اظہار کردیا تھا - اور اوس کو سزا دینے کا ارادہ کرلیا ہے بہرحال تاوقتیکہ اس امر کا اطمینان نہ ہو کہ فی الواقع موجودہ تحقیقات مضر حق درخواست گذار اور خلاف انصاف وضابطہ نتیجہ ہوگی مقدمہ کو منتقل کرنے کا حکم نہیں دینا چاہیئے - بعض خارجی امور کی طرف ہماری توجہ منعطف کرائی گئی جنکی کوئی تصدیق مواد مثل سے نہیں ہوتی مقدمہ چالانی ہے اور مال بہ مقدار کثیر برآمد ہوچکا ہے وکیل سرکار کو بھی انتقال مقدمہ میں قوی عذر ہے -

حکم ہوا کہ

درخواست نامنظور -

مرافعہ فوجداری -

نمبر مقدمہ ۳۴۰ سنہ ۱۳۲۰ ف
منفصلہ ۱۰ اسفندار سنہ ۱۳۲۶ ف

سرکار عالی ذریعہ دینکٹ راؤ۔

بنام

طرفثانی

انتقال مقدمہ۔ وجوہ انتقال۔ عدم موجودگی ثبوت وجوہ انتقال۔ عدم جواز انتقال مقدمہ۔

ایک درخواست انتقال مقدمہ اس عذر سے پیش کیگئی کہ ناظم تحقیقات سندہ نے ملزم کی نسبت یہ الفاظ کہ تم سے یہ حاشیان کی ہین خاطرخواہ سزا دیجائیگی اور بلاوجہ اوس کے نام وارنٹ جاری کیا گیا۔

تجویز ہوئی کہ وجہ اول کے نسبت کوئی ثبوت نہین ہے اور وجہ ثانی کا ابطال کاغذات مثل سے ہوتاہے درخواست انتقال نامنظور۔

منجانب نگرانی خواہ مولوی حافظ محمد عبد الغنی صاحب و راجہ اوز صاحب وکلاء
منجانب طرفثانی مولوی قاضی محمد صدیق احمد صاحب وکیل سرکار۔

نواب سعد جنگ بہادر رکن۔ بحث وکلاء فریقین سماعت ہوئی۔ ملزم نے انتقال مقدمہ کی درخواست پیش کی ہے۔ وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ڈویژنل مجسٹریٹ دیگلور نے برسر اجلاس یہ کہا تھا کہ درخواست گذار نے اوسکے مقابلہ مین بدمعاشیان کین ہین اوس کو خاطرخواہ سزا دی جائے گی۔ درخواست گذار کی جانب سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عدالت ڈویژن نے بلاوجہ اوس کے نام وارنٹ جاری کیا۔

ہم نے فریقین کی بحث سنی اور مثل پر غور کیا وجہ اول الذکر کا کوئی ثبوت درخواست مین نہین ظاہر کیا گیا۔ اور وجہ آخر الذکر کا ابطال کاغذات مثل سے ہوتا ہے مقدمہ مکمل ہوچکا ہے۔ مثل اس وجہ سے زیر غور ہے کہ فرد جرم لگائی جائے

نگرانی بارادنی حکم مولوی سید شمس الدین صاحب ناظم عدالت ضلع ناندیڑ مصدرہ ۳ مہر سنہ ۱۳۲۶ ف موسومہ ناظم صاحب درجہ اول عدالت فوجداری ڈویژن دیگلور متعلقہ مقدمہ مین منجانب پولس شہادت ختم ہوچکی ہے اسلیے اب بموجب ضابطہ کارروائی کرکے تحقیقات مکمل کیجیے ختم شہادت پر ملزم کا عذر انتقال مقدمہ کے متعلق ناقابل لحاظ ہے۔

تشکیل دہ جیوری بنام سرکار عالی

اور اگر وہ وہان موجود تھے تو وہ مجمع کے غرض مشترک کے پیشرفت مین موجود و شریک تھے یا محض بطور تماشائی - اور جو افعال کہ وقوع مین آئے وہ آیا غرض مشترک کے پیشرفت مین وقوع مین آئے۔

اپنے اقبالات کے بنا پر جس سے ملزمین نے رجوع کیا ہو اور جو خلاف قانون طریقہ پر قلمبند کئے گئے ہون ملزمین کو سزا نہین دیجا سکتی ہے

اگر کوئی گواہ مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو شہادت تائید استغاثہ ادا کرے اور روبروئے عدالت سشن مین لاعلمی ظاہر کرے تو بیان سابق ملزم کے خلاف شہادت مین استعمال کیا جا سکتا ہے

منجانب مرافعان پنڈت کیشو راؤ صاحب وکیل و مسٹر کلیان رام آیر صاحب وکلاء

منجانب مرافعہ علیہ پنڈت بتیشورناتھہ صاحب و عبدالقیوم صاحب وکیل سرکار۔

راؤ بہادر رنگا چاری صاحب مشیر قانونی و رائے بالمکند صاحب و مولوی سید محمد غلام جبار صاحب ارکان متفق الرائے - مجلس عالیہ عدالت نے ۲۸ ملزمین کے مقابلہ مین بجرم قتل عمد کے علت مین حکم سزا صادر کیا ہے اون سب نے جوڈیشل کمیٹی مین مرافعہ پیش کئے ہین مقدمہ کے واقعات باختصار حسب ذیل ہین۔

انسپکٹر کوتوالی تعلقہ شورا پور ضلع گلبرگہ شریف نے ننگپا وغیرہ (۲۹) نفر ملزمین کو عدالت فوجداری اسپشل مجسٹریٹ اضلاع کے اجلاس پر بعلت بلوہ مع قتل زیر دفعات ۱۴۷ و ۱۴۹ و ۳۰۲ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی بذریعہ چالان مورخہ ۴ مہر ۱۳۳۲ف پیش کرکے بیان کیا کہ موضع یالگی مین دو پارٹیان ہین - ایک سدپا مالی پٹیل کی - اور دوسری برادر سدپا کی - ان پارٹیوں مین عرصہ دراز سے معاش پٹیلگی و زمینات کی بابتہ تنازعات تھے اور ان تنازعات کی وجہ سے باہم اس درجہ خصومت بڑھی کہ ایک دوسرے کے قتل کے درپئے ہوگئے اور ملزمین بتاریخ ۲۱ خورداد ۱۳۳۲ف دن کے چار بجے بلوہ مع قتل عمد کے مرتکب اس طور پر ہوئے کہ گوڑپا ملزم علاقہ دار یار ؟ اول کا بندوق لیکر جب آگرہ

جوڈیشل کمیٹی

باجلاس عالیجناب راؤ بہادر ہی کشتما چاری صاحب بی۔ اے۔ بی ایل معتمد قانونی
و عالیجناب رائے بالمکند صاحب بی۔ اے۔ و عالیجناب مولوی
سید محمد غلام جبار صاحب ارکان

لنگپا وغیرہ — مرافعان

بنام

سرکار عالی — مرافعہ علیہ

۱۳۱۵ ف
نمبر مقدمہ ۹۵
فیصلہ [illegible]
[illegible]

بلوہ مع قتل عمد دفعات ۱۱۶ و ۱۹۱ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی - فرد جرم مبہم فرد جرم مین غرض مشترک مجمع خلاف قانون کا عدم اندراج - نقص فرد جرم - فرد جرم مین ترک اندراج غرض مشترک مجمع خلاف قانون باعث منسوخی حکم سزا نہین ہو سکتا ہے - اصول اثبات اقبال شرکا ء جرم مجمع خلاف قانون - اقبالات ملزم جس سے بعد مین رجوع کیا گیا ہو - اقبالات جو خلاف قانون طریقہ سے قلمبند کئے گئے ہون - بیان لاعلمی گواہ روبروئے مثل تنقیح خلاف اس بیان کے جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو بتائید استغاثہ کیا تھا - قابل پذیرائی ہونا بیان روبروئے مجسٹریٹ سپرد کنندہ -

تجویز ہوئی کہ جب ایسے فرد جرم کے بنا پر بلوہ کے جرم مین حکم سزا صادر ہوا ہو جس مین غرض مشترک ظاہر نہ کی گئی ہو تو ایسے ترک کی وجہ سے حکم سزا خلاف قانون نہ ہوگا -

مقدمات بلوہ مین یہ صحیح اصول ہے کہ یہ ممکن نہین ہے کہ اس امر کا تعین کیا جا سکے کہ ہر شریک نے بلوہ کے اثنا مین کون سے افعال کئے ہین لیکن یہ ثابت ہونا ضروری ہے کہ ملزمین فی الواقع موقعہ واردات پر موجود تھے نہ یہ

مرافعہ بارائی تجویز نواب نظامت جنگ بہادر صدر مجلس مولوی تفتی سید نور الضیاء الدین صاحب ارکان عدالت العالیہ مورخہ ۳ رجب ۱۳۲۳ف مشعر انیکہ سدپا کا مرافعہ منظور بقیہ ملزمین کا مرافعہ نامنظور -

اقبال وغیرہ
سرکار عالی

تجویز ہے کہ [illegible] ملزم کو بری [illegible] کا مرافعہ منظور کرکے بقیہ ملزمین کا مرافعہ نامنظور کیا۔

ہم نے وکلاء ملزمین [illegible] سرکار عالی کی بحث سماعت کی۔ مرافعات کی جانب سے حکم سزا کے خلاف پہلا عذر یہ پیش کیا گیا ہے کہ فرد جرم مبہم ہے اور اس میں یہ نقص ہے کہ مجمع خلاف قانون کی غرض مشترک ظاہر نہیں کی گئی ہے۔

ہم جوڈیشل کمیٹی میں متعدد موقعوں پر یہ رائے ظاہر کر چکے ہیں کہ جب اس قسم جرم میں ایسی فرد جرم کی بنا پر حکم سزا صادر ہوا ہو جس میں غرض مشترک ظاہر نہ کی گئی ہو تو ایسے ترک کی وجہ سے حکم سزا خلاف قانون نہ ہوگا۔ لیکن ایسے ترک کی بابت ملزم بجا طور پر شکایت کر سکتا ہے۔ قابل مجسٹریٹ کے حکم سپردگی سشن کے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ مجمع خلاف قانون کی غرض مشترک کے اظہار کی وہ ضرورت خیال کرتے تھے۔ ایسی حالت میں یہ افسوس کے قابل ہے کہ انہوں نے فرد جرم میں اس کا اظہار نہیں کیا۔ ہمارے روبرو یہ بحث کی گئی ہے کہ ہر عدالت نے جس نے اس مقدمہ کے متعلق رائے قائم کی ہے۔ مشترک غرض علیحدہ علیحدہ ظاہر کی ہے۔ اور ان حالات میں یہ قرار دینا بیجا نہ ہوگا کہ ملزمین کی جواب دہی میں اس نقص کی وجہ سے خلل واقع ہوا ہے ہم اس سے متفق ہیں کہ مجمع خلاف قانون کی غرض مشترک کا اظہار احتیاط سے نہیں کیا گیا ہے اور یہ زیادہ مناسب ہوتا کہ اس کو بصراحت بیان کیا جاتا۔ لیکن ہماری رائے میں اس بحث کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ ان متضاد بیانات کی وجہ سے ملزمین کے حق پر مضر اثر پڑا ہے۔ اہم امر یہ ہے کہ جس دن یہ واقعہ وقوع میں آیا اس دن ان آدمیوں کو فریقین کے مکانات میں جمع ہونے کی دعوت نہیں دی گئی تھی نہ اس دن کوئی مذہبی یا سوشل رسم تھی کہ ان آدمیوں کے جمع ہونے کی توقع ہو سکتی اور ظاہرا اس کا تو کوئی بھی موقع نہیں تھا کہ یہ لوگ وہاں بندوق وغیرہ سے مسلح ہو کر جمع ہوتے اس مقدمہ کے جملہ واقعات پر غور کرنے کے بعد ہمارے خیال میں ملزمین کی اس غرض مشترک کے متعلق شبہ نہیں ہو سکتا تھا۔ جو مجلس عالیہ عدالت نے بیان

بادا وغیرہ نام سرکار عالی

مقتول علاقہ دار پارٹی دوم ہلاک ہوا اور نبھیا مقتول علاقہ دار پارٹی دوم کو بھی پارٹی
اول کے اشخاص سمیان گنگری بسیا بسپا اور ہلسہ پا اور سائنا اور کن بد اپنے
لاٹھی اور پتھر و کلہاڑی سے ہلاک کیا۔

پارٹی اول کے دو اشخاص سمیان سنگو اور شمر بیا مجروح ہوئے بقیہ ملزمین کے
نسبت بیان کیا گیا کہ ادنھون نے بلوہ کیا۔ مستغیثین ملپا و کنیا خواہان قصاص ہین۔ بعد
دریافت ملزمین کو سزائے قانونی صادر فرمائی جائے۔ باستثناء ملزمین نمبر ۵ و نمبر ۲۹
بقیہ ملزمین نے ابتداً ڈویژنل مجسٹریٹ شورا پور کے اجلاس پر جرم منسوبہ سے اقبال کیا
تھا مگر بعد کو سابقہ بیانات سے رجوع کیا منجملہ ۲۹ نفر ملزمین کے ایک ملزم اثنائے
تحقیقات اسپیشل مجسٹریٹ مین فوت ہوچکا۔ قابل اسپیشل مجسٹریٹ نے بیان حلفی مستغیثین
اور شہادت تائید الزام قلمبند کرکے باستثناء ملزم نمبر ۲۹ سدپا ولد گوڑپا جملہ ملزمین کے
مقابلہ مین قتل عمد کی اور ملزم نمبر ۲۹ سدپا کے مقابلہ مین اعانت جرم مذکور کی فرد قرار
داد جرم قایم کرکے جواب آخر لیا۔ جملہ ملزمین نے ارتکاب جرم سے انکار کرکے عدالت
سشن مین جرح مکرر اور شہادت صفائی پیش کرنے کی خواہش ظاہر کی۔

چنانچہ اسپیشل مجسٹریٹ نے بتاریخ ۸ شہریور ۱۳۲۴ف یہ مقدمہ بغرض تجویز عدالت
نظامت سشن صوبہ گلبرگہ شریف مین تقرر تاریخ ۲۶ شہریور ۱۳۲۴ف سپرد کیا عدالت
سشن نے ضروری شہادت تائید استغاثہ قلمبند کی۔ ملزمین نے شہادت صفائی سے
دست برداری کی۔

ذی علم ناظم عدالت سشن نے شہادت تائید استغاثہ سے جرم ثابت قرار دیکر
بتاریخ یکم خورداد ۱۳۲۵ف یہ حکم صادر کیا کہ جملہ ملزمین باستثناء ملزم نمبر ۲۹ سدپا بپاداش
جرم منسوبہ دس دس سال قید سخت مین بسر کرین۔ اور ملزم نمبر ۲۹ پانچ سال قید سخت مین رہے

اس کی ناراضی سے جملہ ۲۸ نفر ملزمین نے جلسہ متفقہ مجلس عالیہ عدالت مین علیحدہ
علیحدہ مرافعہ جات دائر کئے فاضل ارکان جلسہ متفقہ نے بالاتفاق بتاریخ ۳ مہر ۱۳۲۵ف
یہ قرار دیکر کہ باستثناء سدپا ملزم نمبر ۲۹ جملہ ملزمین صحیح طور پر بلوہ مع قتل عمد کے مجرم

[illegible] موجود [illegible] کے متعلق شہادت دی ہے [illegible]
[illegible] کے بعد ہمین معلوم ہوتا ہے کہ ان گواہون مین سے کسی نے بھی ملزمین ......

چین ٹی لیپا ولد گر ننگپا ملزم نمبر (۹)
لیپا ولد شرپیا ملزم نمبر (۱۱)
سیوپا ولد بلپا ملزم نمبر (۱۲)
بھیم شاہ ولد بلپا ملزم نمبر (۱۶)
سدراپیا ولد ڈوڑپا ملزم نمبر (۱۸)
رام چندر پا ولد بوگپا ملزم نمبر (۱۹)
پرپا ولد چندپا ملزم نمبر (۲۰)
لنگپا ولد چندپا ملزم نمبر (۲۳)
کرپا ولد بھیپا ملزم نمبر (۲۴)
چنپا ولد کرپا ملزم نمبر (۲۵)
چنپا ولد مارپا ملزم نمبر (۲۶) کا ذکر نہین کیا ہے اور ہماری رائے مین ان ملزمین کے خلاف کچھ ثابت نہین ہوا ہے اور اسلیے وہ بری کیے جانے چاہئین۔ بقیہ ملزمین کے متعلق ذی علم سشن جج نے گواہان نمبر ۵ و ۶ کے بیانات کو بیکار اور ناقابل اعتبار قرار دیا ہے اور ہم اون سے اس رائے مین متفق ہین۔ گواہ نمبر ۱۵ نے استغاثہ کی تائید مین مجسٹریٹ سپردکنندہ کے روبرو بہت زوردار شہادت دی تھی۔ لیکن عدالت سشن مین اوس کا بیان بالکل تبدیل ہوگیا اور اوس نے اس مقدمہ کے بارے مین بالکل لاعلمی ظاہر کی۔ جب اوس سے دریافت کیا گیا کہ اوس نے مجسٹریٹ کے روبرو سب تفصیلی حالات کسطرح بیان کیے تو اوس نے جواب دیا کہ اوس نے کوتوالی کے کہنے سے کیا وکیل سرکار نے یہ بحث کی ہے کہ جو بیان مجسٹریٹ کے روبرو کیا گیا ہے اوسکو زیادہ وقعت دیجانی چاہیے اور کوئی قانون ایسی شہادت کے استعمال کیے جانے کے مانع نہین ہے ہم تسلیم کرتے ہین کہ اس گواہ کی جو شہادت مجسٹریٹ نے

[illegible]
سرکار عالی

یاد وغیرہ
بنام
سرکار عالی

کی ہے اور جسے ہم ثابت قرار دیتے ہیں اسلیئے ہم اس عذر کو نا منظور کرتے ہیں

اس قسم کے مقدمات میں یہ صحیح اصول ہے جیسا کہ مجلس عالیہ عدالت نے ظاہر کیا ہے کہ یہ ممکن نہیں ہے کہ اس امر کا تعین کیا جاسکے کہ ہر شریک نے بلوہ کے اثنا میں کون سے افعال کئے ہیں لیکن ہمیشہ یہ دریافت کرنا ضروری ہے کہ آیا جملہ افراد یا ان میں سے کوئی مقام واردات پر فی الواقع موجود تھے یا نہیں اور اگر وہ وہان موجود تھے تو وہ مجمع کی غرض مشترک کی پیشرفت میں موجود و شریک تھے یا محض تماشائیون کی حیثیت سے۔ اور جو افعال کہ وقوع میں آئے۔ وہ آیا غرض مشترک کے پیشرفت میں وقوع میں آئے جو اشخاص کہ موقع واردات پر موجود تھے ان کے متعلق اس امر کا تعین کرنے کیلیے آیا وہ مجرم ہیں یا نہیں سوائے اسکے اور کوئی طریقہ نہیں ہے۔ لیکن قبل اس کے کہ ہم شہادت پر اس نظر سے غور کرین ہم یہ ظاہر کرنا ضروری خیال کرتے ہیں کہ اثنائے تفتیش کوتوالی مین ملزمین کے جو اقبالات مجسٹریٹ نے قلمبند کئے ہیں ہم انکی بنا پر کوئی نتیجہ اخذ نہیں کرسکتے ہین۔ ان اقبالات سے ملزمین نے رجوع کیا ہے اور وہ اقبالات قانون کے احکام کے موافق قلمبند نہین کئے گئے ہین۔ قلمبندی اقبالات کے نقص کے جانب بھی ہم وقتاً فوقتاً مجسٹریٹون کی توجہ مبذول کرتے رہے ہین اور بکثرت مطبوعہ نظایر مجلس عالیہ عدالت کے اس امر مین موجود ہین اقبال جرم قلمبند کرنے کے وقت مجسٹریٹ قانون کے احکام کی تعمیل کرنے مین جسقدر احتیاط کرین کم ہے۔

اس مقدمہ مین اس امر کے مدنظر کہ اقبالات واجوع کیا گیا تھا اور اکثر ملزمین کی نسبت ذی علم سشن جج نے انکے اقبال ہی کے بنا پر سزا تجویز کی تھی اور اقبالات کے متعلق ملزمین کے جانب سے عذرات پیش کئے گئے تھے۔ یہ زیادہ مناسب ہوتا کہ مجسٹریٹ قلمبند کنندہ اقبالات کا اظہار لیا جاتا۔

اب ہم واقعات پر غور کرتے ہین ہم نے مثل کا بغور ملاحظہ کیا اور ہمین معلوم ہوتا ہے کہ صرف گواہان نمبر ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۵ و ۱۷ نے بلوہ کے ارتکاب کی اور کسی

لنگپا وغیرہ بنام سرکار عالی

جسم سے اون مقامات سے ہوکر نکل سکتی تھی - جہان سے کہ اون کا نکلنا بیان کیا جاتا ہے یہ بھی بحث کی گئی ہے کہ صاحب گوڑہ کا قتل اگرنی او اتع وہ قتل ہوا ہے اوس مقام سے بہت فاصلہ پر ہوا ہے - جہان بلوہ کا ارتکاب بیان کیا جاتا ہے اور اس کا کوئی ثبوت نہین ہے کہ اوس کا ارتکاب اون اشخاص نے جو بلوہ کے مرتکب ہوئے غرض مشترک کے پیشرفت مین کیا ہے اور اس لیے اگر گواہ نمبر ۳ و ۸ کا بیان کلیتاً صحیح تسلیم کیا جائے تو بھی اوس سے گوڑپا ولد پا ملزم نمبر ۲ کے خلاف جرم ثابت نہین ہوتا ہے - جس نے گولی چلائی تھی - لیکن ہم خیال کرتے ہین کہ باوجود ان اعتراضات کے گواہان کے بیانات بحیثیت مجموعی صحیح ہین اور اس مقدمہ کے حالات سے اون کے بیانات کی جو صاحب گوڑہ کے ہلاکت کے متعلق ہین تائید ہوتی ہے اس لیے ہم گوڑپا ولد پا ملزم نمبر ۲ کے خلاف حکم سزا بحال کرتے ہین بقیہ ملزمین یعنے ملزمین ....

بنجوا	ولد	ملپا	ملزم نمبر	(۵)
تمنا	"	ملپا	" نمبر	(۶)
سدرامپا	"	ملکپا	" "	(۸)
چن مٹی بسپا	"	گرلنگپا	" "	(۹)
رسول صاحب	"	لاڈلے صاحب	" "	(۱۰)
ملپا	"	شمرنپا ملزم	" "	(۱۱)
سیوپا	"	ملپا	" "	۱۲
رنگپا	"	بھیمپا	" "	۱۳
مڈوپا	"	ملپا	" "	۱۴
لنگپا	"	گرلنگپا	" "	۱۵
بھیم شاہ	"	ملپا	" "	۱۶
ملکپا	"	سدرپا	" "	۱۷
سدرامپا	"	دودپا	" "	۱۸

کیا ذبیحہ بنام سرکار عالی

قلمبند کی ہے اوسکو استعمال کرنا خطرناک ہے لیکن اس مقدمہ کے حالات کے لحاظ سے اور اس امر کے مدنظر کہ اس گواہ نے مجسٹریٹ کے روبرو اظہار دینے کی جو وجہ بیان کی تھی اوسکی صحت یا عدم صحت کے متعلق کوئی تحقیقات نہیں کی گئی ہے ہم یہ قرین احتیاط نہیں خیال کرتے ہیں کہ صرف اس گواہ کے بیان پر ملزمین کے مقابلہ میں ثابت قرار دیں۔ اس کے بعد صرف چھ گواہون کا اظہار قابل لحاظ رہ جاتا ہے منجملہ ان کے گواہ نمبر ۳ و ۷ ذبیا کے قتل کے متعلق ہیں اور گواہ نمبر ۴ و ۵ صاحب گوڑ کے قتل کے متعلق۔ بقیہ دو گواہ صرف یہ بیان کرتے ہیں کہ جرم کے ارتکاب کے بعد کیا وقوع مین آیا اور ملزم کس طرح مالی پٹیل کے مکان پر کیت گاتے ہوئے گئے۔

ہم نے ان گواہون کا اظہار بہت غور سے ملاحظہ کیا۔ اس مین شبہ نہیں ہے کہ انکے بیانات بحیثیت مجموعی صحیح ہین گو بعض مقامات پر اون پر اعتراض وارد ہوتا ہے جو مرافعہ کے وکیل نے بہت زور سے کیا ہے۔ لیکن ہم خیال کرتے ہین کہ کل شہادت پر اور اس مقدمہ کے حالات پر غور کرنے کے بعد اس کے متعلق شبہ نہیں ہو سکتا کہ اپل سوم یا دولا بلیا ملزم نمبر ۳ گرتی یا بسیا ولد گوڑ یا ملزم نمبر (۱) بسیا ولد سنگیا ملزم نمبر (۲) اوس جرم کے مرتکب ہوئے ہین کا اون پر الزام عاید کیا گیا ہے ان کے متعلق جو حکم سزا صادر ہوا ہے ہم اوسکو بحال کرتے ہین۔

بقیہ رسالتا ملزم نمبر ۴ کے متعلق ہماری رائے یہ ہے کہ اوسکو اسقدر سخت سزا دینا مناسب نہوگا۔ شہادت سے صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ ارتکاب جرم کے بعد اوس نے مقتول کی لاش دوسرے مقام پر منتقل کی ہے اور ممکن ہے کہ یہ فعل غرض مشترک کے پیشرفت مین نہ کیا گیا ہو اس کے خلاف جو شہادت پیش ہوئی ہے اوس پر غور کرنیکے بعد ہماری رائے مین اسکو دو سال قید بامشقت کی سزا دی جانی کافی ہے۔

صاحب گوڑہ کے قتل کے متعلق ہم نے وکیل کی اس بحث پر کامل غور کیا ہے کہ اگر گواہوں کا بیان صحیح بھی تسلیم کیا جائے تو بھی ملزم اور مقتول حسب بیان گواہ ایسے مقامات پر تھے کہ ملزم کی گولی مقتول کے نہیں لگ سکتی تھی اور نہ گولی مقتول کے

نگرانی فوجداری

جلسہ

با جلاس عالیجناب خان بہادر مولوی مرزا حیدر حسین بیگ صاحب و
عالی جناب مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب ارکان

تیجو پیچھا — نگران خواہ

بنام

ٹیکڑ وسٹی نارائن — طرف ثانی

[illegible]

اختیار سماعت ـ اختیار سماعت جرم خیانت مجرمانہ ـ دفعہ ۳۴۱ ـ مجموعہ تعزیرات سرکار عالی ـ دفعہ ۱۸۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ـ ملازم ـ ایک ملازم نے عنبر پیٹھ مین آ قا مالک کی باقی رقم وصول کی اور اوسکو مالک کی دوکان واقع بلدہ حیدرآباد مین جمع نہین کرایا ـ وقوع جرم آیا عنبر پیٹھ مین سمجھا جائیگا ـ جو حدود عدالت اطراف بلدہ مین واقع ہے یا بلدہ حیدرآباد مین جہان فوجداری بلدہ کی حکومت ہے ـ عذر اختیار سماعت کا قبل از وقت پیش کرنا ـ

تجویز ہوئی کہ اگر کوئی ملازم مالک کا باقی روپیہ عنبر پیٹھ مین وصول کرے اور مالک کی دوکان واقع بلدہ حیدرآباد مین اوسکو جمع نکرائے تو عدالت فوجداری بلدہ کو جرم خیانت مجرمانہ مصرحہ دفعہ ۳۴۱ مجموعہ تعزیرات آصفیہ کی سماعت کا بروئے دفعہ ۱۸۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری اختیار حاصل ہے ـ

نیز یہ بھی تجویز ہوئی کہ ایسی صورت مین قبل قلمبندی شہادت اختیار سماعت کی بحث منجانب ملزم پیش کرنا قبل از وقت متصور ہے لہذا قلم بندی

اپیل ہو بنا بر تحریک مولوی امجد علیخان صاحب ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ مورخہ ۱۴ بہمن ۱۳۲۶ف مشعر اینکہ مقدمہ کی سماعت حدود ارضی عدالت ضلع اطراف بلدہ مین ہوگی وہان سماعت ہونیکی اجازت دیجائے ـ

ننگپا وغیرہ
بنام
سرکار عالی

رام چندرپا ولد چنگپا ملزم نمبر (۱۹)
بھیما " چندپا " " (۲۰)
ننپا " ننپا " " (۲۱)
ننگپا " چندپا " " (۲۲)
کریپا " ہنمپا " " (۲۳)
بسپا " دیپا " " (۲۴)
چنپا " کرپا " " (۲۵)
چٹپا " مارپا " " (۲۶)
بھیم شاہ " باپپا ملزم نمبر (۲۷) کے متعلق کوئی قابل اعتبار شہادت نہین ہے کہ وہ مقام واردات پر موجود تھے یا ان کو غرض مشترک کا علم تھا اس لیئے ہم سفارش کرین گے کہ وہ بری کئے جائین۔

ہماری رائے کا ماحصل یہ ہے کہ بال سدپا ولد ملکپا ملزم نمبر (۳) گرگری بسپا ولد گوڑپا ملزم نمبر (۱) بسپا ولد سنگپا ملزم نمبر (۴) اور گوڑپا ولد بیرپا ملزم نمبر (۷) کے متعلق حکم سزا جو مجلس عالیہ عدالت نے کیا صادر کیا ہے یعنی دس دس سال قید بامشقت کی سزا بحال کیا جائے بیڈر سائنا ولد ملپا ملزم نمبر (۲) کو بجائے سزائے تجویزہ مجلس عالیہ عدالت کے دو سال قید بامشقت کی سزا دی جائے بقیہ ملزمین بری کئے جائین

آخر مین ہم اس امر کو ظاہر کرنا ضروری خیال کرتے ہین کہ اس مقدمہ کے فیصلہ مین ملزمین کے نام وغیرہ صحیح اور صریح طور سے احتیاط سے نہین لکھے گئے۔ جس کی وجہ سے گواہون کے بیانات کو ملزمین سے متعلق کرنے مین از حد دقت پیش آئی عدالت ہائے ماتحت کی توجہ ہم اس امر کے متعلق مائل کرنا چاہتے ہین کہ جبکہ چند ملزمین کا نام ایک ہی ہو تو ولدیت کا لکھنا ضرور ہے اور وہ بھی نہ فقط مقدمہ کی تمہید مین بلکہ ہر گواہ کے اظہار مین۔ ورنہ نتیجہ یہ ہوگا کہ بے گناہ لوگ سزا پائین گے اور در حقیقت جو لوگ ملزم ہین وہ بری ہو جائین گے۔ فقط

پرنسپل بنام نیکالاد ملیٹی بار ڈ

مولوی مفتی سید نور الضیاء رالدہ بیضا صاحب رکن - خیانت مجرمانہ کا استغاثہ ناظم سوم عدالت فوجداری کے اجلاس پر پیش ہوا - جس کی نسبت حاکم عدالت موصوف نے لکھا ہے کہ دفعہ ۱۸۴ ضابطہ فوجداری مانع اس امر کی نہیں کہ وہ سماعت کریں - ناظم صاحب اول فوجداری بلدہ نے اس کے خلاف یہ تحریک کی ہے اور انکا استدلال یہ ہے کہ مال کا حاصل کیا جانا حدود اطراف بلدہ میں ظاہر کیا گیا ہے اس لیے وہیں اس کی تحقیقات ہوگی -

مستغیث و ملزم کی سکونت سرو نگر کی ہے مستغیث کی دوکان بلدہ کے حدود میں ہے ملزم اوسکا ملازم ہے دوکان کا کام انجام دیا کرتا ہے اور یہیں سے رقم حاصل کرکے لایا اور خرچ کر دیا - ان حالات بینہ کے نظر کرتے بلحاظ تعلق دفعہ ۱۸۴ یہ کہنا دشوار ہے کہ جس اجلاس پر مقدمہ ہے وہ مقتدر سماعت نہیں ہے اسلئے کہ جرم خیانت تصرف سے ظہور میں آتا ہے حصول محض مبادیات سے ہے اور یہاں تصرف کا وقوع حدود بلدہ میں بتلایا گیا ہے - پس اس تقدیر میں وہ اصول جو عدالت کے اقتدار سماعت کے طے کرنے کے متعلق قایم کیا گیا ہے وہ کسی طرح نظر انداز کرنے کے قابل نہیں ہوسکتا جس کے معنے یہی ہیں کہ دفعہ ۸۶ سے جو جو امکان کا فائدہ دیتا ہے لزوم کیلئے نہیں ہے اس امر کی دلیل مستنبط نہیں ہوتی کہ عدالت فوجداری بلدہ عدالت غیر مجاز قرار دیجائے جس طریقہ پر حالات ظاہر ہوچکے ہیں - اون کی رو سے دفعہ ۸۰ ضابطہ فوجداری کا جو کچھ اثر ہوسکتا ہے خود ایک ایسی چیز ہے جس کی بنا پر عدالت فوجداری بلدہ کو خصوصیت تحقیقات کی پیدا ہو جاتی ہے -

ان وجوہ کی بنا پر صورت سوال کا تصور اس تقاضے سے زیادہ نہیں ہوسکتا کہ ناظم اول انتقال مقدمہ کی خواہش کرتے ہیں جس کے لیئے تحریک کی وجہ نہیں پائی جاتی ہنوز کوئی تحقیقات ہی عمل میں نہیں آئی ہے ایک با اختیار اجلاس سے مقدمہ کی بازگشت کیلئے وجہ کافی ہونی چاہیئے -

حکم ہوا کہ

نگرانی نامنظور -

منجو بھینا
بنام
نیکاڈو مکی نارائن

شہادت لینا ضروری ہے اور اسکا تصفیہ ہونا چاہیے۔

نگرانی خواہ غیر حاضر

منجانب طرف ثانی مولوی سید لطف حسن صاحب وکیل۔

خان بہادر مولوی مرزا حیدر جیون بیگ صاحب رکن۔ نگرانی خواہ غیر حاضر ہے
منجانب فریق ثانی مولوی لطف حسن صاحب حاضر ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک استغاثہ
زیر دفعہ ۱۴۳ تعزیرات سرکار عالی بجرم خیانت مجرمانہ عدالت فوجداری بلدہ میں پیش
ہوا اور کارروائی آغاز نہ ہونے پائی تھی کہ منجانب ملزم بحوالہ دفعہ ۱۸۶ ضابطہ فوجداری
اختیار سماعت کا عذر پیش ہوا ناظم سوم فوجداری بلدہ نے اس عذر کو لایق التفات تصور
نہیں کیا۔ جس کی ناراضی سے ملزم نے عدالت نظامت اول پر نگرانی کی۔ جو اب
ہمارے سامنے پیش ہے۔

وکیل طرف ثانی کا بیان ہے کہ ملزم نے جرم مندرجہ کا ارتکاب فی الواقع
فوجداری بلدہ کے حدود میں کیا ہے جہاں مستغیث کی دوکان واقع ہے ملزم
کا بحیثیت ملازم مستغیث رقم منبر پیٹھ میں آسامیوں سے حاصل کرنا ایک جائز فعل تھا۔
لیکن رقم محصلہ کو دوکان مستغیث میں جمع نہ کرنا اور اپنے صرف میں لانا ناجائز امور تھے
جو جرم کی حد تک پہنچ جاتے ہیں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ دفعہ ۱۸۶ ضابطہ فوجداری
کے فحوا کے لحاظ سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ عدالت فوجداری بلدہ اس استغاثہ کی
سماعت کی مجاز نہ تھی اور یہ امر کہ فی الواقع جرم کا ارتکاب کہاں ہوا محتاج ثبوت ہے
چونکہ ایسی شہادت قلمبند ہونے کا موقع نہیں آیا اسلئے اختیار سماعت کی بحث منجانب
ملزم قبل از وقت پیش ہوئی ہے۔ اور بادی النظر میں عدالت فوجداری بلدہ عدالت
مجاز سماعت متصور ہوتی ہے پس ناظم اول فوجداری بلدہ نے جو تحریک کی ہے۔
وہ لایق منظوری نہیں ہے۔

حکم ہوا کہ

نگرانی منظور۔

مسیو رام بنام ہرچی ادجہ جہاوہ

ہر ملزم کو جو مرافعہ کا عام طور پر حق اپیل دیا گیا ہے اگر عدالت سشن کی تجویز بصیغہ اپیل ادلی قطعی قرار دیا جاے تو نتیجاً دفعہ مذکور ملزم کے متعلق حق مرافعہ پر اثر پڑے گا یا نہین ؟

مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس و مولوی مفتی سید نور الضیاء الدین صاحب رکن متفق الراے ہے - ڈویژن مجسٹریٹ نے اس ملزم مرافع کو پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا دی - اور بصورت عدم ادائی جرمانہ حکم دیا کہ تین مہینے قید محض مین رہے اور اپیل مین اوسکو عدالت سشن نے بحال رکھا -

دفعہ ۳۳۹ ضابطہ فوجداری سرکار عالی کے بموجب کوئی ناظم فوجداری ضلع یا ناظم عدالت سشن صرف سزاے جرمانہ جس کی مقدار پچاس روپیہ سے زیادہ نہو - یا سزاے قید جو ایک مہینے سے زیادہ نہو دین تو اونکا اپیل نہین ہو سکتا اسلیئے عدالت ابتدائی کی تجویز تو ناقابل اپیل نہین ہے مگر غور طلب یہ ہے کہ عدالت سشن نے اسکو اپیل مین بحال رکھا ہے اس لیے یہ قطعی ہے - یا نہین -

دفعہ ۳۳۹ مین کوئی تصریح و تفریق اس کی نہین ہے کہ یہ قطعیت صرف اوس صورت مین ہو گی جبکہ عدالت سشن یا نظامت فوجداری ضلع ایسی تجویز ابتدائی سے یا اپیل مین بھی یا جبکہ اوس صورت مین بھی جبکہ وہ ایسی سزا سے مجوزہ عدالت ماتحت کو بحال رکھین -

آئین دکن جلد ۱۳، صفحہ ۲۵۵ - مین ایک نظیر ہے جسمین یہ تجویز ہوئی تھی کہ ناظم عدالت فوجداری ضلع کا فیصلہ و تجویز سزاے قید ایک مہینہ صرف اوس صورت مین قطعی ہے جبکہ بحیثیت حاکم ابتدائی وہ تجویز دہ کرین نہ تجویز بصیغہ اپیل -

اوس کے بعد یہ مسئلہ مجلس عالیہ عدالت مین یون پیش آیا کہ ایک کوتوالی ٹپیل کو ایک مجسٹریٹ درجہ دوم (سوم تعلقدار) نے تین روپیہ جرمانہ کی سزا دی اوس کا اپیل عدالت فوجداری ضلع محبوب نگر مین ہوا - اور تجویز عدالت ابتدائی بحال رہی اوس کا اپیل اجلاس منقعدہ مجلس عالیہ عدالت مین ہوا - اور جناب

مرافعہ فوجداری

جلسۂ مشتقہ

اجلاس عالیجناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب معتمد میر مجلس و عالیجناب مولوی مفتی سید نورالضیاء الدین صاحب رکن۔

[حاشیہ: ۱۳۲۷ف (۱۹۲۲) نمبر مشتقہ ... ۲ خورداد]

سیو رام — مرافع

بنام

ہرحی زوجہ بہادر — مرافعہ علیہا

مرافعہ - عدالت سشن بتجویز قطعی عدالت سشن - عدالت سشن کا بصیغہ مرافعہ تجویز عدالت ڈویژنل مجسٹریٹ کو جس نے صرف ۵۰ روپیہ جرمانہ کی سزا دی تھی بحال رکھنا - آیا بارا ثانی تجویز عدالت سشن مرافعہ قابل سماعت ہے - دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی۔

تجویز ہوئی کہ عدالت سشن کا فیصلہ ۵۰ جرمانہ کی حد تک خواہ بصیغہ ابتدائی صادر ہو خواہ بصیغہ اپیل تجویز عدالت ماتحت اسی قدر جرمانہ کی حد تک بحال رکھی گئی ہو بلحاظ نشاء دفعہ ۴۳۹ قطعی ہے۔

(۱) آئین دکن جلد (۳) صفحہ (۵۰۲) حصہ فوجداری۔

(۲) دکن لا رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۴۹ حصہ فوجداری کی تقلید کی گئی۔

(۳) دکن لا رپورٹ جلد ۴ صفحہ ۳۵ حصہ فوجداری کی توضیح کی گئی۔

سوال از روئے دفعہ ۴۵۵ ضابطہ فوجداری سرکار عالی بصیغہ مرافعہ ثانیہ ماتحت عدالت ہائے سماعت مرافعہ کے فیصلہ جات قطعی قرار دئے گئے ہیں

مرافعہ بارا ثانی تجویز مولوی میر عسکر علی صاحب ناظم عدالت سشن صوبہ ورنگل مورخہ ۹ شہریور ۱۳۲۶ف شعر ہونیکہ مرافعہ خارج۔

نگرانی فوجداری

اجلاس منقسم

باجلاس عالیجناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس و عالیجناب مولوی محمد غلام اکبر خانصاحب رکن

عبدالغفور — نگرانیخواہ

بنام

سرکار عالی — نگرانی علیہ

چیف جج عدالت العالیہ - اختیار چیف جج - نگرانی تحریک نگرانی منجانب عدالت ضلع و عدالت سشن - اختیار چیف جج نسبت نامنظوری نگرانی کے جس کے محرک عدالت ضلع و سشن جج ہوں - دفعہ ۴۳۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری - گشتی نشان (۵۰) ۱۳۲۶ف مندرجہ آئین دکن جلد ۵ صفحہ ۸۵ حصہ دوم -

تجویز ہوئی کہ عدالت العالیہ کے چیف جج کو بلحاظ گشتی متعلقہ اختیارات چیف جج ہر نگرانی کے بلا نمبر لیے نامنظور کرنیکا اختیار حاصل ہے اس سے وہ نگرانیاں مستثنی نہیں جنکی عدالت ضلع یا سشن نے تحریک کی ہو

ضمن ۲ دفعہ ۴۳۶ ضابطہ فوجداری میں لفظ حکام جو استعمال ہوا ہے وہ اس نوبت سے متعلق ہے جبکہ چیف جج نے کسی نگرانی کو نمبر پر لیا ہو۔

جب ایک مرتبہ چیف جج نگرانی کو نامنظور کردے - تو اس حکم پر مکرر کوئی توجہ بذریعہ تجویز ثانی کہ دوسرے بنچ سے نہیں ہوسکتی ہے۔

منجانب نگرانی خواہ مولوی مومن علیصاحب وکیل -

درخواست عبدالغفور ملزم متضمن اسکے کہ جبکہ ناظم ضلع اور عدالت سشن نے تنقیح نمبر جرم کی تحریک کی ہو تو چیف جج عدالت العالیہ اسکو نامنظور نہیں کرسکتے -

نواب نظامت جنگ بہادر اور مولوی سید ہاشم صاحب حکام اجلاس موصوفہ نے اس مسئلہ کو اجلاس کامل ارکان خمسہ کے سپرد فرمایا۔ اجلاس کامل مین جناب نواب سربلند جنگ بہادر نے کوئی تجویز اس صورت متنقحہ کے لحاظ سے نہین فرمائی بلکہ یون فیصلہ فرمایا کہ "جرمانہ خفیف ہے اور ہم کو عدالت ہائے ماتحت کی رائے سے اختلاف کی کوئی وجہ نہین ہے اپیل نامنظور" جناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر نے ہرصورت مین ایسی تجویز عدالت فوجداری ناظم ضلع کی قطعی تجویز کی ہے اور اسی تجویز سے جناب نواب نظامت جنگ بہادر و نواب حاکم الدولہ مرحوم اور مولوی سید ہاشم صاحب نے اتفاق فرمایا۔ یہ اجلاس کاملہ ارکان خمسہ کا نہین مگر ارکان اربعہ کی متفقہ رائے ہے دکن لاء رپورٹ جلد ۱ صفحہ ۹۴۱۔ ایک اور فیصلہ دکن لاء رپورٹ جلد ۴ صفحہ ۵۰ مین چھپا ہے جسکی یہ کیفیت ہے کہ ناظم صاحب صدر عدالت اورنگ آباد نے ابتداءً پچاس روپیہ جرمانہ کی سزا تجویز کی تھی۔ اوس کی نسبت تجویز ہوئی کہ دو ضابطہ فوجداری مین صرف عدالت ضلع کے تجویز ہ سزا کو جو ایک ماہ قید یا پچاس روپیہ جرمانہ تک ہو قطعی قرار دیا ہے یہ عذر صحیح ہے۔ ضابطہ فوجداری مین صدر عدالت کا کوئی ذکر نہین ہے مگر مرافع کو اس وجہ سے کوئی فائدہ نہین پہنچ سکتا کہ ہم واقعات کے لحاظ سے صدر عدالت کی تجویز مین کسی دست اندازی کی ضرورت نہین پاتے مرافعہ نامنظور"

یہ تجویز بہت غور طلب ہے کیونکہ صدر عدالت کا ذکر گو ضابطہ فوجداری مین اس نام سے نہو مگر جبکہ صدر عدالت مقدمات فوجداری مین کوئی تجویز کرے تو اوسکو عدالت سشن کے نام سے ضابطہ فوجداری مین ذکر کیا ہے۔ اس لیے صدر عدالت کا ذکر ضابطہ فوجداری مین موجود ہے۔ اور پھر بھی صحیح نہین معلوم ہوتا کہ صدر عدالت کو کسی تحقیقات ابتدائی کا اختیار نہین ہے۔ مقدمات سشن مین اوس کی حیثیت حاکم عدالت ابتدائی کی ہوتی ہے۔ بہرحال اجلاس کا ایک فیصلہ مذکورہ بالا موجود ہے اور اوس کے بموجب عدالت سشن کا فیصلہ قطعی ہے اس لیے اپیل نامنظور ہو فقط۔

عبدالغفور بنام سرکار عالی

دفعہ ۴۳۶ ضابطہ فوجداری ضمن ۲ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بجز جلسہ منعقدہ کے کوئی رکن واحد اس قسم کی تحریکات نامنظور نہیں کرسکتا۔ ہم کو افسوس ہے کہ ہم اس دلیل کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں ہیں۔ ہم کو کچھ زیادہ صراحت کرنے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی ہے کہ اس دلیل میں کیا ضعف ہے دفعہ ۴۳۶ مذیل اختیارات نگرانی مجلس عالیہ عدالت کا لفظ استعمال کیا گیا ہے اور کوئی تعریف یا تصریح اس امر کی نہیں کی گئی ہے کہ مجلس عالیہ عدالت سے کیا مقصود ہے۔

اس لئے یہ امر دستور العمل مجلس عالیہ عدالت سے معلوم ہو سکے گا کہ اس قسم کے اختیارات کس طریقہ پر اور کن اجلاسوں یا کن حکام کے ذریعہ سے استعمال کئے جائینگے۔ دستور العمل کی دفعہ ۱۹ میں وہ طریقہ بتایا گیا ہے جو اختیارات نگرانی کے استعمال کے لئے معین ہے اور اس دفعہ کی بنیاد پر بذریعہ ایک علحدہ گشتی کے یہ صراحت کردی گئی ہے کہ رکن واحد کو کس قسم کی درخواستوں کی نسبت تجویز کا اختیار ہے اور بلحاظ اس گشتی کے (نشان ۵ سنہ ۱۳۱۶ف مندرجہ آئین دکن جلد ۵ صفحہ ۵۸ حصہ دوم) چیمبر جج کو یہ اختیار ہے کہ درخواست ہائے نگرانی نمبر پر لینے کا حکم صادر کرے یا نامنظور کرے اور چونکہ اُس حاکم ممدوح نے جنھوں نے سائل کی درخواست و تحریک نگرانی ابتداءً سماعت کی۔ اندرون اختیار حاصلہ ایک حکم خلاف سائل صادر فرمایا ہے اس لئے اُس حکم پر مکرر کوئی توجہ بصیغہ تجویز ثانی یا کسی دوسرے صیغہ سے نہیں ہو سکتی ہے۔

یہ بحث کی گئی ہے کہ تحریک چونکہ حکام ماتحت نے کی ہے اس لئے ضرور ہے کہ وہ ہر حال میں جلسہ منعقدہ میں پیش ہو اس لئے کہ حکام ماتحت، اور مجلس عالیہ عدالت کا چیمبر جج اس حیثیت میں مساوی الاقتدار ہیں اور کوئی حاکم مساوی الاقتدار مجاز نہیں ہے کہ دوسرے حاکم مساوی الاقتدار کی تجویز کو منسوخ کرے۔

ہم اس اصول سے تو متفق ہیں کہ ایک حاکم مساوی الاقتدار دوسرے ہم درجہ حاکم کا حکم بلا صراحت و صریح اختیار قانونی کے منسوخ نہیں کرسکتا۔ لیکن یہ تسلیم نہیں کیا جا سکتا کہ مجسٹریٹ ضلع و سشن جج مجلس عالیہ عدالت کا رکن واحد جو دفعہ ۱۹ دستور العمل کے

عبد الغفور بنام سرکار عالی

منجانب نگرانی علیہ مولوی قاضی صدیق احمد صاحب وکیل سرکار۔

مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم ممبر مجلس۔ اس مقدمہ میں ایک درخواست نگرانی اجلاس چیمبر جج صاحب سے نامنظور ہوئی اوس کے خلاف درخواست دیگئی ہے اور اب ہمارے سامنے یہ بحث کیجاتی ہے کہ اس مقدمہ میں درخواست نگرانی کے نامنظور کرنیکا چیمبر جج صاحب کو اسلیے اختیار نہ تھا کہ اس نگرانی کی تحریک عدالت ضلع اور عدالت سشن سے کی تھی۔ اور اس بحث کی تائید میں دفعہ ۴۳۶ ضابطہ فوجداری سرکار عالی پیش کیا جاتا ہے دفعہ مذکور میں کوئی حکم ایسا نہیں ہے کہ جسکے بموجب چیمبر جج ایسی نگرانی کے نامنظور کرنے سے ممنوع ہوں۔ چیمبر جج کے اختیارات ایک خاص گشتی میں موجود و محکوم ہیں اور اس کے بموجب چیمبر جج کو ہر نگرانی کے نامنظور کردینے کا اپنی رائے سے اختیار ہے اور اس میں کوئی ایسا استثنار نہیں ہے کہ جو نگرانی بہ تحریک کسی عدالت ماتحت کے ہو اسکی نسبت چیمبر جج کو ایسا اختیار نہ ہوگا اور اگر ایسا ہوتا تو ہر ایسی نگرانیوں کا چیمبر جج کے اجلاس میں پیش ہونا ایک فعل عبث ہوتا۔

ضابطہ فوجداری سرکار عالی دفعہ ۴۳۶ کے ضمن ۲ میں کہا جاتا ہے کہ لفظ "حکام" استعمال ہوا ہے اور یہ بحث کی جاتی ہے کہ اس لئے ضرور ہے کہ ایسی نگرانی کی نامنظوری لزوماً اجلاس منعقدہ ہی سے ہو مگر یہ خیال نہیں کیا جاتا ہے کہ ضمن (۲) دفعہ ۴۳۶ مذکور کس نوبت سے متعلق ہے وہ وہ نوبت ہے جبکہ چیمبر جج نے کسی نگرانی کو نمبر پر لے لیا ہو۔ دفعہ مذکور معارض یا مخالف اختیار چیمبر جج یا اس کے متعلقہ گشتی کا نہیں ہے اور نہ ضابطہ فوجداری کے ذریعہ سے وہ اختیار چیمبر جج کو ایک خاص گشتی کے ذریعہ سے عطا ہوا تھا سلب ہوا ہے۔ پس درخواست نامنظور رہو۔

مولوی محمد غلام اکبر خاں صاحب رکن۔ وکیل درخواست گذار کی بحث سماعت کی گئی۔ عذر یہ ہے کہ چیمبر جج کو ایسی تحریکات کے نامنظور کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے جو عدالت ہائے ماتحت یعنی مجسٹریٹ ضلع یا سشن جج بغرض استعمال اختیارات نگرانی مجلس عالیہ عدالت میں پیش کریں۔ اس عذر کی تائید میں دلیل یہ پیش کی جاتی ہے کہ

نارائن وغیرہ
بنام
میر سید علیخان

اجلاس پر لیکر کارروائی شروع کرنا جب کہ منصف نے استغاثہ لیکر کارروائی آغاز کردی تھی۔ عدم جوازی عمل مجسٹریٹ حصہ ضلع۔ نوعیت اختیارات منصف۔ اعلان محکمہ سرکار عالی مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲ ؍امرداد ۱۳۲۳ ف آئین دکن جلد ۲۵ صفحہ ۱۵ حصہ دوم۔

ایک استغاثہ ابتداً ایک منصف کے اجلاس پر جسکو اختیارات نظامت فوجداری درجہ اول حاصل تھے رجوع ہوا جس میں اُس نے کارروائی آغاز کی تھی سن لحاظ ناظم فوجداری حصہ ضلع نے اُس مثل کو اپنے اجلاس پر طلب کر کے کارروائی شروع کی۔ بر طبق رجوع ہونے نگرانی کے تجویز ہوئی کہ۔

بروئے اعلان سرکار مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲ ؍امرداد ۱۳۲۳ ف مطبوعہ آئین دکن جلد ۲۵ حصہ دوم صفحہ ۱۵ منصفونکو اختیارات مجسٹریٹی درجہ اوّل بحیثیت عہدہ دئے گئے ہیں اُنکو بلالحاظ اسکے کہ مجسٹریٹ حصہ ضلع مستقر موجود ہے یا دورہ پر گیا ہے مقدمات فوجداری کی سماعت و تجویز کا اختیار حاصل ہے۔

ناظم حصہ ضلع کا یہ خیال کہ مثل جائنٹ مجسٹریٹوں کے منصفونکو اُنکے غیر حاضری کے زمانہ میں استعمال کرنے کے لئے اختیارات فوجداری دئے گئے ہیں صحیح نہیں ہے پس عمل ناظم حصہ ضلع کا غلط اور خلاف قانون ہو مقدمہ منصف کے اجلاس پر واپس کیا جائے۔

منجانب نگرانی خواہاں پنڈت انبا داس راؤ صاحب وکیل۔
منجانب طرفثانی مولوی محمد رفیع الدین صاحب جنیدی وکیل

مولوی محمد غلام اکبر خاں صاحب رکن۔ وکلا رفریقین حاضر بحث سماعت کی گئی اس مقدمہ میں صرف درخواست انتقال کا فیصلہ کرنا ہے ہم درخواست انتقال کو ان وجوہ پر جو درخواست میں بیان کئے گئے ہیں منظور کرنے کیلئے آمادہ نہیں ہیں لیکن ایک قانونی عذر مزید براں ہمارے روبرو یہ بھی پیش کیا گیا ہے کہ یہ مقدمہ

بموجب اختیار کا استعمال کرتا ہو مساوی الاقتدار ہیں لہذا یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ جب چیمبر جج کوئی تحریک نگرانی مرسلہ مجسٹریٹ ضلع یا سشن جج نامنظور کرتا ہے تو وہ حکم مجسٹریٹ ضلع یا سشن جج کو منسوخ کرتا ہے۔

دراصل مجسٹریٹ ضلع یا سشن جج جب تحریک کرتے ہیں تو کوئی تجویز قطعی صادر نہیں کرتے وہ صرف رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ پس اگر اس رائے سے چیمبر جج متفق نہ ہو تو اُس کے صرف یہ معنی ہوئے کہ چیمبر جج نے یہ پسند نہیں کیا کہ مقدمہ حکام جلسہ متفقہ کے روبرو پیش ہو اس کا یہ منشاء ہرگز نہیں ہے کہ مجسٹریٹ ضلع یا سشن جج کے کسی حکم کو چیمبر جج نے منسوخ کر دیا۔

بہرحال چیمبر جج مجاز ہیں کہ تحریک یا درخواست نگرانی کو نامنظور کریں اسلئے جو عذر نسبت اختیار چیمبر جج کیا گیا ہے نامنظور کیا جاتا ہے۔

دائر نمبر بنام سرکار عالی

نگرانی فوجداری

جلسۂ متفقہ

باجلاس عالی جناب مولوی سید محمد غلام جابر صاحب منصرم میر مجلس و عالیجناب مولوی محمد غلام اکبر خاں صاحب رکن

سنہ ۱۳۲۷ ف (۱/۴۸) نمبر مقدمہ منفصلہ ۵ شہریور ۱۳۲۷ ف

نارائن وغیرہ — نگرانی خواہان

بنام

میر اسد علیخاں — طرفثانی

انتقال مقدمہ۔ ابتداءً مقدمہ کا باجلاس منصف پیش ہونا جنکو اختیارات فوجداری نظامت درجۂ اول حاصل تھے۔ مجسٹریٹ حصۂ ضلع کا ایسے وقت میں مثل کا اپنے

درخواست انتقال مقدمہ از اجلاس مولوی میر احمد علی خاں صاحب ناظم عدالت فوجداری ضلع بیڑ بمحکمہ منصفی ضلع مذکور۔

نانا بین وغیرہ
بنام
میر اسد علیخان

صاحب ڈویژن مجسٹریٹ نے موقع پر پہنچکر شہادت قلمبند کر لی ہے اور آنکہ زیادہ موقعہ صحیح حالت کے معلوم کرنے کا ہے ممکن ہے کہ یہ عذر و حجت صحیح ہو لیکن ہم اس حجت کی بنیاد پر ایک ایسے عمل کو جو قانوناً صحیح نہیں ہے جائز نہیں قرار دے سکتے ہیں اگر فی الواقع طرف ثانی کو منصف کے اجلاس پر مقدمہ چلانے میں کوئی عذر اس قسم کا ہے جو خواہش انتقال مقدمہ کی تائید کر سکتا ہو تو اُن کو باضابطہ کارروائی انتقال مقدمہ کی کرنا چاہیئے ہم بحالت موجودہ یہ قرین معدلت سمجھتے ہیں کہ اُس کارروائی کو جو صاحب ڈویژن مجسٹریٹ نے اس مقدمہ میں کی منسوخ و کالعدم قرار دیں اور ہدایت کریں کہ متعلقہ منصف صاحب تعلقہ کے اجلاس پر بغرض تکمیل کارروائی سپرد کیا جائے لہذا حسبہٗ حکم دیا جاتا ہے بعینہٖ یہی کارروائی ایک دوسرے مقدمہ نمبری (۴۰۸) بابتہ ۱۳۲۲ف پانڈو رنگ بنام کشن وغیرہ میں کی گئی ہے اُس میں بھی یہی حکم دیا جاتا ہے اس تجویز کی ایک نقل بطور فیصلہ اُس مثل میں بھی شریک کیا جائے۔

مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس۔ اس مثل کا اجلاس منصف صاحب پر ایک درخواست کی بنا پر آغاز ہوا مگر اُسکے بعد کچھ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ وہ اُس اجلاس سے ڈویژن مجسٹریٹ صاحب کے اجلاس پر کیوں آگئی مثل بہت ناقص ہے اور اُس سے اس امر کا کہ جو مقدمہ کے نظر سے بہت اہم ہے معلوم نہ ہو سکتا نہایت حیرت ناک ہے علی الظاہر جب منصف ایک مجسٹریٹ مجاز ہیں اور اُن کے اجلاس پر مقدمہ کا آغاز ہوا ہے تو جب تک اُس کا اُن کے اجلاس سے انتقال باقاعدہ نہ ہو وہیں اُسکی سماعت ہونی چاہیئے پس میں اپنے شریک فاضل سے متفق ہوں کہ جو کچھ کارروائی ڈویژن مجسٹریٹ صاحب نے کی ہے وہ کالعدم قرار دیجائے۔ اور مقدمہ منصف اجلاس پر بغرض تکمیل کارروائی واپس بھیجا جائے ایک نقل اسکی مثل نمبر ۴۰۸ بابتہ ۱۳۲۲ف میں بطور فیصلہ شریک کی جائے فقط

مرافعہ فوجداری

نارائن وغیرہ
بنام
میر اسد علیخاں

ابتداءً منصف تعلقہ کے اجلاس پر بحیثیت مجسٹریٹ درجہ اوّل پیش کیا گیا تھا۔ جنہوں نے استغاثہ لیکر کارروائی آغاز کردی تھی لیکن بعد میں ڈویژن مجسٹریٹ نے مثل مقدمہ کو اپنے اجلاس پر لیکر مقدمہ میں کارروائی شروع کردی مثل سے اس امر کی تائید ہوتی ہے اس امر کے متعلق مجسٹریٹ ماتحت نے جو بذریعہ مراسلت نشان (۴۵۲) بتاریخ ۱۲ اسفندیار ۱۳۲۳ف اس عدالت میں بھیجا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ مجسٹریٹ موصوف نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ چونکہ منصف کو اختیارات بحیثیت اون کے مددگار کے اس طریقہ پر عطا کئے گئے ہیں جیسے ناظم دیوانی ضلع کو بحیثیت جائنٹ مجسٹریٹ ضلع عطا ہوئے ہیں اس لئے موصی الیہ نے یہ خیال کرکے کہ منصف صرف اون کی غیر حاضری کے زمانہ میں مقدمات کی سماعت کرسکتے ہیں مقدمہ کو دورہ سے واپس آکر اپنے اجلاس پر منتقل کرلیا۔ ہماری رائے میں مجسٹریٹ کو منشاء قانون کے سمجھنے میں تسامح ہوا ہے تمام منصفین کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات بحیثیت عہدہ دئے گئے ہیں جس کے معنے یہ ہیں کہ وہ بغیر تعلق کسی دوسرے مجسٹریٹ کے خود اپنے اجلاس پر استغاثے یا چالانات لیکر کام کرسکتے ہیں یہ مقدمہ ابتداءً منصف صاحب کے اجلاس پر بحیثیت اُن کے مجسٹریٹ درجہ اول ہونے کے پیش ہوا تھا یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ اُنھوں نے ڈویژن مجسٹریٹ کے مستقر سے غیر حاضر ہونے کی وجہ سے ایسا عمل کیا ہے اور جب منصف کو بحیثیت مجسٹریٹ درجہ اوّل مقدمات کے لئے اور سماعت کا اختیار بذریعہ اعلان محکمہ سرکار مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۳ امرداد ۱۳۲۰ف صفحہ (۱۵۶) آئین دکن جلد ۲۵ حصہ دوم صفحہ ۱۵ حاصل ہے تو یہ سمجھنا کہ وہ اختیار تابع مرضی ڈویژن مجسٹریٹ عطا کیا گیا ہے کسی طریقہ پر جائز تصور نہیں کیا جاسکتا وکیل طرفثانی ہمکو مطمئن نہیں کرسکتے ہیں کہ ڈویژن مجسٹریٹ کا یہ طرز عمل جو اُنہوں نے اختیار کیا ہے کیونکر مطابق قانون ہے وہ تسلیم کرتے ہیں کہ ان حالات میں یہ طریقہ کارروائی صحیح نہیں ہے لیکن اُن کی استدعا ہے کہ اس حالت میں کہ مقدمہ ایک مجسٹریٹ مجاز کے اجلاس پر آگیا ہے وہیں رہنے دیا جائے اور اس پر وہ اس لئے اصرار کرتے ہیں کہ

سرکار عالی
بنام
پائیگاہ

جو اجازت سرکار سے مطلوب ہے اُسمیں اجازت صدر المہام صاحب پائیگاہ
داخل نہیں ہے پس بلا منظوری سرکار اور منظوری صدر المہام صاحب پائیگاہ حکم
تجویز برات کا مرافعہ قانوناً ناجائز اور قابل سماعت نہیں ہے۔
لفظ وکیل سرکار میں جسکی تعریف دفعہ ۳ ضمن ب ضابطہ فوجداری میں کیگئی
ہے اور جسکا تقرر حسب دفعہ ۴۶۳ مجموعہ مذکور منجانب سرکار عمل میں آتا ہے۔
ایسا وکیل ملازم پائیگاہ داخل نہیں ہے جو سرکار کیجانب سے مقرر نہ کیا گیا ہو۔

منجانب مرافع مولوی برہان الدین صاحب وکیل پائیگاہ۔

مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس - مولوی برہان الدین صاحب
وکیل جو علاقہ پائیگاہ نواب وقار الامرا مرحوم میں بطور وکیل پائیگاہ ملازم ہیں وہ کہتے ہیں کہ
اُنہوں نے تجویز برات کی ناراضی سے اپیل کی اجازت صدر المہام بہادر پائیگاہ سے
چاہی اور جناب ممدوح کی اجازت حاصل کرکے تجویز برات کی ناراضی سے یہ اپیل مجلس
عالیہ عدالت میں پیش کیا۔ جس کے متعلق جناب نواب سعد جنگ بہادر نے بحیثیت
چیمبر جج مجلس عالیہ عدالت اس امر کے تصفیہ کیلئے کہ اجازت معطیہ جناب صدر المہام
بہادر کافی ہے یا نہیں مثل اجلاس متفقہ میں بھیجی ہے اور خود جناب نواب صاحب
کی یہ رائے ہے کہ اجازت مذکور کافی نہیں ہے ہم نے مولوی برہان الدین صاحب کی
بحث سنی وہ کوئی قانون یا نظیر ایسی ہم کو نہیں بتلاتے کہ جس سے یہ معلوم ہو کہ
مولوی برہان الدین صاحب پر اطلاق وکیل سرکار کا حسب دفعہ (۴۶۳) ضابطہ فوجداری
سرکار عالی ہو سکتا ہے یا اجازت معطیہ جناب صدر المہام بہادر اجازت سرکار
حسب دفعہ ۴۲۳ ضابطہ مذکور سمجھی جا سکے۔
سرکار کی تعریف جو کچھ قانون تعبیر و اطلاق قوانین میں کی گئی ہے اُسکے لحاظ سے
سرکار سے مقصود نواب مدار المہام سرکار عالی ہیں مولوی برہان الدین صاحب بہت
کچھ اظہار اپنی ذاتی رائے کا کرتے ہیں جو مناسبت کے لحاظ سے بھی قابل غور ہے اور ہمکو
اُسکی صحت میں اصولاً بہت تامل ہے وکیل موصوف ہمکو وہ اختیارات بھی نہیں بتلاتے کہ

جلسۂ منعقدہ

[illegible]

باجلاس عالیجناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس و عالیجناب مولوی محمد غلام اکبر خاں صاحب رکن

سرکار عالی ذریعہ پولس پائیگاہ سرقار الامراء مرحوم — مرافع

بنام

پیرکا — مرافعہ علیہ

اپیل - اپیل بناراضی تجویز برات - اجازت سرکار - لفظ سرکار کا مفہوم - قانون تعبیر واطلاق قوانین - آیا صدر المہام پائیگاہ تعریف لفظ سرکار میں داخل ہیں - وکیل جو علاقہ پائیگاہ میں ملازم ہے - آیا مفہوم لفظ وکیل سرکار میں وکیل ملازم علاقہ پائیگاہ داخل ہے -

دفعات ۳ ضمن ب و ۲۶۴ و ۴۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی -

تجویز برات کی ناراضی سے جو ایک مجسٹریٹ حصہ ضلع علاقہ پائیگاہ نے صادر کیا تھا عدالت العالیہ میں منجانب پائیگاہ بحصول منظوری صدر المہام صاحب بہادر پائیگاہ مذکور منجانب ایسے وکیل کے رجوع کیا گیا جو ملازم پائیگاہ تھا اسمیں حکام عالیمقام نے اس امر پر توجہ مبذول فرمائی کہ آیا صدر المہام بہادر علاقہ پائیگاہ لفظ سرکار کی تعریف میں داخل ہیں اور آیا وکیل مذکور پر لفظ پیرو کار سرکار کا اطلاق ہو سکتا ہے یا نہیں بعد سماعت بحث بالاتفاق تجویز ہوئی کہ لفظ سرکار کی جو تعریف قانون تعبیر واطلاق قوانین میں ہے اُسکے لحاظ سے سرکار سے مراد نواب مدارالمہام سرکار عالی ہیں اور اُسکے مفہوم میں صدر المہام صاحب پائیگاہ داخل نہیں ہے -

دفعہ ۴۲۳ ضابطہ فوجداری سرکار عالی میں مرافعہ بناراضی تجویز برات کیلئے

مرافعہ بناراضی فیصلہ مولوی سید خدا بخش صاحب ناظم حصہ ضلع مستقر کنڈلواڑی علاقہ پائیگاہ مورخہ ۲۹ آذر ۱۳۲۷ف مشمولہ مثل نشان (۱۰) بابتہ ۱۳۲۶ف مشعر اسکے مقدمہ عدم ثبوت میں خارج ملزم بری ہو -

[illegible]

سرکار عالی
پائیگاہ

کیا ہے اُن کا تقرر دفعہ ۳۰ ضابطہ فوجداری کے لحاظ سے عمل میں آیا تھا یا نہیں سکتی
یہ فرض کر سکتے کہ وکیل داخل کنندہ اپیل صحیح معنوں میں وکیل سرکار نہیں یہ امر تصفیہ طلب
باقی رہتا ہے کہ اپیل کرنے کی منظوری سرکار سے حاصل کی گئی ہے یا نہیں "سرکار" کی
تعریف قانون تعبیر و اطلاق قوانین سرکار عالی میں کی گئی ہے اور وکیل پائیگاہ تسلیم کرتے
ہیں کہ سرکار سے مراد مدار المہام سرکار عالی ہیں اور اس مقدمہ میں کوئی اجازت
مدار المہام سرکار عالی سے حاصل نہیں کی گئی ہے صرف سر ہوینا ایجرٹن بالقابہ صدر المہام
پائیگاہ نے وکیل پائیگاہ کی درخواست پر ارجاع اپیل کی اجازت دی ہے ہم اس
اجازت کو اجازت مصرحہ دفعہ ۴۲۲ تصور نہیں کر سکتے۔ صدر المہام پائیگاہ کسی طرح
"سرکار" کی تعریف میں داخل نہیں ہیں اس لئے جو اجازت انہوں نے عطا فرمائی ہے
وہ محض غیر موثر ہے ہم سمجھتے ہیں کہ یہ غلطی اُن مشیروں کی ہے جنہوں نے سر ہوینا ایجرٹن
کو قانون کے اس صاف حکم سے مطلع نہیں کیا ورنہ ہم کو یقین ہے کہ اس مقدمہ میں
منظوری ارجاع اپیل کے لئے وہ کارروائی کیجاتی جو دفعہ ۴۲۲ میں مقصود ہے
اس کے لئے صحیح طریقہ ہمارے خیال میں یہ تھا کہ علاقہ پائیگاہ سے اپیل کی کارروائی بذریعہ
محکمہ معتمدی سرکار عالی اسی طریقہ پر کیجاتی جو علاقہ خالصہ کے لئے معین و مرعی ہے بہرحال
موجودہ حالت میں ہم یہ تجویز کرتے ہیں کہ کوئی اپیل جائز طریقہ پر بمتابعت دفعہ
۴۲۲ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ہمارے روبرو نہیں آیا ہے اس لئے وہ اپیل جو
منجانب وکیل پائیگاہ اسوقت ہمارے اجلاس پر بغرض فیصلہ پیش کیا گیا ہے منظور
نہیں کیا جا سکتا اور وہ بوجہ نقص قانونی کے جس کی اوپر صراحت کی گئی ہے نامنظور
کیا جاتا ہے۔ فقط

نگرانی فوجداری

جلسہ متفقہ

باجلاس عالیجناب مولوی سید محمد غلام جبار صاحب منصرم میر مجلس و
عالیجناب مولوی محمد غلام اکبر خاں صاحب رکن

سرکار عالی
بنام
پائیگاہ

جن کے لحاظ سے جناب صدر المہام بہادر پائیگاہ داخل تعریف سرکار ہو جاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جناب صدر المہام موصوف قائم مقام سرکار ہیں گو قائم مقام سرکار نہیں اگر وہ فرض کر لیے جائیں تو بھی یہ قائم مقامی اغراض و تعمیل احکام دفعہ ۳۴۲ میں کوئی کیا بکار آمد ہو سکتی ہے وہ کچھ نہیں کہہ سکتے اور اسطرح وہ گویا تسلیم کرتے ہیں کہ نہ جناب صدر المہام بہادر پائیگاہ سرکار ہیں اور نہ ان کی اجازت احکام دفعہ ۳۴۲ مذکورہ کے نظر سے کافی ہے مسئلہ صاف بے قانون اور اسکے واضعان نے ایسے اپیل کے لئے اجازت کی ضرورت کو اسکے اہمیت کی نظر سے سرکار کی اجازت مخصوص کر دیا ہے پس ضرور ہے کہ سرکار ہی کی اجازت ہو۔ یہاں دو امور غور طلب ہیں۔ ایک یہ کہ جس وکیل نے یہ اپیل پیش کیا ہے وہ وکیل سرکار ہیں یا نہیں دوسرے جس افسر نے اجازت اس اپیل کی دی وہ سرکار ہیں یا نہیں وکیل کے مسئلہ کے متعلق بہتر تھا کہ ایسے اپیل کرنے کے ارادہ سے پہلے وکیل سرکار بننے کی کوشش کیجاتی اور وہ حیثیت حاصل کی جاتی اور اجازت سرکار سے توسط جناب صدر المہام پائیگاہ حاصل کیجاتی اسمیں کچھ دشوار امر نہ تھا کہ اس مسئلہ کی اطلاع جناب صدر المہام موصوف کو دیکر ان سے درخواست کی جاتی کہ وہ سرکار سے اجازت مطلوبہ حاصل کریں۔ اور اسوقت جن دقتوں کا سامنا ہے وہ پیش نہ آتیں۔ بہرحال اس اپیل کے لئے جن امور کی ضرورت ہے وہ مفقود ہیں نہ یہ وکیل سرکار ہیں اور نہ اجازت دہندہ سرکار پس یہ اپیل قابل نامنظوری ہے اور ہم اسکو نامنظور کرتے ہیں۔

مولوی محمد غلام اکبر خان صاحب رکن۔ وکیل پائیگاہ کی بحث سماعت کی گئی دفعہ ۴۴۲ ضابطہ فوجداری سرکار عالی بالکل صاف ہے اس میں کسی توجیہ و تعبیر کی گنجائش نہیں ہے۔

دفعہ مذکور میں حکم یہ ہے کہ جب تجویز برات کی ناراضی سے اپیل کیا جائے تو وکیل سرکار بہدایت یا بمنظوری سرکار اپیل دائر کر سکیگا۔ وکیل سرکار کی تعریف دفعہ ۳ ضمن ب ضابطہ فوجداری میں موجود ہے ہم واقف نہیں کئے گئے ہیں کہ آیا جس وکیل نے یہ اپیل دائر

مرزا افضل علی بیگ بنام اسد اللہ بیگ

تحریک نظرثانی۔

تجویز ہوئی کہ بلا اطلاع فریقین بمقام دورہ بغیر حاضری مستغیث تجویز برأت کا صادر کرنا غیر صحیح تھا۔

بصورت دورہ یہ کافی نہیں ہے کہ منظر عام پر کوئی اعلان چسپاں کیا جائے بلکہ بالطور خاص فریقین کو کافی وقت کے اندر مقام دورہ کی اطلاع دینی چاہئے۔

مقدمہ قابل راضی نامہ میں مجسٹریٹ بموجب احکام دفعہ ۲۱۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی اس کا مجاز نہیں ہے کہ بعلت غیر حاضری مستغیث حکم برأت صادر کرے۔

نیز یہ بھی تجویز ہوئی کہ عدالت سشن کو ایسے تجویز کی اراضی سے متعلق تجویز نگرانی کا بموجب دفعات ۳۶۱ و ۳۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری اختیار حاصل تھا ایسی صورت میں بلحاظ دفعہ ۳۶۳ مجموعہ مذکور مثل کا عدالت العالیہ میں روانہ کرنا غیر ضروری تھا۔

نگرانخواہ اصالتاً حاضر۔

منجانب طرفثانی مولوی حافظ عبدالعلی صاحب وکیل۔

مولوی سید محمد غلام جبار صاحب ناظم میر مجلس۔ عدالت ابتدائی نے اس مقدمہ میں یہ غلطیاں کی ہیں کہ ۱۰ اسفندار ۱۳۳۲ف تاریخ پیشی اس غرض سے مقرر تھی کہ اس تاریخ مشہود استغاثہ پر ملزم جرح مکرر کرے گا لیکن قبل اس کے کہ یہ تاریخ آئے عدالت ابتدائی ماہ مذکور کو دورہ پر چلی گئی۔ وہاں مقدمہ پیش ہوا۔ مستغیث غیر حاضر ہوگیا۔ عدالت ابتدائی نے مقدمہ میں تجویز برأت ملزم کردی۔ حالانکہ مستغیث کو کوئی اطلاع اسکی نہیں دی گئی تھی کہ تاریخ پیشی مقررہ کو عدالت دورہ پر اور کہاں دورہ پر ہوگی۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے متعلق ایک اعلان منظر عام پر چسپاں کردیا گیا تھا لیکن ہم نہیں سمجھتے کہ یہ کیونکر اس لئے کافی تھا کہ مستغیث اس سے مطلع ہوجاتا اور مقام دورہ پر حاضر ہوجاتا اور کس قاعدہ سے کسی فریق پر لازم ہے کہ وہ روزمرہ

نمبر مقدمہ ۵۱۰ / ۲۰ف
منفصلہ ۲۴ شہریور

مرزا عنایت علی بیگ — مستغیث — **نگرانخواہ**

بنام

اسد اللہ بیگ — ملزم — **طرف ثانی**

نگرانی تجویز برات کی ناراضی سے نگرانی - عدالت تحقیقات کنندہ کا قبل از تاریخ سماعت مقدمہ دورہ پر چلے جانا - عدالت تحقیقات کنندہ کا مستغیث کو اطلاع مقام دورہ کا نہ دینا - غیر حاضری مستغیث بمقام دورہ تاریخ سماعت مقدمہ اخراج استغاثہ و تجویز برات بمقام دورہ - اعلان عام منظر عام پر چسپاں کیا جانا - ناکافی ہونا اعلان عام کا دربارہ مقام دورہ عدالت تحقیقات کنندہ - الزام قابل اجرائی وارنٹ - دفعہ ۲۱۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی - عدم جواز تجویز برات بجرائم قابل اجرائی وارنٹ بعلت غیر حاضری مستغیث - اختیار عدالت سشن دربارہ سماعت نگرانی بموجب دفعات ۱۳۶ و ۲۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی - عدالت سشن کا بلا تجویز باختیار خود عدالت العالیہ میں بموجب دفعہ ۲۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی بصیغہ نگرانی مثل کا روانہ کرنا - عدم ضرورت ترسیل مثل -

ایک مجسٹریٹ نے جس کے اجلاس پر بعض جرائم کا استغاثہ کیا گیا تھا بعد تحقیقات کے زیر دفعات ۱۳۶ اور ۲۲۳ نسبت جرائم توہین و ضرر رسانی جرم سنائی اور تحقیقات کے لیے ایک تاریخ مقرر کی اور قبل تاریخ معینہ دورہ پر چلا گیا اور ایسی صورت میں کہ مقام مذکور کی اطلاع مستغیث کو نہیں دی گئی تھی تاریخ مذکور پر بمقام دورہ بعلت غیر حاضری مستغیث مقدمہ خارج اور ملزم کو بری کر دیا صاحب سشن جج نے بغرض تنسیخ تجویزات عدالت العالیہ کیا

نگرانی بربنار تحریک مولوی مسعود علی صاحب بی - اے ناظم عدالت سشن صوبہ گلشن آباد و بیدر کہ نسبت تجویز مولوی سید جعفر حسین صاحب دوم تعلقدار ضلع اطراف بلدہ صرفخاص مبارک مورخہ ۱۰ اسفندار ۱۳۲۴ف صادر شدہ کہ بعدم ثبوت جرم ملزم اسد اللہ بیگ بری کیا جاوے -

مرزا عنایت بیگ۔ بنام اسداللہ بیگ۔

کہ نگرانیاں یا اپیلیں ہوتی ہیں کسی عدالت کے لئے یہ کوئی وجہ شکایت اور اس عمل کی نہیں ہو سکتی ہے۔ عدالت سشن نے اپنے اس عمل کو حسب دفعہ ۴۳۲ ضابطہ فوجداری سرکار عالی لکھا ہے لیکن دفعہ مذکور کا ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ جن نگرانیوں کے متعلق حسب دفعہ ۴۳۱ و ۴۳۲ ضابطہ مذکور وہ خود مجاز ہو اُن کو بھی وہ حسب دفعہ ۴۳۲ ضابطہ فوجداری صدور حکم کے لئے مجلس عالیہ عدالت میں بھیجے۔ البتہ اگر اُسکو کسی مسئلہ قانونی میں کچھ شبہ تھا تو وہ اُسکے لئے صحیح طور سے استصواب کر سکتی تھی نہ یہ عمل۔

ممکن تھا کہ ہم اس بنا پر اس تحریک نگرانی کو واپس کر دیتے جب کہ ایسے مواقع پر اور ہائیکورٹوں نے کیا ہے (ملاحظہ ہو انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۸ صفحہ ۱۰۲) لیکن ہم اسکو اس لئے گوارا نہیں کرتے کہ عدالت سشن کی تجویز مورخہ ۴ ہر خورداد ۱۳۲۲ ف سے اگر بجائے اس کے کہ عدالت سشن نے مقدمہ کو یہاں بھیجا اُس تاریخ اُس کا خود عدالت موصوفہ فیصلہ کر دیتی تو ۴ ہر خورداد ۱۳۲۲ ف سے اسوقت تک کا زمانہ بیکار و ضایع بجاتا عدالت سشن کے عمل سے وقت ہی ضایع نہیں ہوا۔ اور ہائیکورٹ کو ایک غیر ضروری کام کرنا پڑا جو دوسرے ضروری امور میں بکار آمد ہو سکتا تھا۔ بلکہ فریقین مقدمہ کو مزید زحمت ہوئی اور فریق ثانی کو یہاں بھی وکیل کرنے سے مزید زیرباری مصارف کی ہوتی ہے جس کا لحاظ ہر اُس عدالت کو جو بطور صحیح عمل کرتی ہے یا کرنا چاہئے بھی فرض ہے۔ تمام عدالتیں اور اُنکے نظما رعایائے سرکار عالی کی خدمت اور اُن کی آسایش کے لئے معین ہیں پس یہ کیونکر جائز ہو سکتا ہے کہ وہ اُس سے قطع نظر کریں اور اُن کا عمل اہل مقدمات کے لئے زیادہ زحمت کا موجب اور غیر ضروری زیرباری مصارف کا سبب ہو پس اگر ہم اب اس نگرانی کی تجویز سے انکار کریں اور اُسکے تجویز کا خود عدالت سشن کو حکم دیں تو اُس سے فریقین مقدمہ کی زحمت اور ممکن ہے کہ زیرباری مصارف بڑھ جائے اور وقت بھی ضایع ہو۔

پس بمنظوری نگرانی حکم دیتے ہیں کہ مقدمہ عدالت ابتدائی میں بغرض تکمیل واپس ہو اور تجویز زیر نگرانی منسوخ ہو۔

مرزا عنایت اللہ بیگ
بنام
اسد اللہ بیگ

عدالتوں میں جایا کرے اور ایسے اطلاعوں کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کے پتہ لیا کرے تعالیک کا قاعدہ صاف ہے کہ جب عدالت تاریخ یا مقام پیشی بدل دے تو اس کی اطلاع فریقین مقدمہ کو دے یہ امر کہ ملزم تاریخ مقام دورہ پر حاضر ہو گیا تھا ممکن ہے کہ ملزم کو اسکی کسی طرح اطلاع ہو گئی ہو گی لیکن یہ اسکا مستلزم نہیں ہے کہ مستغیث بھی مطلع ہو گیا تھا یا ملزم کی اطلاعیابی سے یہ لازم آتا ہے کہ مستغیث بھی مطلع متصور ہو۔

۲۔ دوسری غلطی یہ ہے الزام جرایم قابل اجرائی وارنٹ (ملکنامہ) کا تھا۔ مستغیث کی غیر حاضری کی بناء پر حسب دفعہ ۲۱۹ ضابطہ فوجداری سرکار عالی عدالت ابتدائی نے ملزم کو برات دیدی۔ حالانکہ دفعہ مذکور مقدمات قابل اجرائی سمنس (طلبنامہ) سے متعلق ہے۔

۳۔ ملزم کو بعدم ثبوت جرم برات دی۔

یہ تو عدالت ابتدائی کی غلطیاں تھیں جن کی بناء پر مستغیث نے عدالت سشن میں نگرانی کی۔ عدالت سشن اس نگرانی کی سماعت اور تجویز کی مجاز تھی۔ لیکن اس نے محض اس خیال اور اس اظہار کی وجہ سے کہ اس کی تجویز کی نگرانی مجلس عالیہ عدالت میں سماعت ہوتی ہے اس لئے وہ خود کوئی تجویز نہیں کرتی بلکہ نگرانی کو مجلس عالیہ عدالت میں بھیجدی ہے اگر عدالت سشن کی ہر تجویز کی نگرانی مجلس عالیہ عدالت میں ہوتی ہے تو قیاس یہ ہی ہے کہ وہ اس قابل ہوئی بھی ہو نگی۔ اور اس لئے وہ کوئی وجہ صحیح اور کافی اس کے لئے نہیں ہے کہ جن امور کی خود عدالت سشن مجاز ہے انکو وہ خود نہ کرے بلکہ اوسے مجلس عالیہ عدالت میں بھیجدے اور اس طرح قانون کی اس غرض کو جو نگرانی کا اختیار عدالت سشن کو دینے سے ہے ضایع و برباد کرے اور بلا ضرورت مجلس عالیہ عدالت کو ایسے نگرانیوں کی سماعت کی زحمت دے کر اس کے کام کو بڑھاتے عدالت سشن نے جسطرح اور جن الفاظ میں اس وجہ کا اظہار فرمایا ہے وہ بھی ایک عدالت صوبہ کے لئے کیا کسی عدالت کے لئے بھی مناسب نہیں ہے کہ ان کو لکھے یا ان پر عمل کرے۔ محض اس سے اس عدالت

فوجداری بنام اسد اللہ بیگ

[illegible] مجسٹریٹ [illegible] قابل غور طلب یہ ہے کہ مقدمہ کو دوبارہ ابتدائی عدالت میں بھیجا
گیا [illegible] اطلاع [illegible] حاضر ہونے کے لئے نہیں دی گئی تھی ایک دوسرے
[illegible] سپاہی وغیرہ بنام [illegible] میں اسی مسئلہ کا تصفیہ کیا ہے
[illegible] عدالت فوجداری کو اغراض مالی کے لئے یا
[illegible] ضرورت [illegible] پیش آئے تو اُن کو ہر ایک مقدمہ
میں کافی مہلت دے [illegible] ہم یقین کرتے ہیں کہ اس امر کی اطلاع دینا چاہئے کہ اُن کا مقدمہ کس
[illegible] پیش ہوگا اور جبکہ ایسی اطلاع ہر ایک مقدمہ میں نہ بھیجی جائے بلکہ صرف ایک اعلان
جو عدالت میں چسپاں کیا جائے یہ قیاس کرنا دشوار ہے کہ ہر ایک اہل مقدمہ کو یقینی
طور پر اطلاع پہونچ گئی ہوگی۔

دوسری غلطی تجویز مجسٹریٹ ماتحت میں یہ ہے کہ اُنہوں نے مقدمہ کو حسب دفعہ
۲۱۹ ضابطہ فوجداری عدم پیروی مستغیث میں خارج فرماکر ملزم کو بری فرمایا ہے۔ دفعہ
۲۱۹ ضابطہ فوجداری مقدمات قابل اجراء طلب نامہ سے متعلق ہے اور یہ مقدمہ حسب
جرایم ضرر دفعہ ۲۶۳ مداخلت بیجا دفعہ ۲۷۷ و توہین دفعہ ۱۳۶ و تخویف مجرمانہ دفعہ ۴۴۳ و
سرقہ بالجبر دفعہ ۲۲۸ کی بابت استغاثہ کیا گیا تھا ایسا مقدمہ نہیں تھا جو حسب دفعہ ۲۱۹
خارج کیا جا سکتا ہے اسلئے کہ یہ تمام جرایم قابل اجراء حکمنامہ ہیں اور دفعہ ۲۱۸ و ۲۱۹
کے لحاظ سے مقدمہ قابل اجراء طلب نامہ یا قابل اجراء حکمنامہ کے معنے یہ ہیں کہ جو مقدمہ
ابتداءً دائر کیا جائے جس کے ارجاع کے وقت اجراء طلب نامہ یا اجراء حکمنامہ کے عمل
ہوتا ہے۔ وہ جو بالآخر ثابت قرار پائے لیکن اس مقدمہ کے اغراض کیلئے ہم یہ فرض کرتے
ہیں کہ مقدمہ سے مراد وہ مقدمہ ہے جو مجسٹریٹ کے دانست میں ثابت قرار پائے اور جسکی
بابتہ مجسٹریٹ فرد جرم مرتب کرے یہ فرض کرکے بھی جو کچھ کیا گیا ہے وہ منشاء قانون سے
سراسر متجاوز ہے اس مقدمہ میں مجسٹریٹ ماتحت نے ضرر دفعہ ۲۶۳ و توہین دفعہ ۱۳۶ ا
کی فرد جرم مرتب کی تھی اور یہ دونوں مقدمات قابل اجراء حکمنامہ ہیں مقدمات
حکمنامہ و طلبنامہ کی تعریف دفعہ ۴ ضمن ۲ ضابطہ فوجداری میں کی گئی ہے اور چونکہ مقدمہ

مرزا عنایت اللہ بیگ
بنام
مرزا اسد اللہ بیگ

مولوی محمد غلام اکبر خاں صاحب رکن۔ نگرانی خواہ اصالتاً حاضر طرف ثانی نہ وکالتاً و اصالتاً
تحریک عدالت سشن [illegible] کی گئی تحریک قابل منظوری ہے لیکن اس قسم کی تحریکات
مجلس عالیہ عدالت میں بھیجنا ضروری نہیں ہے۔ دفعہ ۴۳۶ ضابطہ فوجداری نے عدالت
سشن کو مجاز کیا ہے کہ وہ ایسے مقدمات میں جن میں ملزمین بیجا طور پر رہا ہوئے ہوں
حکم تحقیقات مزید صادر کرے۔

صاحب سشن جج نے بصیغہ نگرانی بھیجنے کے دو وجوہ تحریر فرمائے ہیں ایک یہ کہ
یہ تصفیہ طلب ہے کہ حکم صادرہ مجسٹریٹ ماتحت آیا فی الحقیقت حکم رہائی ہے یا حکم
برات اس کی تجویز میں غالباً صاحب سشن جج متردد و مذبذب تھے اسلئے انہوں نے
بصیغہ نگرانی مجلس عالیہ عدالت میں یہ مثل بھیجی دوسرے یہ کہ اُن کو یہ شکایت ہے کہ
باوجود عدالت سشن کے تصفیہ کردینے کے پھر بھی مجلس عالیۂ عدالت بصیغہ نگرانی اُن
مقدمات کو لیکر سماعت کرلیتی ہے اس لیئے وہ مناسب خیال کرتے ہیں کہ بلا استعمال اپنے
اختیارات حاصلہ کے اس مقدمہ کو مجلس عالیۂ عدالت میں بصیغہ نگرانی بھیجدیں ہماری
رائے میں دونوں وجوہ اس مسئلہ کے لئے ناکافی ہیں اور نہ صرف ناکافی بلکہ غیر قانونی
بھی ہیں۔ صاحب سشن جج کو اپنے اختیارات حاصلہ بلا لحاظ اس امر کے استعمال کرنا
چاہیئے کہ فریقین مقدمہ یا فریقین مقدمہ کی خواہش پر مجلس عالیۂ عدالت اُن کی تجویز
کے بعد کیا عمل کرے گی اور مقدمہ کو محض اس لئے مجلس عالیۂ عدالت میں
بھیجدینا کہ ایک قانونی بحث پیدا ہوگی بجز اس کے جائز نہیں ہے کہ جس کی اجازت
دفعہ ۳۵ ضابطہ فوجداری میں دی گئی ہے یعنے صرف بصیغہ استصواب اسطرح امثلہ
بھیجنے کی اجازت ہے بصیغہ نگرانی اس غرض سے کہ مجلس کوئی حکم آخر بھی صادر کرے
امثلہ کسی مسئلہ قانونی کے تصفیہ کے لئے بھیجنا صحیح طریقہ کارروائی نہیں ہے۔

چونکہ مثل ہمارے سامنے آگئی ہے اور صاحب سشن جج نے اپنے اختیارات
حاصلہ کا استعمال نہیں کیا ہے اس لئے ہم اُن نقائص کی اصلاح اور اُن مباحث کا تصفیہ
ضروری سمجھتے ہیں جو اس مقدمہ میں پیدا ہوسکتے ہیں۔

مرزا غیاث علی بیگ
بنام
اسد اللہ بیگ

ضرر پہونچنے دونوں پر چھ ماہ سے زیادہ میعاد کی قید نہ ہونا چاہئے تھی [illegible]
ہر حال میں قابل ادخال ہے اور جب مقدمہ تا [illegible]
بوجہ غیر حاضری مستغیث بحسب دفعہ ۲۱۰ ضابطہ فوجداری [illegible] دفعہ
۲۱۰ میں ایسے اخراج پر ملزمین صرف رہا ہوسکتے ہیں [illegible]

پس نتیجہ یہ ہے کہ حکم صادرہ مجسٹریٹ ماتحت [illegible] قرار دیا [illegible]
برات ملزمین صحیح نہیں ہے اور وہ صرف اسی صورت میں [illegible] ہوسکتا تھا جب کہ
برات کو رہائی متصور کیا جاسکے ہماری رائے میں حکم اخراج [illegible] غلط ہے
اس لئے منظوری نگرانی حکم صادرہ [illegible] استقرار [illegible] صادرہ [illegible] مجسٹریٹ
بلدہ نسبت برات ملزمین منسوخ ہو مقدمہ میں بعد تکمیل کارروائی ضروری حسب مطابق قانون
تجویز آخر صادر کیا جاوے ان ہدایات کے ساتھ مقدمہ عدالت ضلع اطراف بلدہ [illegible]
واپس بھیجا جاوے کہ وہ خود یا کسی مجسٹریٹ مجاز کے ذریعہ ان ہدایات کی تعمیل اور مقدمہ
کی تکمیل کریں فقط

جلد ہشتم تمام شد